★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | پیر 7 محرم الحرام 1445ھ 15 جولائی 2024ء یکم ساون 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 277

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

آٹے کی قلت ہوگی نہ روٹی مہنگی وزیراعلیٰ پنجاب نے فلور ملز کی ہڑتال ختم کرادی

وزیر اعلیٰ کا فلور ملز ایسوسی ایشن کی ہڑتال ختم کرنے کے اعلان کا خیرمقدم، چیئرمین اور دیگر قائدین سے اظہار تشکر

آٹا اور روٹی مہنگی ہونے کا نقصان صرف غریب عوام کو ہوگا، جائز مسائل کے حل کیلئے ہڑتال کرنے کی ضرورت نہیں، مریم نواز شریف

لاہور (این این آئی) آٹے کی قلت ہوگی نہ روٹی مہنگی ہوگی، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے فلور ملز کی ہڑتال ختم کرادی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے فلور ملز ایسوسی ایشن کی ہڑتال ختم کرنے کے اعلان کا خیر مقدم کیا اور کہا کہ فلور ملز ایسوسی ایشن ود ہولڈنگ ٹیکس کے نفاذ کے خلاف پنجاب میں ہڑتال نہیں کرے گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ہونے والے مذاکرات باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

کراچی، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب ڈپٹی میئر سلمان عبداللہ مراد کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

لامحدود اختیارات سے ایف بی آر کو انفورسنگ ایجنسی بنا دیا گیا' معاشی ماہرین

آنے والے دنوں میں ملک میں شٹر ڈاؤن، پہیہ جام ہڑتالوں کا موسم نظر آ رہا ہے

لاہور (این این آئی) فنانس ایکٹ 2024 میں ڈسٹری بیوٹرز اور ریٹیلرز کے لئے کاروبار کرنا بہت مشکل بنا دیا گیا ہے، سیکشن 236 جی کے تحت ڈسٹری بیوٹرز پر دو فیصد اور ریٹیلرز پر سیکشن 236 ایچ کے تحت ڈھائی فیصد ٹیکس بہت زیادہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

عالمی رہنماؤں کی ڈونلڈ ٹرمپ پر فائرنگ کی مذمت

ٹرمپ پر حملے کی خبر سے صدمہ ہوا جس کی جتنی مذمت کی جائے کم ہے، بیانات

ماسکو، لندن، ٹوکیو (این این آئی) امریکا کے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر فائرنگ کے واقعے کی عالمی رہنماؤں نے مذمت کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جاپانی وزیر اعظم فومیو کیشیدا نے کہا کہ سابق امریکی صدر ٹرمپ کی جلد صحت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

چترال، گاڑی گہری کھائی میں جا گری، چار افراد جاں بحق، دس زخمی

بچ جانے والے مسافروں کے مطابق گاڑی میں 17 افراد سوار تھے جن میں سے 3 افراد خطرہ محسوس کرتے ہوئے خطرناک اترائی سے پہلے اتر چکے تھے

چترال (این این آئی) چترال شہر سے یارخون جانے والی ٹیکسی لینڈ کروزر گاڑی بریپ گاؤں کے قریب کئی فٹ گہری کھائی میں جا گری جس کے نتیجے میں چار افراد جاں بحق اور 10 افراد زخمی ہو گئے۔ بچ جانے والے مسافروں کے مطابق گاڑی میں 17 افراد سوار تھے جن میں سے 3 افراد خطرہ محسوس کرتے ہوئے خطرناک اترائی سے پہلے اتر چکے تھے جنہوں نے گاڑی کی حادثہ کے بارے میں گاؤں والوں اور ریسکیو 1122 کو اطلاع دی۔ حادثہ رات 9 بجے پیش آیا اس وقت جائے حادثہ پر بارش بھی ہو رہی تھی، گاڑی کی حادثہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

توشہ خانہ ریفرنس عمران خان بشریٰ بی بی کا 8 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

نیب ٹیم نے توشہ خانہ ریفرنس میں گزشتہ رات بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی گرفتاری ڈالی تھی۔ یاد رہے کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی پر نیا کیس دس قیمتی تحائف خلاف قانون پاس رکھنے اور بیچنے سے متعلق ہے،

نیب کی انکوائری رپورٹ کے مطابق عمران خان پر ایک نہیں، سات گھڑیاں خلاف قانون لینے اور بیچنے کا الزام ہے، گراف واچ، رولیکس گھڑیاں، ہیرے اور سونے کے سیٹ کیس کا حصہ ہیں

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) توشہ خانہ کے نئے ریفرنس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کا 8 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا گیا۔ راولپنڈی کی احتساب عدالت کے جج محمد علی وڑائچ نے اڈیالہ جیل میں نیب کے نئے توشہ خانہ ریفرنس کی سماعت کی، دوران سماعت ڈپٹی ڈائریکٹر نیب محسن ہارون نے دونوں کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔ عمران خان اور بشریٰ بی بی کے وکلاء چودھری ظہیر عباس اور عثمان گل ایڈووکیٹ نے ریمانڈ کی مخالفت کی۔ عدالت نے نیب حکام کی استدعا پر دونوں کا 8، 8 دن کا جسمانی ریمانڈ منظور کرتے ہوئے 22 جولائی کو دوبارہ پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ واضح رہے کہ نیب ٹیم نے توشہ خانہ ریفرنس میں گزشتہ رات بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی گرفتاری ڈالی تھی۔ یاد رہے کہ بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی پر نیا کیس دس قیمتی تحائف خلاف قانون پاس رکھنے اور بیچنے سے متعلق ہے، نیب کی انکوائری رپورٹ کے مطابق عمران خان پر ایک نہیں، سات گھڑیاں خلاف قانون لینے اور بیچنے کا الزام ہے، گراف واچ، رولیکس گھڑیاں، ہیرے اور سونے کے سیٹ کیس کا حصہ ہیں، تحفے قانون کے مطابق اپنی ملکیت میں لئے بغیر ہی بیچے جاتے رہے۔ خیال رہے کہ آج وفاقی حکومت نے توشہ خانہ کے نئے ریفرنس کیلئے سابق وزیر اعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن بھی جاری کیا تھا۔ توشہ خانہ کے نئے ریفرنس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کا 8 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا گیا۔ راولپنڈی کی احتساب عدالت کے جج محمد علی وڑائچ نے اڈیالہ جیل میں نیب کے نئے توشہ خانہ ریفرنس کی سماعت کی، دوران سماعت ڈپٹی ڈائریکٹر نیب محسن ہارون نے دونوں کے جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔

ٹرمپ پر حملے کا سن کر گہرا صدمہ پہنچا' آصف علی زرداری

نیک خواہشات ڈونلڈ ٹرمپ کے خاندان کے ساتھ ہیں' شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم محمد شہباز شریف کئی عالمی رہنماؤں نے امریکی سابق صدر ٹرمپ پر حملہ کی مذمت کرتے ہوئے انکے خاندان سے ہمدردی کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر حملے کا سن کر گہرا صدمہ پہنچا۔ آصف علی زرداری نے سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سیاست میں تشدد کی کوئی جگہ نہیں۔ صدر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ انتخابی ریلی کے دوران قاتلانہ حملے میں زخمی

گولی کان کے اوپری حصے پر لگی، حملہ آور تھے، ایک مارا گیا، حملے کے شبہے میں ایک شخص گرفتار

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے ری پبلکن صدارتی امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ انتخابی ریلی کے دوران فائرنگ سے زخمی ہو گئے۔ امریکی ٹی وی کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ فائرنگ کے وقت ریلی کے شرکاء سے خطاب کر رہے تھے۔ سابق امریکی صدر کو ریلی سے خطاب کرتے ہوئے 5 ہی منٹ گزرے تھے کہ فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، واقعے کے بعد ریلی فوری طور پر ختم کر دی گئی۔ امریکی ٹی وی کے مطابق ریلی میں پیش آئے واقعے میں زخمی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

گورنر سندھ سے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی ملاقات

آپ کے فلاحی اقدامات بالخصوص آئی ٹی کورسز قابل تقلید ہیں۔ فیصل کریم کنڈی کی گفتگو

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے خیبر پختونخوا کے گورنر فیصل کریم کنڈی نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں بین باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7



کراچی، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ طاہر مسجد میں بوہرہ برادری سے خطاب کر رہے ہیں

میرا پنجاب سموگ فری، چیف منسٹر کلائمٹ لیڈر شپ ڈویلپمنٹ انٹرن شپ پروگرام کا آغاز

کلائمٹ لیڈر شپ ڈویلپمنٹ انٹرنشپ پروگرام میں گزشتہ 2 سال میں ڈگری مکمل کرنے والے گریجوایٹ اپلائی کر سکتے ہیں

کلائمٹ لیڈر شپ ڈویلپمنٹ انٹرنشپ پروگرام کے تحت انٹرنز کو ماہانہ 25 ہزار سکالر شپ دیا جائیگا، 20 جولائی 2024 تک رجسٹریشن کروائی جا سکتی ہے

لاہور (این این آئی) "میرا پنجاب سموگ فری"۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ماحولیات کی بہتری کے لئے پائیدار اقدامات اٹھاتے ہوئے پنجاب میں چیف منسٹر کلائمٹ لیڈرشپ ڈویلپمنٹ انٹرنشپ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سموگ کے مستقل سدباب کے لئے ل باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اوورسیز چوہدری سالک عراقی سفیر کو سووینیئر پیش کر رہے ہیں

شہدائے کشمیر نے تحریک آزادی کی بنیاد اپنے خون سے رکھی تھی، برجیس طاہر



اذان کو مکمل کرنے کیلئے 22 افراد نے اپنی جانیں قربان کیں

ننکانہ صاحب (این این آئی) سابق وفاقی وزیر امور کشمیر، گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ 13 جولائی کے شہدائے کشمیر نے تحریک آزادی کی بنیاد اپنے خون سے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

کرپٹ عناصر اور پاکستان ایک ساتھ نہیں چل سکتے، رانا تنویر حسین



جب سے پاکستان بنا ہے عدلیہ کے فیصلوں نے پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کیا ہے

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے جب ہماری حکومت آئی پاکستان تنہائی کا شکار تھا، بانی پی ٹی آئی نے تمام دوست ممالک کو ناراض باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

بانی پی ٹی آئی کا عزم متزلزل نہیں ہوگا' مسرت جمشید چیمہ

عدت نکاح کیس بھی دباؤ کیلئے تھا، مخصوص نشستوں پر مال غنیمت سمجھ کر ہاتھ صاف کیے گئے تھے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ کی ایک اور جھوٹے کیس میں گرفتاری سے ثابت ہو گیا ہے کہ باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

پتہ چلا ہے ہمارے ایم این اے امیر سلطان کو اغوا کیا گیا ہے، اسد قیصر



کیا یہ ملک ایسے چلے گا کہ لوگوں کی وفاداریاں تبدیل کی جائیں گی؟

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ پتہ چلا ہے کہ ہمارے ایم این اے امیر سلطان کو اغوا کیا گیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9

علی امین گنڈا پور کو وفاق کی نہیں اپنی حکومت کی فکر کرنی چاہیے، عظمیٰ بخاری

پارلیمنٹ، پی ٹی وی پر حملہ کرنے والی جماعت کو بھی عدلیہ کی تکریم یاد آ گئی،

بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی اپنی چوریوں اور ڈکیتوں کے جرم میں جیل میں قید ہیں، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے خیبر پختونخوا حکومت کے ترجمان بیرسٹر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

لاہور، فیملیوں کی بڑی تعداد چڑیا گھر کی سیر کے لئے آ رہی ہیں

لاہور، سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب ن لیگ سوشل میڈیا ٹیم کے رکن سعد بن نعیم کے انتقال پر اہل خانہ سے اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہی ہیں

وزیر داخلہ کی ہدایت پر تاریخ میں پہلی بار ماحولیاتی تبدیلی فنڈ قائم

وزیر داخلہ محسن نقوی دی کی ماحولیاتی فنڈ کے قیام پر چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا اور متعلقہ ٹیم کو شاباش

سی ڈی اے نے ماحولیاتی فنڈ قائم کر کے لیڈ لی ہے، شہر میں "کاربن کریڈٹ پروگرام" بھی شروع کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی ہدایت پر تیزی سے بڑھتی ہوئی ماحولیاتی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

کراچی، گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی گورنر سندھ کامران ٹیسوری سے ملاقات کر رہے ہیں

عراقی سفیر کی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر اوورسیز چوہدری سالک سے ملاقات

زائرین سے غیر قانونی طور پر زائد فیس وصول کرنے والے ٹریول ایجنٹس کے خلاف کارروائی کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے عراقی سفیر کو زائرین سے غیر قانونی طور پر زائد فیس وصول کرنے والے ٹریول ایجنٹس کے خلاف کارروائی کی یقین دہانی کروادی۔ عراقی سفیر حامد عباس لفتہ نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

پاکستان اور فرانس اچھے دوست ہیں، پاکستانی سفیر عاصم افتخار

ہم فرانسیسی عوام کے لیے امن، ترقی اور مسلسل خوش حالی کے خواہاں ہیں، پاکستانی سفیر

پیرس (این این آئی) فرانس میں پاکستانی سفیر عاصم افتخار نے کہا ہے کہ پاکستان اور فرانس اچھے دوست ہیں۔ فرانس کے قومی دن کے موقع پر فرانس میں پاکستان کے سفیر عاصم افتخار احمد باسٹیل ڈے کی تقریبات میں شریک ہوئے۔ اس موقع پر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

ملک کو بحران سے نکال کر دم لیں گے، ملک افضل کھوکھر

(ن) لیگ کی حکومت وفاق، پنجاب میں مدت پوری کریگی

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ تحریک انتشار کی طرف سے عوام میں غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوششیں کامیاب نہیں ہوں گی، پاکستان اب ترقی کی جانب گامزن ہو چکا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

سندھ کے بعد پنجاب کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے تین نوجوان بھی میانمار میں لاپتا

حیدر آباد (این این آئی) حیدر آباد کے تین نوجوانوں کے بعد پنجاب کے مختلف شہروں سے تعلق رکھنے والے تین نوجوان بھی میانمار میں لاپتا ہو گئے۔ گجرات کا زین، منڈی بہاؤالدین کا عامر اور سیالکوٹ کا شاہد مبینہ طور پر میانمار میں ایک کمپنی میں جا پھنسے۔ نوجوانوں کے لاپتا ہونے پر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

مریم اورنگزیب کی سوشل میڈیا ٹیم کے رکن سعد بن نعیم مرحوم کی رہائشگاہ آمد

سینئر صوبائی وزیر نے اہل خانہ دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی کی

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے مسلم لیگ (ن) سوشل میڈیا ٹیم کے رکن سعد بن نعیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سینئر صوبائی مریم اورنگزیب مرحوم کے گھر گئیں اور مرحوم سعد بن نعیم کے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری کو چیف سیکرٹری کا اضافی چارج دے دیا

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈا پور نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری کو چیف سیکرٹری کا اضافی چارج دے دیا۔ محکمہ اسٹیبلشمنٹ خیبر پختونخوا کی جانب سے عابد مجید کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری کی تعیناتی کا اعلامیہ جاری کر دیا گیا ہے۔ اعلامیہ کے مطابق سیکرٹری باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

ہڑتال موخر، کوئٹہ، پشاور، کراچی سمیت دیگر شہروں میں فلور ملز کھل گئیں

پسائی کے بعد مارکیٹ میں آٹے کی ترسیل بھی بحال ہو گئی ہے

کوئٹہ، پشاور، کراچی (این این آئی) پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن کی جانب سے ہڑتال موخر کیے جانے کے بعد کوئٹہ، پشاور، کراچی سمیت دیگر شہروں میں فلور ملز کھل گئیں۔ فلور ملز کھلنے کے بعد ملز میں گندم سے آٹے کی پسائی کا کام شروع ہو گیا، باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

علی محمد خان نے پی ٹی آئی سیکرٹریٹ میں بیان حلفی جمع کرا دیا

پی ٹی آئی نے سپورٹ کیا اور پارٹی ووٹرز کے ووٹ حاصل کیے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے پی ٹی آئی سیکرٹریٹ میں بیان حلفی جمع کرا دیا۔ بیان حلفی میں علی محمد خان نے کہا ہے کہ عام انتخابات میں پی ٹی آئی کے امیدوار کی حیثیت سے حلقہ این اے 23 سے الیکشن باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

جھنگ سے سنی اتحاد کونسل کے رکن قومی اسمبلی صاحبزادہ امیر سلطان کو نامعلوم افراد نے اغوا کر لیا

لاہور (این این آئی) جھنگ سے سنی اتحاد کونسل کے رکن قومی اسمبلی صاحبزادہ امیر سلطان کو نامعلوم افراد نے اغوا کر لیا۔ جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی لاہور حافظ ذیشان رشید کی جانب سے جاری بیان میں باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

اسلام آباد، وزیر مملکت برائے خزانہ علی پرویز ملک کو پی سی ایم ای اے کے سینئر وائس چیئرمین عثمان اشرف کی قیادت میں ملاقات کرنے والا وفد سووینیئر پیش کر رہا ہے

8 اور 9 محرم کو پنجاب بھر میں طوفانی بارشوں کی پیشگوئی

خستہ حال چھتوں کے اوپر محافل کے انعقاد سے گریز کیا جائے، پی ڈی ایم اے

اسلام آباد (این این آئی) پروونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے کہا ہے کہ 8 اور 9 محرم کو پنجاب بھر میں طوفانی بارشوں کے امکانات ہیں۔ ترجمان پی ڈی ایم اے کے مطابق پنجاب کے مختلف اضلاع میں آئندہ چوبیس باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

اسپیکر قومی اسمبلی و چیئرمین سینٹ کی سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر حملے کی شدید مذمت

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر سردار ایاز صادق اور چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی نے سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ حملہ جمہوری رویوں اور روایات کے منافی ہے۔ اپنے بیان میں اسپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ سابق صدر پر حملے کا سن کر بہت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

پیپلز پارٹی کے چیئرمین کے چیف میڈیا کوآرڈینیٹر نذیر ڈھوکی انتقال کر گئے

نذیر ڈھوکی کی خدمات اور بھٹو ازم سے ان کی غیر مشروط وابستگی ناقابل فراموش ہے، صدر زرداری، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین کے چیف میڈیا کوآرڈینیٹر نذیر ڈھوکی انتقال کر گئے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے پاکستان پیپلز پارٹی کے میڈیا کوآرڈینیٹر نذیر حسین ڈھوکی کے انتقال پر اظہار افسوس کیا۔ اپنے بیان باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

وسیم اختر کے دور میں چلتی بسوں کو بند کیا گیا: میئر کراچی

ایم کیو ایم کی کراچی کے آخری سال میں 1.2 ارب روپے ٹوٹل کلیکشن تھی، مرتضیٰ وہاب

کراچی (این این آئی) میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ وسیم اختر کے دور میں چلتی بسوں کو بند کیا گیا تھا، ماضی میں ایم کیو ایم اور جماعت اسلامی نے کئی سال تک شہر کو سنبھالا، ایم کیو ایم کی کراچی کے آخری سال میں 1.2 ارب روپے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

بانی پی ٹی آئی اور اہلیہ کیخلاف توشہ خانہ کیس

خیبر پختونخوا حکومت کا عدالت جانے کا فیصلہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا حکومت نے سابق وزیر اعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی پر نئے توشہ خانہ کیس کے خلاف عدالت جانے کا فیصلہ کیا ہے۔ کے پی حکومت کے معاون خصوصی برائے اینٹی کرپشن مصدق عباسی نے کہا کہ عدت باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

طالبان دہشتگرد گروپوں کیخلاف کارروائی کو تیار نہیں، رپورٹ

پاکستان میں حملے کرنے کیلئے ٹی ٹی پی کو افغانستان کے طالبان حکمرانوں کی سرپرستی حاصل ہے، رپورٹ سلامتی کونسل میں پیش

افغانستان میں کالعدم ٹی ٹی پی کے سے ساڑھے 6 ہزار کے درمیان جنگجو موجود ہیں، جنگجو افغان طالبان کی سرپرستی میں سرگرمیاں انجام دینے کے لیے پوری طرح سے آزاد ہیں

اسلام آباد (این این آئی) کالعدم دہشتگرد تنظیم ٹی ٹی پی پر اقوام متحدہ کی 15 ویں رپورٹ سلامتی کونسل میں پیش کر دی گئی۔ سلامتی کونسل میں پیش باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

اسلام آباد، سینئر رہنما آئی پی پی غازی گلاب جمال صدر آئی پی پی عبدالعلیم خان سے ملاقات کر رہے ہیں

بجلی صارفین کے بلوں میں فکسڈ چارجز عائد کرنے کا نوٹیفکیشن جاری

301 سے 400 یونٹ تک استعمال پر گھریلو صارفین 200، 401 سے 500 یونٹ والے 400 روپے فکس ادا کرینگے

501 سے 600 یونٹ والے 600 روپے، 700 یونٹ تک والے 800، 700 سے زائد یونٹ والے 100 روپے ادا کرینگے

لاہور (این این آئی) بجلی صارفین کے بلوں میں فکسڈ چارجز عائد کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا، صارفین ماہانہ یونٹس کی کھپت کے لحاظ سے باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

کراچی، گورنر کے پی کے فیصل کریم کنڈی سے رہنما پی پی شازیہ مری ملاقات کر رہی ہیں

ریٹائرڈ ججز کی الیکشن ٹریبونل تعیناتی آرڈیننس کے خلاف درخواستوں پر سماعت (آج) ہوگی

جسٹس شاہد کریم 15 جولائی کو سلمان اکرم راجہ سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کریں گے

لاہور (این این آئی) ریٹائرڈ ججز کو بطور الیکشن ٹریبونل تعینات کے آرڈیننس کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت آج (پیر) کے روز ہوگی باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

وزیر اعلیٰ سندھ کا نذیر ڈھوکی کے انتقال پر افسوس کا اظہار

نذیر ڈھوکی کے انتقال کا سن کر بہت دکھ ہوا، مرحوم بہترین انسان اور ایک وفادار جیالے تھے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے چیف میڈیا کوآرڈی نیٹر نذیر باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

وزیر اعلیٰ سندھ کی بوہرہ جماعت کے روحانی پیشوا مفضل سیف الدین سے ملاقات

محرم الحرام میں آپ کی شہر کراچی میں آمد سندھ کے لیے باعث فخر ہے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ I سندھ سید مراد علی شاہ نے طاہری مسجد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے داؤدی بوہرہ جماعت کے روحانی پیشوا سیدنا باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض



سٹی نیوز

قلعہ گجر سنگھ/ 10,09 محرم الحرام کے سلسلہ میں اہم میٹنگ کا انعقاد

محرم الحرام کے سلسلہ میں مجالس وجلوسوں پر پولیس لائن سے بھی نفری تعینات

لاہور (کرائم رپورٹر) پولیس لائن قلعہ گجر سنگھ/ 10,09 محرم الحرام کے سلسلہ میں اہم میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر نعیم یاسین، ریزرو انسپکٹر لائن بابر اشرف انصاری اور پولیس افسران موجود تھے۔ ایس پی ہیڈ کوارٹر احمد زنیر چیمہ نے کہا کہ 10,09 محرم الحرام پر تعینات سکیورٹی ڈیوٹی کیلئے پولیس افسران و جوانوں کو کھانا تقسیم کیا جائے گا۔ پولیس لائن سے ڈیوٹی پوائنٹس پر کھانا تقسیم کرنے کیلئے 208 پولیس افسران و جوان ڈیوٹی انجام دیں گے۔ 09 محرم الحرام پر پولیس لائن ایم ٹی سیکشن سے 53 گاڑیوں و موٹر سائیکلوں پر کھانا تقسیم کیا جائیگا۔ پولیس لائن سے لاجسٹک۔ میٹل ڈیٹیکٹرز۔ واک تھرو گیٹس۔ خاردار تاریں تمام سکیورٹی پوائنٹس پر تقسیم کی۔ محرم الحرام کے سلسلہ میں مجالس وجلوسوں پر پولیس لائن سے بھی نفری تعیناتی کی گئی ہے۔ پولیس نفری کو روزانہ کی بنیاد پر سکیورٹی ڈیوٹی بارے بریف کرکے روانہ کیا جاتا ہے۔ ایس پی احمد زنیر چیمہ کی مقررہ پوائنٹس پر کھانا و پولیس نفری بروقت پہنچانے کی ہدایت کی۔

سول سروسز اکیڈمی افسران نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ کیا

افسران کو ایل ٹی ای ایڈوانس سسٹم اور جیوگرافک انفارمیشن سسٹم بارے تربیت دی گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) سول سروسز اکیڈمی کے زیر تربیت افسران نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ کیا۔ وفد میں فیکلٹی ممبران سمیت 33 افسران شریک تھے۔ اس موقع پر آپریشن کمانڈر ایس پی شفیق احمد نے وفد کو سیف سٹی کی ورکنگ بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ افسران کو ڈیجیٹل فرانزک ایویڈنس (Digital Forensics Evidence) کی قانونی اہمیت اور تفتیش کے عمل بارے بتایا گیا۔ افسران کو ایل ٹی ای ایڈوانس سسٹم اور جیوگرافک انفارمیشن سسٹم بارے تربیت دی گئی۔ وفد کو 15 ایمرجنسی سسٹم پر موصول ہونے والی کالز اور فوری پولیس رسپانس کا عملی نمونہ بھی دکھایا گیا۔ پاکستان کے پہلے ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن میں تربیت کے دوران پنجاب بھر سے موصول ہونے والی خواتین کی شکایات کے فوری ازالے اور مجرمان کے خلاف لئے جانے والے اقدامات پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر زیر تربیت افسران کا کہنا تھا کہ نوجوان افسران کا جدید ٹیکنالوجی سے ہمکنار ہونا خوش آئند بات ہے۔ جرائم کے خاتمے کے لیے سیف سٹی جیسے پراجیکٹس پاکستان بھر میں ناگزیر ہیں۔ افسران کا مزید کہنا تھا کہ روایتی پولیسنگ کا دور ختم ہو چکا ہے۔

بچے چائنہ چوک میں نصب طیارے پر کھیل رہے ہیں

سیکرٹری اوقاف نے بہشتی دروازے کی قفل کشائی کرکے ساتویں روز کی رسومات ادا کیں

موسم کی شدت، مون سون اور بادوباراں کے باوجود عرس انتظامات میں کوئی کمی اور کوتاہی نہ ہوئی

لاہور (سپیشل رپورٹر) سیکرٹری اوقاف ڈاکٹر طاہر رضا بخاری نے بہشتی دروازے کی قفل کشائی کرکے ساتویں روز کی رسومات ادا کیں۔ اس موقع پر عمائدین حکومت، اکابر سجادگان و مشائخ اور زائرین کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔ سیکرٹری اوقاف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ زائرین کے لیے بہترین سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا۔ موسم کی شدت، مون سون اور بادوباراں کے باوجود عرس انتظامات میں کوئی کمی اور کوتاہی نہ ہوئی، میگا ترقیاتی پراجیکٹ اور تعمیراتی سرگرمیوں کے باوجود عرس تقریبات اپنے روایتی شکوہ کے مطابق وقوع پذیر ہوئیں۔ جس پر اوقاف، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن، پولیس، سی اینڈ ڈبلیو، واپڈا، ہیلتھ سمیت تمام متعلقہ ادارے لائق تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت بابا صاحبؒ برصغیر میں بین المذاہب مکالمے کے امین اور بین المسالک ہم آہنگی کے داعی تھے، ان کی تعلیمات سے استفادہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ آپؒ نے اپنے طرز زیست کے ذریعے لوگوں میں امن، محبت، بھائی چارے اور انسان دوستی کو فروغ دیا اور خطے میں ترویج دین کی عظیم تحریک کے سرخیل قرار پائے۔ دریں اثناء سیکرٹری اوقاف نے مزار شریف پر جاری ترقیاتی امور اور دربار شریف پر قائم آپریشنل کمانڈ اینڈ کنٹرول روم کا دورہ کیا اور سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ اوقاف اور ضلعی انتظامیہ کے انتظامات کو تسلی بخش قرار دیا اور مزید بہتری کے لیے ہدایات جاری کیں۔ اس موقع پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر مذہبی امور حافظ محمد جاوید شوکت، ایڈمنسٹریٹر اوقاف پاکپتن ضیاء المصطفیٰ، منیجر اوقاف پاکپتن آفتاب احمد اور لوکل ایڈمنسٹریشن سمیت دیگر محکمہ جات کے حکام بھی موجود تھے۔

ڈائریکٹر جنرل لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی طاہر فاروق کا وفد کے ہمراہ دبئی لینڈ ڈویلپمنٹ (DLD)، حکومت دبئی کے دفتر کا دورہ

دبئی لینڈ ڈویلپمنٹ، حکومت دبئی کی دعوت پر ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کا 5 رکنی وفد کے ہمراہ دبئی لینڈ ڈویلپمنٹ اور ایمریٹس رئیل اسٹیٹ سلوشنز (ERES) کا دورہ

دبئی لینڈ ڈویلپمنٹ بہترین کام کر رہا، ان کے تجربات سے مستفید ہونگے، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

ایل ڈی کی اصلاحات اپنانے سے شہریوں اور کاروباری افراد کے اعتماد میں اضافہ ہوگا، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق

لاہور (خبرنگار) دبئی لینڈ ڈویلپمنٹ، حکومت دبئی کی دعوت پر ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق کی سربراہی میں لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے 5 رکنی وفد نے دبئی لینڈ ڈویلپمنٹ، یو اے ای کا دورہ کیا۔ 10 تا 12 جولائی دو روزہ دورے میں لینڈ ڈیپارٹمنٹ، دبئی حکومت اور ایمریٹس رئیل اسٹیٹ سلوشنز (ERES) کے تعاون سے جاری سافٹ ویئرز، ورکنگ، ایس او پیز اور جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی۔ دبئی لینڈ ڈویلپمنٹ کے ڈائریکٹر جنرل انجینئر مروان بن غلیطہ (Eng. Marwan Bin Ghalita) اور چیف ایگزیکٹو آفیسر (ERES) خلیفہ السویدی نے ایل ڈی اے وفد کا خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ساتھ اشتراک کار ایک خوش آئند اقدام ہے اور ہم دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کی مزید مضبوطی اور رئیل اسٹیٹ سیکٹر کے فروغ کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کرتے ہیں۔ بریفنگ کے دوران دبئی لینڈ ڈویلپمنٹ کے حکام نے پراپرٹی ٹرانسفر سسٹم، پراپرٹی کی خرید و فروخت پر نگرانی، اوور سیلنگ اور دھوکہ دہی کی روک تھام بارے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ ایل ڈی اے وفد کے حکام نے دبئی لینڈ ڈویلپمنٹ کے دفتر کا دورہ کیا جہاں انہیں ریفارمز بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر DLD حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ وہ پیپر لیس سسٹم کے تحت کام کرتے ہیں جس میں موبائل ایپ کے ذریعے ایک ہی پلیٹ فارم پر ڈویلپر، سیلر اور خریدار کو لین دین کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔ اس موقع پر ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق نے کہا کہ دبئی لینڈ ڈویلپمنٹ بہترین کام کر رہا ہے اور ہم ان کے تجربات سے مستفید ہونگے۔ طاہر فاروق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کی روشنی میں ایل ڈی اے میں ریفارمز کر رہے ہیں۔ ڈی ایل ڈی کی اصلاحات اپنانے سے شہریوں اور کاروباری افراد کے اعتماد میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دبئی رئیل اسٹیٹ دنیا کی سب سے بہترین انڈسٹری ہے ہم ان سافٹ ویئر اور سلوشنز کو ایل ڈی اے میں اپنا کر شہریوں اور کاروباری افراد کو بہتر سروسز فراہم کر سکیں گے۔ دورے کے اختتام پر دونوں فریقین نے ایم اے یو کے تحت مستقبل کے لائحہ عمل کا روڈ میپ بنانے اور باہمی تعاون کو فروغ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔ وفد میں ڈائریکٹر جنرل لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی طاہر فاروق، ایڈیشنل ڈی جی ہاؤسنگ اویس مشتاق، چیف انفارمیشن ٹیکنالوجی آفیسر عبد الباسط قمر، ڈائریکٹر آکشن علی بن سہیل، ڈپٹی ڈائریکٹر ہاؤسنگ باسط نصیر شامل تھے۔ واضح رہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ایل ڈی اے نے دو ماہ قبل دبئی لینڈ ڈیپارٹمنٹ سے ایم او یو سائن کیا تھا۔ دبئی لینڈ ڈیپارٹمنٹ ایک سرکاری ادارہ ہے جو دبئی میں تمام رئیل اسٹیٹ لین دین کی نگرانی اور شفافیت کو یقینی بنانے کا ذمہ دار ہے اور ایک پائیدار رئیل اسٹیٹ مارکیٹ کو مقامی اور بین الاقوامی سطح پر فروغ دیتا ہے۔ گزشتہ سال، DLD نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ریکارڈ کاروبار کیا ہے۔

شہر کے مختلف علاقوں میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتیں

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں ڈاکوؤں اور چوروں نے ڈکیتی و چوری کی وارداتوں کے دوران متعدد شہریوں سے لاکھوں روپے مالیت کی نقدی، طلائی زیورات، موبائل فون، موٹر سائیکلیں، گاڑیاں اور دیگر سامان لوٹ لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد میں ڈاکو اشفاق سے 2 لاکھ نقدی اور موبائل فون، رنگ محل کے علاقے میں ڈاکوؤں نے سلیم سے 2 لاکھ مالیت کی نقدی و موبائل فون چھین لیا، ہڈیارہ کے علاقے میں بابر سے 1 لاکھ 60 ہزار روپے مالیت کی نقدی اور موبائل فون، شیرا کوٹ کے علاقے میں خرم سے 1 لاکھ 45 ہزار روپے اور موبائل فون، یکی گیٹ کے علاقے میں عدنان سے 2 لاکھ روپے اور موبائل فون، شادباغ کے علاقے میں تنویر سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون، فیکٹری ایریا کے علاقے میں جاوید سے 1 لاکھ 45 ہزار روپے اور موبائل فون، شادمان کے علاقے میں ہمایوں سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون، مناواں کے علاقے میں شفیق سے 2 لاکھ 65 ہزار روپے اور موبائل فون، ٹاؤن شپ کے علاقے میں سیف سے 1 لاکھ 45 ہزار روپے اور موبائل فون لوٹ لیا اور فرار ہو گئے ہیں۔

محرم کی حرمت کا خیال رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے: ڈاکٹر راغب نعیمی

تمام مسالک کے نمائندے ضابطہ اخلاق کی پاسداری کریں: چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل

لاہور (خبرنگار) جامعہ نعیمیہ کے ناظم اعلیٰ و چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا ہے کہ محرم الحرام کی حرمت کا خیال رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ تمام مسالک کے نمائندے ضابطہ اخلاق کی پاسداری کریں۔ دنیا کے تمام مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں اور ایک جسم کی مانند ہیں۔ بین المسالک ہم آہنگی، رواداری اور باہمی اتحاد و اتفاق کی فضا کو برقرار رکھنا علماء و مشائخ کی قومی ذمہ داری ہے اگر کسی جگہ مسئلہ درپیش ہو تو افہام و تفہیم کے ساتھ حل کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے تنظیمین ایسی ایشن کے مرکزی صدر مفتی ندیم قمر حنفی، مفتی محمد عمران حنفی، مفتی محمد عارف حسین، قاری محمد امین نعیمی، مولانا محمد سلیم نعیمی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام اور پاکستان کے دشمن مذہبی فسادات انتشار پھیلا کر بدامنی پیدا کرکے قومی یکجہتی کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں۔ اہل وطن سے اپیل ہے کہ قومی اتحاد سے اس مذموم سازش کو خاک میں ملا دیں۔ کربلا کا واقعہ تمام مسلمانوں کے لیے مشعل راہ کی حیثیت رکھتا ہے جو اس بات کا درس دیتا ہے کہ اسلام دشمن اور طاغوتی طاقتوں کے آگے کبھی سر تسلیم خم نہیں کرنا چاہیے۔

گرجا گھروں کی سکیورٹی پر پولیس کے 01 ہزار کے قریب افسران و اہلکار تعینات

شہر کے انٹری پوائنٹس پر موجود جوانوں کو الرٹ رہنے کی ہدایت

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران نے کہا ہے کہ شہر کے تمام گرجا گھروں کو سکیورٹی فراہم کی گئی ہے۔ صوبائی دارالحکومت میں گرجا گھروں کی سکیورٹی پر لاہور پولیس کے 01 ہزار کے قریب افسران و اہلکار تعینات کیے گئے۔ انہوں نے شہر کے انٹری پوائنٹس پر موجود جوانوں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی۔ محمد فیصل کامران نے کہا کہ والنٹیئرز کے ذریعے گرجا گھروں میں داخلے سے قبل ہر فرد کی تلاشی یقینی بنائی جائے۔ سپروائزری افسران حفاظتی انتظامات خود چیک کریں۔ گرجا گھروں کی سکیورٹی پر تعینات جوان گردونواح کڑی نظر رکھیں۔ ڈولفن، پی آر یو اور تھانوں کی گاڑیاں موثر گشت جاری رکھیں۔

سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر کو ڈی ایس پی انارکلی راشد حیات نوید، دسویں محرم الحرام کے ذوالجناح جلوسوں کے روٹس پر بریفنگ دے رہے ہیں

نویں اور دسویں محرم الحرام کے موقعہ پر شہریوں، زائرین اور شرکائے ذوالجناح پروسیشنز کے لئے بہترین اقدامات

لاہور (کرائم رپورٹر) سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر کا کہنا ہے کہ نویں اور دسویں محرم الحرام کے موقعہ پر شہریوں، زائرین اور شرکاء ذوالجناح پروسیشنز کے لئے بہترین اقدامات کئے گئے ہیں، جلوسوں کے روٹس، پارکنگ و ڈائیورشن پوائنٹس کو فرداً فرداً چیک کرتے ہوئے ڈیوٹی تعینات کی گئی ہے۔ سی ٹی او لاہور کا کہنا تھا کہ نویں، دسویں محرم الحرام تک شہر میں میں 277 سے زائد مجالس اور شہر کے مختلف مقامات سے 46 جلوس برآمد ہونگے، عمارہ اطہر کا مزید کہنا تھا کہ مجالس اور جلوسوں کی نگرانی کے لئے، ایس پی سٹی منیر ہاشمی، ایس پی کینٹ و ہیڈ کوارٹرز سہیل فاضل اور ایس پی ٹریفک صدر شہزاد خان کی نگرانی میں 05 سو سے زائد ٹریفک انسپکٹرز اور 03 ہزار سے زائد ٹریفک اہلکار ڈیوٹی دیں گے، نثار حویلی سے مرکزی جلوس برآمد ہوگا جو مختلف قدیمی راستوں سے ہوتا ہوا کربلا گامے شاہ اختتام پذیر ہوگا، جبکہ دوسرا بڑا جلوس پانڈو اسٹریٹ سے خیمہ سادات اور پھر پانڈو اسٹریٹ پہنچ کر اختتام پذیر ہوگا، تیسرا بڑا جلوس شادمان سے برامد ہوگا، اسی طرح لال پل نبی پور شیعاں، ماڈل ٹاؤن، چونگی اور ٹھوکر نیاز بیگ سے ذوالجناح برآمد ہونگے، عمارہ اطہر کا کہنا تھا کہ ٹریفک پلان کے مطابق کسی بھی ناگہانی صورتحال میں ایمرجنسی گاڑیوں کے لئے فوری راستہ کلیئر رکھا جائے گا۔

بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد

اجلاس میں لاہور پولیس کے مختلف ونگز کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کی جانب سے محکمہ پولیس کی کارکردگی کے تعین کیلئے متعارف کروائے گئے کی پرفارمنس انڈیکیٹرز (KPI) پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں لاہور پولیس کے مختلف ونگز کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او لاہور نے پولیس افسران کو کی پرفارمنس انڈیکیٹرز پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ پولیس افسران سائلین کیلئے اپنے دفاتر کے دروازے کھلے رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ 15 کالز پر ایف آئی آر کا بروقت اندراج، میرٹ پر تفتیش اور مظلوم کو انصاف یقینی بنایا جائے۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ کی پرفارمنس انڈیکیٹرز کے تحت کرپشن اور اختیارات سے تجاوز پر زیرو ٹالرنس ہے۔ انہوں نے کہا کہ سنگین جرائم کی صورت میں سپروائزری افسران خود موقعے کا دورہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پولیس کے تمام ونگز باہمی اشتراک سے کرائم کنٹرول میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے صوبائی دارالحکومت لاہور کو منشیات سے پاک کرنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے لاہور پولیس کو انٹیلی جنس بیسڈ سرچ آپریشنز میں تیزی لانے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین اور بچوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے۔ بلال صدیق کمیانہ نے ٹریفک مینجمنٹ پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ شہر میں ٹریفک کی بلاتعطل روانی یقینی بنائی جائے۔ اجلاس میں ڈی آئی جی (انوسٹی گیشن) ذیشان اصغر، ڈی آئی جی (آرگنائزڈ کرائم یونٹ) عمران کشور، ڈی آئی جی (آپریشنز) محمد فیصل کامران، سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر، ایس ایس پی (ایڈمن) عاطف نذیر، ایس ایس پی (انوسٹی گیشن) انوش مسعود چوہدری اور ایس ایس پی (آپریشنز) تصور اقبال نے شرکت کی۔

سیکرٹری محکمہ ایمرجنسی سروسز ڈاکٹر رضوان نصیر ریسکیو ہیڈ کوارٹرز میں محرم الحرام کے حوالے سے انتظامات کی بریفنگ لے رہے ہیں

12000 سے زائد ریسکیو اہلکار عاشورہ پر ڈیوٹی سرانجام دیں گے: ڈاکٹر رضوان نصیر

پنجاب بھر میں عاشورہ پر ایک ہزار سے زائد اہم مقامات پر ریسکیو ٹیمیں تعینات کی جائیں گی

لاہور (کرائم رپورٹر) سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر رضوان نصیر نے پنجاب کے تمام اضلاع میں عاشورہ کے ماتمی جلوسوں کو ایمرجنسی ریسکیو و میڈیکل کور فراہم کرنے کے لیے ریسکیو 1122 کے پنجاب بھر کے انتظامات کے ساتھ ساتھ کنٹرول رومز اور صوبائی مانیٹرنگ سیل کی مانیٹرنگ اور کوئیک رسپانس میکنزم کا جائزہ لیا۔ انہوں نے تمام ضلعی ایمرجنسی افسران کو ہدایت کی کہ عاشورہ کے موقع پر ریسکیورز کی چھٹیاں محدود رہیں گیں اور ایمرجنسی کور فراہم کرنے کے لیے 9 اور 10 محرم کو کوڈ ریڈ کا نفاذ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایمرجنسی سروسز اکیڈمی میں تعینات ڈیزاسٹر رسپانس فورس (DRF) کو کسی بھی میجر ایمرجنسی کی صورت میں بیک اپ سپورٹ کے لیے فوری روانہ کیا جائے گا۔ سیکرٹری ایمرجنسی سروسز، ڈاکٹر رضوان نصیر تمام اضلاع کے ضلعی ایمرجنسی افسران اور ایمرجنسی سروسز ہیڈ کوارٹرز و اکیڈمی کے سینئر ریسکیو افسران کی ویڈیو لنک میٹنگ کی صدارت کر رہے تھے۔ انہوں نے تمام ضلعی ایمرجنسی افسران کو ہدایت کیں کہ وہ تیاریوں کی چیک لسٹ کا جائزہ لیں اور اہل تشیع/مجالس کے اہم فوکل پرسنز کے ساتھ مسلسل ضلعی ایمرجنسی بورڈز کے اجلاس منعقد کریں، امامیہ اسکاؤٹس/رضا کاروں کے ساتھ تمام جلوسوں اور اجتماعات کے اردگرد کے ایریا کا اچھی طرح سے جائزہ لیں تاکہ فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جا سکے۔ قبل ازیں صوبائی مانیٹرنگ آفیسر نے سیکرٹری ایمرجنسی سروسز کو بریفنگ دی کہ تمام اضلاع میں ریسکیورز حکومت پنجاب کی طرف سے جاری کردہ ہدایات کے مطابق محرم الحرام کے لیے ایمرجنسی پلان کے مطابق تعینات ہیں اور ریسکیو و میڈیکل کور کے انتظامات کے مطابق 9 ویں اور 10 ویں محرم کے دوران 1029 جلوسوں / اجتماعات کو ریسکیو اور میڈیکل کور فراہم کرنے کے لیے 12 ہزار سے زائد ریسکیورز ڈیوٹی سرانجام دیں گے۔ 12 ہزار سے زائد ریسکیورز کو پنجاب بھر میں قائم شدہ 1029 اہم مقامات پر تین شفٹوں میں تعینات کیا جائے گا۔ پنجاب کے تمام اضلاع میں 1352 موٹر بائیک ریسکیو سروس، 580 ایمرجنسی ایمبولینسز، 168 فائر ویسکلز اور 35 ریسکیو گاڑیاں عاشورہ اور محرم کی مجالس کو ریسکیو و میڈیکل کور فراہم کرنے کے لیے تعینات کی جائیں گی۔

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین
1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر شاہد حیدر نے تمام سب ڈویژن میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کی ہدایت جاری کر دی

کھلی کچہریوں میں ٹرانسفارمرز، نئے میٹرز کی تنصیب اور میٹروں کی تبدیلی سے متعلق شکایات کا ازالہ کیا جائے

لاہور (خبرنگار) ترجمان لیسکو کی جانب سے جاری ہونیوالے اعلامیے کے مطابق چیف ایگزیکٹو لیسکو انجینئر نے ہدایت کی ہے کہ تمام سب ڈویژنز میں روزانہ صبح 11 سے 1 بجے کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے، جس میں ایس ڈی اوز، ایکسینز اور ایس ایز اپنی موجودگی یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں میں ٹرانسفارمرز، نئے میٹرز کی تنصیب اور میٹروں کی تبدیلی سے متعلق شکایات کا ازالہ کیا جائے، کھلی کچہریوں سے متعلق عوام کو آگاہی فراہم کی جائے اور اس سلسلے میں تمام دفاتر میں بینرز بھی آویزاں کیے جائیں جبکہ کھلی کچہریوں میں موصول ہونیوالی شکایات اور ان کے حل سے متعلق رپورٹ پاور ڈویژن کو ارسال کی جائے۔ خیال رہے کہ کھلی کچہریوں کا انعقاد پاور ڈویژن کی ہدایت پر کیا گیا ہے۔

چوہدری سرفراز (مرحوم) مرکزی صدر آگیگا پاکستان و پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب کی یاد میں تعزیتی ریفرنس سے قائم مقام صدر پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب رانا انور، رانا لیاقت علی، رحمان علی باجوہ، کاشف شہزاد چوہدری، ظفر علی خان، مختار گجر، رخسانہ انور، سلطان مجددی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

چوہدری محمد سرفراز (مرحوم) کی اساتذہ و ملازمین کے لئے خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، رخسانہ انور

مرحوم کی جدوجہد اساتذہ و ملازمین کے لئے مشعل راہ ہے ان کے مشن کو جاری رکھیں گے، رحمان علی باجوہ

لاہور (خبر نگار) مرکزی صدر آل گورنمنٹ ایمپلائز گرینڈ الائنس پاکستان و پنجاب ٹیچرز یونین پنجاب چوہدری محمد سرفراز (مرحوم) کی یاد میں تعزیتی ریفرنس قائمقام چیئرمین اگیگا پنجاب رخسانہ انور صاحبہ کی زیر صدارت گورنمنٹ مسلم ماڈل سکول اُردو بازار لاہور میں منعقد ہوا جس میں رحمان علی باجوہ چیف کوآرڈینیٹر آگیگا پاکستان اور چوہدری محمد سرفراز مرحوم کے صاحبزادے حارث سرفراز نے خصوصی شرکت کی تعزیتی ریفرنس کا آغاز تلاوت کلام پاک، نعت رسول مقبول اور چوہدری محمد سرفراز مرحوم کے لیے دعا مغفرت سے ہوا۔ مقررین رحمان علی باجوہ، رخسانہ انور، راجہ طاہر محمود، رانا لیاقت علی، فائزہ رعنا، پروفیسر ندیم اشرفی، ڈاکٹر طارق کلیم، کاشف شہزاد چوہدری، بشیر وڑائچ، رانا انوار الحق، محمد امتیاز طاہر، علامہ قاسم علوی، ظفر علی خان، سلطان مجددی، ندیم پھول، مختار گجر، لیاقت بیگ، ملک ذوالقرنین، رانا احمد حسن، قاضی عمران، ظفر جمال اسلم ناز، چوہدری یاسین وڑائچ، چوہدری غلام غوث، شہباز چٹھہ، آصف گوندل، منیر انجم، زبیر ہنجرا، لطیف شہزاد و دیگر نے چوہدری محمد سرفراز (مرحوم) کی اساتذہ سمیت تمام سرکاری ملازمین کے لیے گراں قدر مثالی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ مرحوم نے بیماری کی حالت میں پاکستان بھر کے سرکاری ملازمین کے لیے اپنی جان کی پرواہ نہ کرتے ہوئے ان کے حقوق کے لیے اپنی جدوجہد کو جاری و ساری رکھا انھوں نے کسی قربانی سے دریغ نہ کیا اپنی ساری زندگی اساتذہ کی فلاح و بہبود کے لیے قربان کر دی، چوہدری محمد سرفراز (مرحوم) نے ہمیشہ تمام یونینز و ایسوی ایشنز کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھے رکھنے کا فریضہ بھی سرانجام دیا جو سرکاری ملازمین کے لیے مراعات حاصل کرنے میں سنگ میل ثابت ہوا، مرحوم اعلیٰ اخلاق و صفات کے حامل اور عاجز انسان تھے مرحوم کی جدوجہد ہمارے لئے مشعل راہ ہے وہ ہمت اور جرات رکھنے والے انسان تھے۔

ظالمانہ مہنگائی، بجلی کے جان لیوا بلوں کے خلاف 26 جولائی کو بھرپور دھرنا دیا جائے گا

فارم 47 کی جعلی حکومت قبول نہیں، 26 جولائی کو ہر شخص، ہر کارکن اسلام آباد پہنچے

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ ہم بجلی کے بلوں میں اضافے، لوڈشیڈنگ، مہنگائی اور اشرافیہ کی لوٹ مار کے خلاف "حق دو عوام کو۔ حق دو پاکستان کو" تحریک کا آغاز کر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان کی اپیل پر بجلی کی ظالمانہ لوڈشیڈنگ، بلوں میں ہوشربا اضافے اور مایوس کن بجٹ کے خلاف 26 جولائی کو اسلام آباد میں پوری قوت کے ساتھ دھرنا دیا جائے گا۔ پورے ملک سے قافلے اسلام آباد پہنچیں گے۔ اور اس وقت تک نہیں اٹھیں گے جب تک ہمارے مطالبات منظور نہیں کر لئے جاتے۔ 26 جولائی کو ہر شخص، ہر کارکن اسلام آباد پہنچیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور، ٹوبہ ٹیک سنگھ اور چنیوٹ میں مختلف تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ حکمران عوام کے خون پسینے کی کمائی ٹیکسوں کی مد میں لوٹ کر اپنے شاہانہ پروٹوکول پر خرچ کر رہے ہیں اور کوئی پوچھنے والا ہی نہیں۔ بجلی کے بلوں پر 13 مختلف اقسام کے ٹیکس نافذ ہیں، عوام بلوں کی ادائیگی کے لئے قیمتی سامان زیورات تک فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ پی ڈی ایم ٹو کی حکومت بھی پی ڈی ایم ون اور کیئر ٹیکر حکومت کا تسلسل ہی ہے۔ بجٹ میں جس طرح عوام پر ٹیکسوں کی بھرمار کی گئی ہے اس سے قوم کی مشکلات میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کتنی بدنصیبی کی بات ہے کہ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان کے 94 فیصد عوام دیار غیر منتقل ہونا چاہتے ہیں۔ رواں سال 2024 کے ابتدائی چھ ماہ کے دوران پاکستان سے 7 لاکھ 89 ہزار 837 لوگ روزگار کیلئے بیرون ملک چلے گئے ہیں جبکہ گزشتہ مالی سال 2023 کے دوران 8 لاکھ 11 ہزار 469 افراد روزگار کیلئے بیرون ملک گئے تھے۔ حکمرانوں نے عوام کے لئے پاکستان میں رہنا دشوار بنا دیا ہے۔ پی ڈی ایم ٹو کے پاس بھی کسی قسم کا کوئی معاشی ایجنڈا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک و قوم کو درپیش مسائل کا واحد حل سودی معاشی نظام کا خاتمہ ہے۔

مرکزی مسلم لیگ کے زیر اہتمام سبزی سہولت بازار سے شہری خریداری کر رہے ہیں

پاکستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری محمد ندیم پہلوان کا امداد شاہ کی قیادت میں ملاقات کرنے والے پارٹی کارکنان کے ہمراہ گروپ فوٹو

عدالت عالیہ میں عالیہ نیلم کا دم سائلین کیلئے غنیمت ہے: وقار باجوہ

وہ ملک میں قانون کی حکمرانی اور انصاف کی فراوانی کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گی

لاہور (خبر نگار) انٹرنیشنل ہیومن رائٹس مومنٹ یورپ کے صدر وقار احمد باجوہ نے کہا ہے کہ عدالت عالیہ لاہور کی چیف جسٹس عالیہ نیلم کا دم سائلین کیلئے غنیمت ہے۔ وہ ملک میں قانون کی حکمرانی اور انصاف کی فراوانی کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گی۔ پاکستان میں باصلاحیت خواتین کو کامیابی کے افق پر پرواز کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ مادر وطن کی خواتین صنف نازک نہیں بلکہ صنف آہن ہیں۔ خواتین کی زبردست خود اعتمادی سمیت ریاست کے مختلف شعبہ جات میں کامیاب مہم جوئی اور اڑان نے انہیں ہر میدان میں منفرد مقام سے ہمکنار کر دیا۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم نے اپنے منصب کے حلف اٹھانے کے بعد جس عزم کا اعادہ کیا وہ خوش آئند ہے۔ اپنے ایک بیان میں وقار احمد باجوہ نے مزید کہا کہ ان کی تقرری سے پاکستان میں جو تاریخ رقم ہوئی ہے اسے کوئی تبدیل نہیں کر سکتا، وہ باہمت اور پرعزم خواتین کیلئے مشعل راہ ہیں۔ جسٹس عالیہ نیلم کا لاہور ہائیکورٹ میں پہلی خاتون کی حیثیت سے چیف جسٹس کا منصب سنبھالنا ہونا منفرد اعزاز ہے۔ چیف جسٹس عالیہ نیلم کی نامزدگی پر اپنی نیک خواہشات اور پرخلوص تمناؤں کا اظہار کرتے ہوئے وقار احمد باجوہ نے مزید کہا کہ چیف جسٹس عالیہ نیلم قانون کی حکمرانی اور انصاف کی فراوانی کیلئے اپنا بھرپور آئینی کردار ادا کریں گی۔

سول سروسز اکیڈمی کے زیر تربیت افسران کا پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ

روایتی پولیسنگ کا دور ختم، دنیا بھر میں ماڈرن ٹیکنالوجی سے مدد لی جا رہی ہے، زیر تربیت افسران

لاہور (خبر نگار) سول سروسز اکیڈمی کے زیر تربیت افسران نے پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ کیا۔ وفد میں فیکلٹی ممبران سمیت 33 افسران شریک تھے۔ اس موقع پر آپریشن کمانڈر ایس پی شفیق احمد نے وفد کو سیف سٹی کی ورکنگ بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ افسران کو ڈیجیٹل فرانزک ایویڈنس (Digital Forensics Evidence) کی قانونی اہمیت اور تفتیش کے عمل بارے بتایا گیا۔ افسران کو ایل ٹی ای ایڈوانس سسٹم اور جیوگرافک انفارمیشن سسٹم بارے تربیت دی گئی۔ وفد کو 15 ایمرجنسی سسٹم پر موصول ہونے والی کالز اور فوری پولیس رسپانس کا عملی نمونہ بھی دکھایا گیا۔ پاکستان کے پہلے ورچوئل ویمن پولیس سٹیشن میں تربیت کے دوران پنجاب بھر سے موصول ہونے والی خواتین کی شکایات کے فوری ازالے اور مجرمان کے خلاف لئے جانے والے اقدامات پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر زیر تربیت افسران کا کہنا تھا کہ نوجوان افسران کا جدید ٹیکنالوجی سے ہمکنار ہونا خوش آئند بات ہے۔ جرائم کے خاتمے کے لیے سیف سٹی جیسے پراجیکٹس پاکستان بھر میں ناگزیر ہیں۔ افسران کا مزید کہنا تھا کہ روایتی پولیسنگ کا دور ختم ہو چکا ہے۔ دنیا بھر میں ماڈرن ٹیکنالوجی سے مدد لی جا رہی ہے۔ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا دورہ اس ضمن میں مددگار ثابت ہوگا۔ دورے کے اختتام پر یادگاری شیلڈز کا تبادلہ بھی کیا گیا۔

لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی میں کیمپس مینجمنٹ سسٹم نافذ، مالی اصلاحات، 104 ملین ریکور

ڈاکٹر شگفتہ ناز کا بطور وائس چانسلر ایک سال مکمل، پاکستان میں ٹائمز رینکنگ حاصل کرنیوالی واحد ویمن یونیورسٹی قرار

لاہور (خبر نگار) پروفیسر ڈاکٹر شگفتہ ناز نے بطور وائس چانسلر لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی ایک سال مکمل کر لیا۔ ایجوکیشن سیکٹر میں وسیع تجربے کی حامل ڈاکٹر شگفتہ ناز لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی کی پرو وائس چانسلر اور ڈین آف سائنس ہیں۔ وہ 2010 میں پروفیسر آف بائیوٹیکنالوجی تعینات ہوئیں۔ گورنر پنجاب اور چانسلر نے 2019 اور پھر 2023 میں انہیں سائنس اور ٹیکنالوجی کی فیکلٹی کی ڈین مقرر کیا۔ وہ متعدد کلیدی عہدوں پر خدمات سر انجام دے چکی ہیں۔ ایک سال قبل انہوں نے مستقل وائس چانسلر ڈاکٹر بشریٰ مرزا کی سبکدوشی کے بعد یونیورسٹی ایکٹ کے مطابق وائس چانسلر کا آفس سنبھالا۔ انہوں نے ایک سال میں یونیورسٹی کی ترقی اور ترویج کیلئے متعدد نمایاں اقدامات کئے۔ یونیورسٹی کے انتظامی اور تدریسی شعبوں کی اوور ہالنگ پر توجہ دی۔ فنانس کے شعبے میں اصلاحات کیں اور ایک سو چار ملین روپے کی ریکوری کرکے یونیورسٹی کے خزانے میں جمع کرائے۔ لاہور کالج فار ویمن یونیورسٹی پاکستان میں واحد ویمن یونیورسٹی ہے جس نے 2023 میں ٹائمز رینکنگ حاصل کی۔ سی ایم ایس یعنی کیمپس مینجمنٹ سسٹم کا نفاذ کیا جس سے یونیورسٹی کے داخلے، امتحانات، واجبات اور ریکارڈ کیپنگ کے معاملات ڈیجیٹلائز ہو گئے۔ سی ایم ایس کی مدد سے پیپر فری کیمپس کا خواب پورا ہوا اور اب طالبات اور والدین گھر بیٹھے اپنے موبائل سے یونیورسٹی کی فیسیں اور داخلہ فارم جمع کرا سکتے ہیں اور امتحانات سے متعلق معلومات اور کاغذات حاصل کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر شگفتہ ناز کی زیر نگرانی ایک کمیٹی یونیورسٹی کے ملازمین کیلئے ہاؤسنگ سوسائٹی کے قیام کیلئے کام کر رہی ہے۔ ایک سال کے عرصے میں رکے ہوئے سلیکشن بورڈز کے اجلاس منعقد کئے، ویمن ایمپاورمنٹ کیلئے کئی مستند اداروں سے ایم او یوز کئے۔ ای روزگار پروگرام کو بحال کیا، طالبات کو اپنا تحقیقی کام کمرشل بنیادوں پر مارکیٹ کرنے کیلئے کیمپس میں جگہ فراہم کرنے کا منصوبہ دیا اور کیورو شاپ قائم کی۔

لنڈے بازار سے ملحقہ بند مارکیٹ کے باہر پرانے کپڑے کے سٹالز سجے ہوئے ہیں

★★★ پاک سرزمین کا نظام ۔۔۔ قوت اخوت عوام ★★★
ABC
DAILY QUWAT LAHORE
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
ایڈیٹر امداداللہ قریشی
www.dailyquwat.com Email: dailyquwat786@gmail.com

ادب نامہ

محمد مصطفیٰؐ صلی علیٰ دی ذاتِ والا نُوں زمینِ زندگانی دا میں اپڑیں آسماں رکھاں

نامور نعت گو شاعر بشیر ناظم کی برسی پر اسلام آباد میں نعتیہ مشاعرہ



نصرت یاب نصرت

محفلِ نعت پاکستان اسلام آباد کا مسلسل 423 واں ماہانہ نعتیہ مشاعرہ معروف نعت گو شاعر احمد محمود الزماں کی میزبانی میں ان کے والد، وطنِ عزیز کے نامور نعت خواں ونعت گو شاعر بشیر حسین ناظم مرحوم کی برسی کے موقع پر ان کی رہائش گاہ پر منعقد کیا گیا۔ محفلِ نعت کا آغاز تلاوتِ کلامِ الٰہی سے ہوا جس کی سعادت، صدارتی تمغہ حسنِ کارکردگی پانے والے معروف قاری بزرگ شاہ الازہری نے حاصل کی۔ اس پاک وبابرکت محفل کی نظامت کے فرائض نصرت یاب نصرت نے ادا کیے۔ ناظمِ مشاعرہ نے اپنے حمدیہ ونعتیہ اشعار سے پروگرام کا آغاز کیا۔ انہوں نے پنجابی زبان میں حمد اور نعت پیش کی۔ یہ مشاعرہ اردو، پنجابی، فارسی، سرائیکی اور انگریزی زبان میں ہونے کی وجہ سے کثیر اللسانی مشاعرے کی شکل اختیار کرگیا۔ اس متبرک نعتیہ مشاعرے کی صدارت، محفلِ نعت پاکستان اسلام آباد کے صدر، سید ابرار حسین نے فرمائی۔ مہمانِ خصوصی علامہ پیر خالد رُومی قادری نظامی گولڑوی تھے۔ دیگر شعرا میں وفا چشتی، سیکرٹری محفلِ نعت پاکستان اسلام آباد عرش ہاشمی، پروفیسر عرفان جمیل، مسعود الزماں (جو بشیر حسین ناظم مرحوم کے بڑے صاحبزادے ہیں انہوں نے والد مرحوم کا کلام ترنم سے پڑھ کر محفل میں اپنی حاضری لگوائی)، احمد محمود الزماں جنہوں نے نہ صرف اردو بلکہ پہلی بار محفلِ نعت میں انگریزی زبان میں بھی نعت پیش کی۔ شعرا کے علاوہ بہت سے سامعین نے محفل میں شرکت کر کے اسے رونق بخشی۔ بشیر حسین ناظم مرحوم کی برسی کے موقع پر قاری بزرگ شاہ الازہری نے انہیں منظوم خراجِ عقیدت پیش کیا۔ یہ خوبصورت محفل شام پانچ بجے نمازِ عصر کے بعد شروع ہوئی اور مغرب تک جاری رہی۔ تمام شعرا نے بہتریں نعتیہ کلام پیش کیا اور شرکائے محفل سے خوب داد سمیٹی۔ صاحبِ صدارت سید ابرار حسین نے اپنے صدارتی خطاب میں نعت گو شعرا کے نعت گوئی اور نعتیہ محافل میں شرکت کو سراہا۔ انہوں نے بشیر حسین ناظم مرحوم کی نعت کے حوالے سے خدمات کی بھی ستائش فرمائی۔ پروگرام کا اختتام بشیر حسین ناظم مرحوم کی نعت کی وڈیو ریکارڈنگ پر ہوا۔ اس کے بعد عرش ہاشمی نے دعا کروائی۔

نعت کا ذوق رکھنے والے احباب کے لئے شعراء کے نعتیہ کلام میں سے اقتباس پیش ہے۔

نصرت یاب نصرت

نبیؐ دے ذکر نُوں نصرت سدا وِرد زباں رکھاں
میں اپنے دل دی نگری نُوں ہمیشہ شادماں رکھاں
محمد مصطفیٰؐ صلی علیٰ دی ذاتِ والا نُوں
زمینِ زندگانی دا میں اپڑیں آسماں رکھاں

حیدر عثمان سیالوی

زندگی سے وفا کیجئے
جان اُنؐ پر فدا کیجئے
فلسفوں کی ضرورت نہیں
جو نبیؐ نے کہا، کیجئے

محمد نُور آسی

انوار میں گوندھی ہوئی طیبہ کی فضا ہے
ہر لمحہ عنائت ہے ہر اِک آن عطا ہے
تعظیم کو اُتری ہیں ملائک کی قطاریں
مسجد کے کھلے صحن میں دربار لگا ہے

محمد گل نازک

عملداری میں اُس کی آ رہا ہوں
تبھی تو اس قدر اِترا رہا ہوں
ملی شہہ مجھ کو اُس دربار سے ہے
مِری نسبت شہہِ ابرار سے ہے

خلیل الرحمان خلیل

دل مدینے میں، بدن جس کا یہاں ہوتا ہے
جانتا ہے وہی، کیا ضبطِ فغاں ہوتا ہے
زیست جب آپؐ کی سیرت کے مطابق ہو خلیل
دل پہ تب گنبدِ اخضر کا نشاں ہوتا ہے

قاری بزرگ شاہ الازہری

میرے آقاؐ شان تیری رحمتہ اللعالمیں
آنکھ ما زاغ البصر اور چاند سی روشن جبیں
ہے برستا نُور تجھ پر، نُورِ رب العالمیں
اے شبِ اسریٰ کے دُولہا، اے مدینے کے مکیں

احمد محمود الزماں

نظر میں رکھوں نقشِ پائے محمدؐ
مِرے رہنما بن کے آئے محمدؐ
جو پیرو ہیں اُن کے، خدا اُن سے راضی
رضائے خدا ہے، رضائے محمدؐ

پروفیسر عرفان جمیل

ثُور، حِرا، فاران، اُحد، مروہ، روئے
بچھڑے آپؐ تو رَف رَف اور قصویٰ، روئے
حالت دیکھی تھی فاروق کی اُس لمحے
صدمے سے کتنا تڑپے، کتنا روئے

عرش ہاشمی

اِک دِیا دل میں مودت کا ہُوا روشن ہے
یوں ہی روشن رہے جیسے یہ دِیا روشن ہے
کتنے خوش بخت ہیں ہم عرشؔ، ہیں اِس محفل میں
جس پہ سرکار کی رحمت کی رِدا روشن ہے

وفا چشتی

چھو جو لیتے سنہری جالی ہاتھ
ہوتے زریاب میرے خالی ہاتھ
غیر کے سامنے نہیں جھکتے
اُنؐ کے عشاق کے سوالی ہاتھ

علامہ پیر خالد رُومی قادری نظامی گولڑوی

اس کو حاصل ہے مدام زندگی کی ہر بہار
اس کے رُومی ہیں مفاخر خلق کے جملہ خیار
اس پہ بزمِ قدس میں نازاں رہے پرور دگار
اس پہ قربان ہو عروسِ مرحمت مستانہ وار
احمدِ مرسل کی ناظم جو ثنا خوانی کرے

سید ابرار حسین

جب کسی آنکھ نے تجھ سا کوئی دیکھا ہی نہیں
کیسے کر پائے بیاں کوئی سراپا تیرا
جس سے ہر عہد معطر ہے وہ خوشبو تیری
جس سے ہر دَور ہے روشن وہ اُجالا تیرا

کرب و بلا سے غزہ تک

خانوادہ رسولؐ کی شہادتِ عظمیٰ اور مظلومانِ فلسطین کے پس منظر میں کہانی

انیلہ افضال ایڈووکیٹ

عرب کی سرزمین کو یہ خاص اعزاز حاصل ہے کہ اللہ تعالی اس زمین کو اپنی نشانیاں چننے کے لیے خاص طور پر منتخب کرتا ہے۔ عرب کے مسلمان آغاز اسلام سے ہی دین خداوندی کی سربلندی کے لیے قربانیاں دیتے آئے ہیں یقیناً یہ اعجاز سرزمین عرب کو حاصل ہے۔

غزہ کی گلیوں میں سورج غروب ہو رہا تھا اور شام کے سائے لہرا رہے تھے۔ یہ اکتوبر نومبر کی کوئی خوبصورت شام نہ تھی؛ بلکہ تباہ حال غزہ میں گرد میں اٹی ہوئی شام تھی۔ امینہ ایک پندرہ سولہ سال عمر کی لڑکی تھی۔ اس کا سارا خاندان حماس اور اسرائیل کے مابین لڑائی میں شہید ہو چکا تھا۔ اس کا دل بری طرح ٹوٹ چکا تھا۔ جینے کی امنگ ختم ہو چکی تھی۔ وہ ہر لمحہ، ہر آن اس بات کے لیے تیار تھی کہ کبھی کوئی گولی، یا کوئی راکٹ، یا پھر کوئی بم، اس کی زندگی کا خاتمہ کرسکتا ہے۔ وہ بے چینی سے اپنے خاندان سے جنت میں ملاقات کا انتظار کر رہی تھی۔ جینے کی ارزو ختم ہو چکی تھی۔ آزادی کی امید اب مایوسی میں بدلنے لگی تھی۔ آزادی اس قدر قیمتی، اس قدر مہنگی ہوسکتی ہے۔ اس نے کبھی نہیں سوچا تھا۔ پورا خاندان گنوا کر اگر آزادی مل بھی جائے تو وہ اکیلی اس آزادی کا کیا کرے گی؟ جہاں نہ اس کے ماں باپ کی شفقت ہوگی، نہ بہن بھائیوں کے قہقہے، اور نہ دوستوں کی چہکار!!! وہ اس سوگوار آزادی کا کیا کرے گی؟

آخر کیوں انہیں ہی چنا گیا؟ آزادی کے حصول کے لیے اپنے خاندان اور اپنی زندگیوں کو ختم کرنا انہی کا مقدر کیوں ٹھہرا؟ آخر ایسا کیا ہے جو انہیں جینے کا حق نہیں دیا جا رہا؟ ان کی کئی نسلیں کیمپوں میں جوان ہوگئیں۔ بوڑھے آزادی کی حسرت لیے دنیا سے رخصت ہوگئے۔ بہت سے بچے، جن کے لیے خود انہوں نے اور ان کے والدین نے بہت سارے حسین خواب دیکھ رکھے تھے وہ سب بارود کی نذر ہو گئے۔ آج وہ بہت دکھی تھی۔ وہ ایک عارضی پناہ گاہ میں مقیم تھی۔ جب تک زندگی تھی جینا تو تھا کہ خودکشی حرام ہے۔ کبھی کبھی اسے لگتا تھا کہ یوں آزادی کی تحریک کے ساتھ چلنا خودکشی ہی تو ہے۔ غلامی مشکل میں سہی مگر اس کے اپنے زندہ تو تھے۔ یہ کیسی ازادی ہے جس کے لیے وہ تنہا کر دیے گئے، زخمی اور اپاہج کردیے گئے۔ ایک ایک سانس لینا مشکل کر دیا گیا۔ زندگی اجیرن تھی۔ یہ عارضی کیمپ ایک تباہ شدہ سکول کی عمارت میں قائم کیا گیا تھا۔ یہاں سبھی اداس اور اپنے کے غم میں مبتلا تھے۔

ایک دن اس کھنڈر نما عمارت میں گھومتے ہوئے امینہ کی نظر ایک کمرے پر جا کر پڑی جس کا آدھا دروازہ بمباری میں اڑ چکا تھا اور باقی ماندہ آدھے دروازے پر لائبریری لکھا ہوا نظر آ رہا تھا۔ امینہ اس کمرے میں داخل ہوگئی۔ کمرے میں مخدوش کتابوں کا ایک ڈھیر سا لگا ہوا تھا۔ اس کی نظر ایک کتاب پر پڑی جس کا ٹائٹل اسے جانا پہچانا لگا۔ "قصۃ کربلا ہی قصۃ الشجاعۃ والمثابرۃ" امینہ نے جلدی سے وہ کتاب اٹھالی۔ اس نے اسے اچھی طرح سے جھاڑا اور پڑھنے کے لئے ساتھ لے آئی۔

یوں تو امینہ کئی بار یہ داستان اپنی دادی سے سن چکی تھی مگر اج ان حالات میں، اس تباہی کے درمیان وہ اس داستان کی اہمیت اور اس کو صحیح معنوں کو سمجھ چکی تھی۔ ہمت کیا ہے؟ جبر کیا ہے؟ جبر کے خلاف جنگ کیا ہے؟ امینہ یہ سب سمجھ چکی تھی کیونکہ وہ ان تجربات سے گزر رہی تھی۔ جیسے جیسے وہ یہ کتاب پڑھتی گئی اسے امامؓ کے سفر سے ایک عجیب سا تعلق محسوس ہوا۔ اس نے اپنے آپ کو اسی جدوجہد اور مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے پایا۔ محاصرہ، بھوک، پیاس؛ یہ سب دین اسلام اور مسلمانوں کے لئے نیا نہیں تھا۔ امینہ کو احساس ہوا کی اگر امام حسینؓ تمام مشکلات کا مقابلہ کر سکتے ہیں تو وہ بھی اور اس جیسے دیگر مسلمان بھی کر سکتے ہیں کیونکہ وہ سب انہی کے نقش قدم پر تو چل رہے ہیں۔

اس نے اپنی آنکھیں بند کیں اور صدق دل سے دعا مانگی۔ اگلی صبح، آمنہ پناہ گاہ سے نکلی۔ آج وہ مایوس اور ناامید نہیں تھی۔ وہ پر عزم تھی۔ وہ رضا کاروں کے ایک گروپ میں شامل ہوگئی۔ زخمیوں اور ضرورت مندوں کی مدد کرتے وقت وہ اپنے دل میں کربلا کو زندہ محسوس کرتی ہے مصیبت اور مایوسی کے وقت اس نے امام حسینؓ کے قصے سے ہمت پائی ہے وہ جانتی ہے کہ انسان اور انسانیت کی یہ جدوجہد کربلا سے جاری ہے اور آج غزہ اس جدوجہد سے گزر رہا ہے امینہ کو انصاف اور ہمت، شجاعت اور دلیری کی اس جدوجہد کا حصہ بننے پر فخر محسوس ہوتا ہے وہ پرامید ہے کہ بالآخر ایک دن مسلمان پھر کامیاب اور کامران ہوں گے اور کفار پر ان کا رعب اور دبدبہ قائم ہوجائے گا۔

ان شاءاللہ

کالموں کے مجموعے ''سیان فہمیاں'' کی تقریب رونمائی

تقریبِ رونمائی
فہمینہ ارشد کے کالموں کا مجموعہ
سیان فہمیاں
صدارت: محمود شام
مہمانانِ خاص:
مہتاب اکبر راشدی، خواجہ رضی حیدر
عمرانہ مقصود، زیب اذکار حسین

آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی اسپیشل ایونٹس کمیٹی کے زیر اہتمام فہمینہ ارشد کے کالموں کا مجموعہ ''سیان فہمیاں'' کی تقریب رونمائی حسینہ معین ہال میں کی گئی جس کی صدارت محمود شام نے کی جبکہ مہتاب اکبر راشدی، عمرانہ مقصود، زیب اذکار حسین، خرم سہیل، حسان بن رضوان اور حرا شبیر نے اظہار خیال کیا۔ تقریب میں نظامت کے فرائض آصف علی آصف نے انجام دیے، محمود شام نے صدارتی خطبے میں کہا کہ روایات کا خون بہہ رہا ہے، بگڑے معاملات کو درست کرنے کے لیے انقلابی قدم اٹھانے پڑتے ہیں، فہمینہ نے سوچ کی پستی کا ذکر بہت خوبی سے بیان کیا ہے، انہوں نے کہا کہ لوگوں نے معاشرے میں پھیلی برائی پر آنکھیں بند کرلی ہیں، فہمینہ نے اپنی کتاب میں قلم کی طاقت کو استعمال کیا ہے، مہتاب اکبر راشدی نے کہا کہ اس کتاب میں باتیں ساری پرانی ہیں لیکن اسلوب نیا ہے۔ زیب اذکار حسین نے کہا کہ فہمینہ کی خاص بات یہ ہے کہ وہ عام سی باتوں کے اندر چھپے ہوئے نفسیاتی رویوں کو بہت سادہ سی زبان میں لکھتی ہے، عمرانہ مقصود نے کہا کہ یہ کوئی معمولی کتاب نہیں فہمینہ نے نہایت آسان اور سمجھ آنے والی زبان اردو میں اظہار کیا ہے، آج کی نوجوان نسل اس لیے اردو نہیں پڑھتی کیونکہ کتابیں لکھنے والے اتنی ثقیل اردو لکھتے ہیں کہ پڑھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اقبال لطیف نے کہا کہ آرٹس کونسل ادب وفنون کا بہترین ادارہ ہے، کتاب کی رونمائی مجھے تو بیاہتا دلہن کی طرح دکھائی دیتی ہے۔ فہمینہ نے اپنی تحریروں میں معاشرے کی سفاکی کو بہت آسان الفاظوں میں بیان کیا ہے، خرم سہیل نے کہا کہ کتاب پڑھتے ہوئے ایسا محسوس ہوا کہ ہم سے خود کلامی کر رہی ہو جن چیزوں کے بارے میں عموماً بولنا مشکل ہوتا ہے فہمینہ نے ان واقعات کو نہایت تلخ انداز سے قلم بند کیا ہے۔ حرا شبیر نے کہا کہ اس کتاب کا صرف عنوان ہی انوکھا اور منفرد نہیں بلکہ مسودہ بھی دلفریب ہے۔ حسان بن رضوان نے کہا کہ دو کروڑ ستر لاکھ بچے اسکول نہیں جا رہے اور جو بچے اسکول جاتے ہیں ان میں سے ستر فیصد بچے بین الاقوامی معیار سے نیچے ہیں، بچوں کے تعلیمی معیار کو برقرار رکھنے کے لیے فہمینہ نے بچوں کے ادب پر بھی کام کیا۔ آخر میں فہمینہ ارشد نے آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی سمیت تمام مہمانانِ گرامی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا معاشرا دن بہ دن اخلاقی زوال کا شکار ہوتا جارہا ہے، معاشرے میں مردوں کی تربیت کا رجحان بہت کم ہے، جتنا زور عورتوں کی تربیت پر دیا جاتا ہے اگر اس کا ایک فیصد بھی مردوں کی تربیت کی جاتی تو آج معاشرہ کچھ اور ہوتا۔

تخیلِ قدسی

رومیصا اخت ابوحنظلہ

آج اس کارواں رواں اللہ کی حمد وثنا بیان کر رہا تھا۔ دل تھا کہ خوشی سے سنبھلتا نہ تھا۔ واقعی اس کا خوش ہونا بنتا تھا وہ اپنی بچپن کی محبت قدسی کی طرف جس کے لیے وہ تڑپتی تھی پہروں روتی تھی۔ جس کو روبرو ایک بار دیکھنا اس کی زندگی کی سب سے بڑی خواہش تھی۔۔ بہت سے خیالات و احساسات کے ساتھ اپنے محبوب قدسی کی طرف وہ بڑھتی ہی جارہی تھی سفر کا اختتام ہوتا ہے۔ اپنے محبوب شوہر کی '' رومی تمھارا قدسی '' کہنے پر تخیلات کی دنیا سے واپس اتی ہے۔۔ اپنے روبرو اس سنہرے گنبد کو پوری اب وتاب سے چمکتے دیکھ کر ضبط کے سارے بندھن ٹوٹ گئے انسو پلکوں کی باڑ کو توڑتے ہوئے رخساروں کو بھگوتے ہی چلے گئے۔ قدسی کی محبت سے لبریز وجود اقصیٰ کی زمین پر ڈھے سا گیا۔ جیسے سالوں کے متلاشی تھکے ہارے مسافر کو منزل مل گئی ہو۔ وہ زیرلب قدسی میری محبت میں تم پر قربان یہ جان بھی تم پر نچھاور ہوجائے۔ تو محبت کامل ہوجائے کا ورد کرنے لگی۔

اچانک ایک بے رحم گولی اس کے سینے کو چیرتی ہی چلی گئی اور بہتا ہوا خون اقصیٰ کی سرزمین کو بھگو گیا۔ اپنی محبت کامل ہونے پر وہ مسکرائی اور جاں آفریں کے سپرد کردی۔

آبرو کی پُرخار وادی

قیام پاکستان پر سلسلہ وار اچھوتا ناول

سلسبیل نواب

(گذشتہ سے پیوستہ)

دیمہ اور چندرا کے چہروں سے خوشی عیاں تھی۔ وہ اس بات پر خوش تھیں کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کی بجائے دنبہ ذبح ہوا تھا نور محمد بھی مسکرا دیا تھا۔ "اور تم تینوں کو پتہ ہے کہ اس وقت حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عمر مبارک کتنی تھی"۔ وہ تینوں خاموش رہی تھیں '' اس وقت حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عمر مبارک نو سال تھی یعنی وہ اس قدر چھوٹے تھے لیکن پھر بھی انہوں نے اپنے باپ کا حکم نہیں ٹالا۔ "تینوں نے بات سمجھتے ہوئے سر ہلا دیا تھا۔ "مشک، چندرا، دیمہ "نور محمد نے تینوں کے سنجیدگی کے ساتھ نام لیے۔ "یہ واقعہ سنانے کا مقصد یہ تھا کہ تم تینوں جان لو کہ باپ کا حکم کس حد تک مانا جاتا ہے"۔ "جی ابا جی "مشک نے کہا۔ "مشک تو سمجھدار ہے جو میں کہوں گا وہ کرے گی لیکن دیمہ اور چندرا تم دونوں میرا ہر حکم مانو گی کیا"۔ نور محمد نے ملائم انداز میں پوچھا۔ "جی ابا جی"۔ دونوں بچیوں نے خوش مزاجی سے فوراً جواب دیا۔ "تو تم دونوں میری ہر بات مانو گی ''۔ نور محمد نے پرزور انداز میں دریافت کیا۔ اس بار بھی دونوں نے فوراً اثبات میں سر ہلا دیا تھا۔ "اگر میں تم دونوں کو ذبح کردوں تو"۔ نور محمد نے چیلنج کرتے ہوئے انداز میں پوچھا تھا۔ اس لمحے نور محمد کا چہرہ تاریکی سے پر تھا اس کی آنکھوں میں سفاکی نمایاں تھی۔ دونوں بچیاں جیسے لرز سی گئی تھیں جیسے انہیں اپنے کانوں پر وہم کا شائبہ ہوا ہو۔ انہیں لگا جیسے ان کے ابا جی نے کچھ اور کہا ہے لیکن ان کو کچھ اور سنائی دیا ہے۔ انہیں لگا جیسے ان کے نیچے سے زمین ہٹ گئی ہو اور وہ خلا میں معلق ہوگئی ہوں۔ "بتاؤ میری بچیو! اگر میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح تم دونوں کو ذبح کردوں تو کیا تم دونوں حضرت اسماعیل علیہ السلام کی طرح قربان ہونے کے لیے تیار ہو جاؤ گی"۔ مشک جی جان سے لرز گئی تھی لیکن 10 سال کی دیمہ اور چھ سال کی چندرا کے چہروں پر ناسمجھی کے غبار چھائے ہوئے تھے۔

میری بات کا جواب دو میری بیٹیو" نور محمد نے سرسراتی ہوئی آواز میں پوچھا تھا۔ " تو کیا اللہ تعالی ہمیں بھی بچالیں گے دنبہ رکھ کے "۔ یہ معصومانہ سوال چندرا کی جانب سے تھا۔ "یہ تو اللہ کی مرضی ہے نا"۔ نور محمد نے قائل کرنا چاہا تھا۔ مشک پر تو گویا سکتے کی سی کیفیت تھی۔ وہ جان چکی تھی کہ چاہے اب وہ تینوں چاہیں یا نہ چاہیں ان کو مرنا ہی ہوگا۔ ہلکی ہلکی ہوا چلنا شروع ہوگئی تھی۔ معمولی سا گرد و غبار اٹھنا شروع ہوگیا تھا۔ مشک صراحی دار گردن اٹھائے گود میں چھوٹی بچی فاطمہ کو ڈالے سکتے کی کیفیت میں بالکل کوئی مغلیہ شہزادی لگ رہی تھی۔ بالکل ایسی شہزادی جو اپنا سب کچھ کھو چکی ہو اور زندگی کی رمق ذرہ بھر کے برابر جسم میں موجود نہ ہو۔ نور محمد نے چندرا کا ہاتھ تھاما اور اسے دور جھاڑیوں کی طرف لے گیا تھا۔ آہ! کاش ان بچیوں کو شعور ہوتا تو وہ چیخ چیخ کر کہتیں کہ اے ہمارے باپ! نہ تو تم پیغمبر ہو اور نہ ہم پیغمبر زادیاں۔ نہ تم خلیل اللہ کے مقام کی گرد کو پا سکتے ہو نہ ہم ذبیح اللہ کے مقام کو پا سکتی ہیں۔ وہ کہتیں کہ اے ہمارے باپ! زندگی اور موت کا اختیار تو اللہ کے ہاتھ میں ہے پھر تم کیوں اللہ کے شریک بن کر ہماری زندگیوں اور موت کو اپنے ہاتھ میں لے رہے ہو۔ کاش! ان کے ذہن پختہ ہوتے، وہ باشعور ہوتیں تو کہتیں اے ہمارے باپ! ہمیں پیدا کرنے والا اللہ ہے، ہمیں صورت دینے والا اللہ ہے، ہمارے جسم کا ہر عضو مکمل بنا کر پھر سینے میں دل دھڑکا دینے والا بھی اللہ ہی ہے، ہمیں رزق دینے والا اللہ ہے تو کیا ہمارے باپ۔ ہمارا اللہ ہماری عصمت کی حفاظت نہ کرتا، اور بالفرض اے ہمارے باپ! اگر ہماری عصمت داغدار ہو بھی جاتی تو یہ فیصلہ بھی ہمارے اللہ کا ہی ہوتا ہے اور اس عمل سے وہ ہماری آزمائش کرتا۔

(جاری ہے)

واقعہ کربلا اور اردو ادب

> کربلا کی سرزمین ان کے خون سے لہولہان ہوئی تو درحقیقت وہ خون ریت پر نہیں گرا بلکہ سنتِ رسولؐ اور دین ابراہیمیؑ کی بنیادوں کو ہمیشہ کیلئے سینچ گیا۔ پروفیسر گوپی چند نارنگ

بلال احمد معاویہ اعوان

(گذشتہ سے پیوستہ)

حضرت امام حسینؓ کے حوالے سے عیسائی مبلغ ڈاکٹر ایچ ڈبلیو بی مورینو نے اپنی عقیدت کچھ اس طرح قلم بند کی کہ ''امام حسینؓ صداقت کے اصول پر سختی کے ساتھ کاربند رہے اور زندگی کی آخری گھڑی تک مستقل مزاج اور اٹل رہے۔ آپؓ نے ذلت پر موت کو ترجیح دی۔ ایسی روحیں کبھی فنا نہیں ہوسکتیں اور امام حسینؓ آج بھی انسانیت کے رہنماؤں میں بلند مقام رکھتے ہیں۔''

جی بی ایڈورڈ کا کہنا ہے ''تاریخ اسلام میں جس باکمال ہیرو کا نام نظر آتا ہے، آپؓ کو حسینؓ کہا جاتا ہے۔ آپؓ حضرت محمدﷺ کے نواسے، حضرت علیؓ و حضرت فاطمہؓ کے بیٹے لاتعداد صفات واوصاف کے مالک ہیں۔ آپؓ کے عظیم واعلیٰ کردار نے اسلام کو زندہ کیا اور دین خدا میں نئی روح ڈال دی۔ حق تو یہ ہے کہ اسلام کے یہ بہادر میدانِ کربلا میں شجاعت کے جوہر نہ دکھاتے تو آج حضرت محمدﷺ کے دین کا نقشہ کچھ اور نظر آتا، یوں کہنا چاہیے کہ انسانیت کا نشان تک دکھائی نہ دیتا۔ ہر جگہ وحشت و بربریت اور درندگی نظر آتی۔''

مہاراج پوربندر سر نٹور سنگھ کہتے ہیں ''قربانیوں ہی کے ذریعے تہذیبوں کا ارتقاء ہوتا ہے۔ حضرت امام حسینؓ کی قربانی نہ صرف مسلمانوں کے لیے بلکہ پوری انسانیت کیلئے ایک قابلِ فخر کارنامے کی حیثیت رکھتی ہے۔ آپؓ نے جان دیدی لیکن انسانیت کے رہنما اصولوں پر آنچ نہیں آنے دی۔ دنیا کی تاریخ میں اس کی دوسری مثال نہیں ملتی۔ حضرت امام حسینؓ کی قربانی کے زیر قدم امن اور مسرت دوبارہ بنی نوع انسان کو حاصل ہوسکتی ہیں بشرطیکہ انسان ان کے نقش قدم پر چلنے کی کوشش کرے۔

مشہور افسانہ نگار منشی پریم چند لکھتے ہیں ''معرکہ کربلا دنیا کی تاریخ میں پہلی آواز ہے اور شاید آخری بھی جو مظلوموں کی حمایت میں بلند ہوئی اور اس کی صدائے بازگشت آج تک فضائے عالم میں گونج رہی ہے۔''

ایک سکھ لیڈر سردار کرتار سنگھ نے اپنے احساسات یوں بیان کئے کہ ''حضرت محمدﷺ نے جو انسانیت کے بہترین اصول پیش کیے تھے امام حسینؓ نے اپنی قربانی اور شہادت سے انہیں زندہ کردیا۔ حسینؓ کا اصول اٹل ہے۔''

اردو ادب کے شہرہ آفاق نقاد اور دہلی یونیورسٹی کے پروفیسر گوپی چند نارنگ اپنی کتاب ''سانحہ کربلا بطور شعری استعارہ'' میں لکھتے ہیں کہ ''راہِ حق پر چلنے والے جانتے ہیں کہ صلوٰۃ عشق کا وضو خون سے ہوتا ہے اور سب سے سچی گواہی خون کی گواہی ہے۔ تاریخ کے حافظے سے بڑے سے بڑے شہنشاہوں کا جاہ و جلال، شکوہ و جبروت، شوکت وحشمت سب کچھ مٹ جاتا ہے لیکن شہید کے خون کی تابندگی کبھی ماند نہیں پڑتی''۔ آگے چل کر لکھتے ہیں ''کربلا کی سرزمین ان کے خون سے لہولہان ہوئی تو درحقیقت وہ خون ریت پر نہیں گرا بلکہ سنتِ رسولؐ اور دین ابراہیمیؑ کی بنیادوں کو ہمیشہ کیلئے سینچ گیا۔ وقت کے ساتھ ساتھ یہ خون ایک ایسے نور میں تبدیل ہوگیا جسے نہ کوئی تلوار کاٹ سکتی ہے نہ نیزہ چھید سکتا ہے اور نہ زمانہ مٹا سکتا ہے۔ اس نے اسلام کو جس کی حیثیت اس وقت ایک نوخیز پودے کی سی تھی، استحکام بخشا اور وقت کی آندھیوں سے ہمیشہ کیلئے محفوظ کردیا۔''

معروف ہندو شاعر رام پرکاش ساحر کہتے ہیں۔

حق و صداقت مرا مسلک ساحر
ہندو بھی ہوں شبیرؓ کا شیدائی بھی

محرم ۱۹۱۸ء میں ہندو شاعر دلو رام کوثری نے طویل مرثیہ بعنوان ''قرآن اور حسینؓ'' لکھا جس کا ایک شعر پیش خدمت ہے۔

قرآں کلام پاک ہے، شبیرؓ نور ہے
دونوں جہاں میں دونوں کا یکساں ظہور ہے

سرکش پرشاد نے امام عالی مقامؓ سے اپنی عقیدت کا اظہار کچھ ان الفاظ میں کیا

حسین ابن علیؓ ہیں فرد یکتا
کوئی مظلوم ایسا تھا، نہ ہوگا
ولائے سبط پیغمبرؐ ہے نعمت
یہ نعمت ہو عطا ہر اک کو مولا

ایک اور ہندو شاعر منشی چھمن داس مرثیہ گوئی میں منفرد مقام رکھتے ہیں ان کا ایک قطعہ ملاحظہ ہو۔

کم جس کی خیالیں ہوں، وہ تنویر نہیں ہوں
بدعت سے جو مٹ جائے وہ تصویر نہیں ہوں
پابندِ شریعت نہ سہی گو کہ میں
چھمن ہندو ہوں مگر دشمن شبیرؓ نہیں ہوں

عقل و آگہی کے انہی افکار ونظریات کو دیکھتے ہوئے جوش ملیح آبادی نے لازوال جملے کہہ ڈالے۔

کیا صرف مسلمان کے پیارے ہیں حسینؓ
چرخ نوع بشر کے تارے ہیں حسینؓ
انسان کو بیدار تو ہو لینے دو
ہر قوم پکارے گی ہمارے ہیں حسینؓ

کربلا اور امام عالی مقام سمیت دیگر کرداروں کو دنیا آج بھی عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ آپؓ نے بدر وحنین اور یمامہ و یرموک کے اپنے اسلاف کی روایات کو زندہ رکھا۔ ان عظیم نفوس نے اپنی قربانیوں سے حق وصداقت کی وہ ضیائیں روشن کیں جن کو ماند کرنا کسی تخم بد کی دسترس میں نہیں۔ (ختم شد)

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

سپریم کورٹ کا فیصلہ، نیا سیاسی عدمِ استحکام اور آپریشن عزمِ استحکام

سپریم کورٹ کا مخصوص نشستوں کے متعلق فیصلے میں کون جیتا کون ہارا اس سے بالاتر ہو کر جب اس کے پاکستان میں اثرات پر غور کیا جائے تو یہ اثرات بہت ہی گھمبیر اور خوفناک منظر نامہ پیش کرتے نظر آتے ہیں۔ اگرچہ پی ٹی آئی یہ دعویٰ کر سکتی ہے کہ اسے اخلاقی فتح ہوئی ہے لیکن اس فتح سے جو سیاسی و قانونی عدمِ استحکام پیدا ہوگا وہ پاکستان دشمنوں قوتوں کے خلاف آپریشن عزم استحکام کو بھی ناصرف بری طرح متاثر کرے گا بلکہ پی ڈی ایم حکومت کے معاشی اقدامات اور پالیسیوں میں تعطل پیدا کر کے پاکستان کی پہلے سے خراب معاشی حالت پر مزید منفی اثرات ڈالے گا۔ پاکستان کی ستہتر سالہ تاریخ کا یہ المیہ ہے کہ جب بھی کسی حکمران خواہ وہ سیاسی ہو یا غیر سیاسی نے استحکام کی مخلص کوشش کی اس کے راستے میں ایسی ایسی تکالیف اور روڑے اٹکائے گئے کہ پاکستان کو ایک مضبوط ملک بنانے کی تمام تدبیریں ناکام ہوگئیں۔ ماضی میں کسی بھی جمہوری ریاست کے تین اہم ادارے اور ستون عدلیہ، مقننہ (پارلیمان اور انتظامیہ، بیوروکریسی۔ Executive) ہوا کرتے تھے لیکن حال ہی میں ان تینوں ستونوں میں صحافت ایک اور طاقتور ستون بنکر ابھرا ہے۔ پاکستان میں اگرچہ افواج پاکستان انتہائی مضبوط اور متحرک و منظم ادارہ ہے لیکن اس کو جمہوری اقتدار کے بنا پر ریاست کے ستون کے طور پر تسلیم نہیں کیا جاتا۔ حالانکہ کہ یہ ایک حقیقت ہے کہ عصر حاضر میں ملکی معاملات چلانے اور بین الاقوامی تعلقات کو ملکی مفاد میں چلانے میں کسی بھی ملک کی افواج ایک اہم اور مرکزی کردار ادا کرتی اور ایک ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہیں لیکن پاکستان میں اس افواج پاکستان کے اس عمل کو بین الاقوامی سطح پر ایک خاص مقصد کے تحت منفی انداز میں پیش کیا جاتا ہے۔ بین الاقوامی سطح پر حکومت کے معرض وجود میں آنے اور عمران خان کی ناکامی میں ایک خاص مقصد کے تحت پراپیگنڈا کیا گیا کہ افواج پاکستان کا مرکزی اور کلیدی کردار ہے۔ اور یہ بات بڑی حیران کن ہے کہ بین الاقوامی قوتیں کل تک یہ کہہ کر پراپیگنڈا کر رہی تھیں کہ سن 2017 میں عسکری اداروں کے چند افراد عمران خان کو اقتدار میں لائے اور عسکری ادارے کے ہی چند افراد ہی نے عمران خان کو اقتدار سے باہر کر کے PDM کی حکومت بنانے میں معاونت کی ہے۔ بظاہر اس بیانیے کا تضاد ہی حقیقت سے پردہ اٹھاتا نظر آتا ہے اور اس کے علاوہ اس بیانیے میں جو اہم پہلو نظر انداز کر دیا گیا تھا وہ عدلیہ، الیکشن کمیشن اور ارکان پارلیمنٹ کی خرید و فروخت جو پاکستان کی سیاسی تاریخ کا گھناؤنا اور سیاہ باب ہے جو اس ساری تبدیلی کا باعث بنے۔

عمران خان کی حکومت کو جب پی ڈی ایم حکومت نے آؤٹ نمبر کر دیا اور جب یہ ساری تبدیلی آگئی تو بین الاقوامی پراپیگنڈے کے ذریعے (بالخصوص بھارتی میڈیا) اسے بھرپور سپورٹ کیا گیا۔ ساری توپوں کا رخ پاک فوج اور اور آئی ایس آئی کے موجودہ سربراہان کی طرف موڑ دیا گیا گویا پاکستان میں جو سیاسی تبدیلی آئی ہے وہ ساری پاک فوج کے اشاروں اور مرضی سے آئی ہے۔ لیکن اب دلچسپ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ سپریم کورٹ کے مخصوص نشستوں کے فیصلے کے بعد حکومتی کی تبدیلی اور اس کے نتیجے میں پاکستان میں پیدا ہونے والے بحرانوں کا ذمہ دار کس کو ٹھہرایا جائے گا؟ کیا اب حقائق کو موڑ توڑ کر اس فیصلے کو بھی پاک فوج اس کی قیادت کو بدنام کرنے کی کوشش کی جائے گی؟ اہم سوال یہ بھی ہے کہ پاک فوج کے خلاف پراپیگنڈا کرنے والے کیا اس فیصلہ کو پاک فوج کی شکست کہہ کر پاکستان دشمن شرپسندوں کے خلاف آپریشن عزم استحکام کو بھی لپیٹنے کا مطالبہ کریں گے؟ کیونکہ پی ٹی آئی اور اس کے اندرونی اور بین الاقوامی سپورٹرز "آپریشن عزم استحکام" کے خلاف ہیں۔ اور ایک قدم اور آگے بڑھ کر سوچا جائے اور معاملات کی تہہ تک دیکھا جائے گا تو پتا چلے گا یا ان شرپسندوں کے خلاف آپریشن بھارت اور اس کے مغربی اتحادیوں کی منشاء اور خواہشات کے برعکس اور پاکستان کی سالمیت، اس میں معاشی استحکام کے لیئے انتہائی اہم ہے۔ اس فیصلے کو پاکستان میں انصاف کی پتلی حالت کا چشمہ اُتار کا بین الاقوامی سطح پر جاری سیاسی کشمکش اور اس میں پاکستان کے کلیدی کردار کا چشمہ پہن کر دیکھا جائے تو انصاف کی فتح کی آڑ میں پاکستان میں اندرونی اور بیرونی ہاتھ ایک دفعہ پھر ملکر پاکستان کو ایک نئے عدم استحکام میں دھکیلنے میں بظاہر کامیاب نظر آتے ہیں۔ پاکستانی اداروں کے اندر ہم آہنگی کا فقدان پاکستانی مفاد کے لیئے ایک زہر قاتل ثابت ہو رہا ہے کیونکہ پاکستان کا ایک ادارہ پاکستان کو استحکام کی پٹڑی پر چڑھانے کی کوشش کرتا ہے تو دوسرا اس کی مخالف سمت میں زور لگاتا ہے اور یہ آج نہیں ہوا یہ پاکستان کی ستہتر سالہ تاریخ کا ایک مستقل حصہ ہے۔ کیا پاکستانی ادارے ابھی بھارتی اداروں کی طرح اتنے میچور نہیں ہوئے کہ وہ پاکستانی مفادات کا تحفظ کر سکیں؟ کیا پاکستانی عدلیہ کے سامنے بھارتی سپریم کورٹ کے رام مندر اور بابری مسجد اور کشمیر کو بھارت میں شامل کرنے والے فیصلے ایک مشعل راہ نہیں کہ ملکی مفادات کا تحفظ کس طرح کیا جاتا ہے۔ یا پھر کیا تمام تر ثبوتوں کے باوجود امریکی حکومت کو عراق پر حملہ کرنے کی اجازت دینے کا امریکی کانگریس اور پارلیمنٹ کا فیصلہ ہمارے لیئے مشعل راہ نہیں ہو سکتے؟ مخصوص نشستوں کے متعلق سپریم کورٹ کا یہ فیصلہ اگر درست بھی مان لیا جائے۔

ٹی ٹی پی کی پاکستان مخالف کارروائیوں پر اقوام متحدہ کی رپورٹ!!!!!!

تحریک طالبان کی کارروائیوں کے حوالے سے پاکستان کا ہمیشہ سے بہت واضح اور سخت موقف رہا ہے۔ پاکستان میں ہونے والے دہشت گردی کے واقعات میں ٹی ٹی پی گروپ کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ اس گروپ کے افراد سرحد پار سے پاکستان میں امن وامان خراب کرنے کے حوالے سے متحرک ہیں۔ پاکستان نے سفارتی سطح پر افغانستان حکومت سے اس حوالے سے بات چیت کی ہے۔ پاکستان خطے میں امن قائم کرنے کے حوالے ہر وقت اقدامات کرتا رہتا ہے، پاکستان نے ناصرف خطے بلکہ دنیا میں امن قائم کرنے کے لیے بہت قربانیاں دی ہیں۔ ہزاروں قیمتی جانوں اور کھربوں ڈالرز کا نقصان برداشت کیا ہے۔ تحریک طالبان پاکستان کی کارروائیوں کے بارے پاکستان نے سفارتی سطح پر بھی آواز بلند کی ہے۔ پاکستان کے وزیر دفاع خواجہ آصف نے چند ہفتے قبل بہت واضح انداز میں یہ بیان دیا تھا کہ افغانستان کے اندر سے پاکستان کو نقصان پہنچانے والوں کے خلاف وہاں جا کر بھی کارروائیاں کریں گے۔ وزیر دفاع کے مطابق گزشتہ دہائی میں افغانستان سے نیٹو اور امریکی افواج کا انخلا اور پاکستان میں عمران خان کے دور میں ٹی ٹی پی جنگجوؤں کی واپسی کے بعد دہشتگردی کے واقعات میں اضافہ ہوا۔ افغان حکومت سے تعاون کی امید تھی مگر طالبان عسکریت پسندوں کے خلاف کارروائی کرنے کے لیے تیار نہیں تھے کیونکہ وہ ان کے اتحادی تھے۔ طالبان سے بات چیت کے بعد چار سے پانچ ہزار لوگوں کو واپس لانے کا تجربہ ناکام رہا اور افغانستان سے کارروائیاں کرنے والے طالبان کو پاکستان میں پناہ مل گئی۔

یہ بات توجہ طلب ہے کہ پاکستان میں دہشتگردی کے واقعات کو تحریک طالبان پاکستان نے تسلیم کیا ہے اور پاکستان کے دفاعی اداروں کی طرف سے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنوں میں ہلاک ہونے والے دہشتگردوں میں سے اکثریت کا تعلق ٹی ٹی پی سے ہے۔ پاکستان کے پاس اس حوالے ٹھوس ثبوت اور شواہد موجود ہیں یہی وجہ ہے کہ حکومت پاکستان اس دہشت گردی کو روکنے کے لیے بار بار افغان حکومت سے بات چیت کرتی ہے۔ افغانستان میں طالبان کے دوبارہ اقتدار میں آنے کے بعد پاکستان نے افغان حکومت پر بار بار الزام لگایا ہے کہ اس نے افغان سرزمین پر پاکستانی طالبان کو محفوظ ٹھکانے مہیا کر رکھے ہیں اور ٹی ٹی پی کے شدت پسند پاکستان میں مسلح حملوں کی منصوبہ بندی کرتے ہیں۔ یعنی افغان سرزمین پاکستان کا امن خراب کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ ٹی ٹی پی نے پاکستانی حکومت کے ساتھ فائر بندی معاہدہ نومبر 2022ء میں فائر بندی کا معاہدہ یکطرفہ طور پر ختم کر دیا تھا۔ اس کے بعد حالات مزید خراب ہوئے یہی وجہ ہے کہ اب ان دہشتگردوں کو کچلنے کے لیے نئے آپریشن 'عزم استحکام' کی ضرورت پیش آئی ہے اور اس آپریشن میں زیادہ توجہ ان جنگجوؤں کو روکنے پر دی جائے گی، جو پاکستان کے امن کو خراب کرنے کی کوششیں کرتے رہتے ہیں۔

افغان حکومت نے اس معاملے میں سنجیدگی کا مظاہرہ تو نہیں کیا لیکن اقوام متحدہ کی مانیٹرنگ ٹیم کے مطابق افغانستان کا سب سے بڑا دہشتگرد گروپ کالعدم تحریک طالبان پاکستان ہے۔

اقوام متحدی مانیٹرنگ گروپ کی رپورٹ کے مطابق افغان طالبان کی جانب سے تحریک طالبان پاکستان کی حمایت میں اضافہ ہوا ہے، ٹی ٹی پی کو افغان طالبان اور القاعدہ کے دھڑوں کی آپریشنل اور لاجسٹک سپورٹ حاصل ہے۔ رپورٹ میں انکشاف ہوا ہے کہ افغانستان میں ٹی ٹی پی کے چھ سے ساڑھے چھ ہزار جنگجو موجود ہیں، افغان طالبان ٹی ٹی پی کے خطرے کو ختم کرنے میں ناکام ہے یا اس کا ایسا ارادہ نہیں ہے۔ افغان طالبان، ٹی ٹی پی کو دہشتگرد گروپ تصور نہیں کرتے، ان کے آپس میں قریبی تعلقات ہیں، ٹی ٹی پی والے افغانستان سے پاکستان میں دہشتگردی کی کارروائیاں کرتے ہیں، ٹی ٹی پی والے پاکستان میں دہشتگرد کارروائیوں کے لیے افغانوں کو استعمال کرتے ہیں۔ ٹی ٹی پی نے بتدریج پاکستان کے خلاف حملوں کی تعداد بڑھائی ہے، ٹی ٹی پی کارندوں کو مقامی جنگجوؤں کے ساتھ القاعدہ کیمپوں میں تربیت دی جارہی ہے، القاعدہ کی بڑھتی حمایت سے ٹی ٹی پی خطے کی سلامتی کیلئے خطرہ بن سکتی ہے۔

سائرن
محمد اکرم چوہدری
lahore1947@gmail.com

اقوام متحدہ کی یہ رپورٹ مجھے اپنے سیاست دانوں کے سامنے پیش کرنی ہے۔ یعنی آپ اپنی سیاست میں اس حد تک بے رحم ہو سکتے ہیں کہ ملک کا امن تباہ کرنے کی کوششیں کرنے والوں اور ہمارے محافظوں کو نشانہ بنانے والوں کی حمایت کرنا پڑ گئی ہے۔ یہ حالات، واقعات اور سیاست دانوں کے فیصلے افسوس ناک ہیں۔ آپریشن عزم استحکام کی مخالفت کرنے والے کیا اقوام متحدہ کی رپورٹ کو بھی نظرانداز کریں گے۔ افغان حکومت کو بھی اپنے وعدوں کی پاسداری کرنی چاہیے۔ اگر ٹی ٹی پی اور اس کے اتحادیوں کو نہ روکا گیا تو یہ عالمی امن کے لیے بھی خطرہ بن سکتے ہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ دنیا کو محفوظ بنانے کے لیے اقدامات کیے ہیں اور قربانیاں بھی دی ہیں۔ پاکستان اس مرتبہ بھی دہشتگردوں کی پناہ گاہوں کو تباہ کرنے اور شرپسندوں کے گروہ کو ختم کرنے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے۔ شہیدوں کا خون اور قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ملک کو پرامن رکھنے کے لیے ہر قسم کے اندرونی و بیرونی دباؤ کو نظرانداز کرتے ہوئے خالصتاً ملک کے بہتر مستقبل کو سامنے رکھتے ہوئے فیصلے کیے جائیں گے۔ ریاست کا فیصلہ ہے کہ دہشتگردوں کو کچلنا ہے تو پھر سیاسی قیادت کو چاہیے کہ وہ ملکی مفاد میں فیصلہ کرے۔ گذشتہ روز بھی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی آپریشن عزم استحکام کی مخالفت کر رہی ہے۔ کیا ابھی وقت نہیں آیا کہ تمام سیاسی جماعتیں دہشتگردی کے خلاف متحد ہوں۔ بدقسمتی ہے کہ دہشتگردوں کے گروہ متحد ہو کر پاکستان میں امن عمل کو سبوتاژ کرنے کے لیے کام کر رہے ہیں لیکن ہماری سیاسی قیادت گومگو کا شکار ہے۔ مولانا فضل الرحمن بھی دہشتگردوں کے خلاف ہونے والے آپریشن کے مخالف ہیں۔ یاد رکھیں امن ہو گا تو سیاست ہوگی امن نہ رہا تو کچھ نہیں رہے گا۔

خبر یہ بھی ہے کہ بھارت کی تحقیقاتی ایجنسی نے حریت پسند کشمیری رہنما یاسین ملک کو سزائے موت دینے کی درخواست کر دی ہے۔ یاسین ملک دو ہزار انیس سے زیر حراست ہیں جب کہ مئی دو ہزار بائیس سے وہ تہاڑ جیل میں بھارتی حکومت کے مظالم برداشت کر رہے ہیں۔ نئی دلی ہائیکورٹ کے جج امیت شرما نے خود کو یاسین ملک کے مقدمے سے الگ کر لیا ہے۔ یاسین ملک کو سزائے موت دینے کی درخواست کی سماعت آئندہ ماہ نو تاریخ کو ہوگی۔ اس سے پہلے یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا تھا کہ ان کے شوہر کو تہاڑ جیل میں تھرڈ ڈگری تشدد کا نشانہ بنایا جارہا ہے۔ کاش اقوام متحدہ مقبوضہ کشمیر اور فلسطین جیسے اہم مسائل پر بھی حرکت میں آئے کاش لیکن فی الوقت ایسا کچھ ممکن نہیں۔

آخر میں اختر ملک کا کلام

قرب کے نہ وفا کے ہوتے ہیں
جھگڑے سارے انا کے ہوتے ہیں
بات نیت کی صرف ہے ورنہ
وقت سارے دعا کے ہوتے ہیں
بھول جاتے ہیں مت برا کہنا
لوگ پتلے خطا کے ہوتے ہیں
وہ بظاہر جو کچھ نہیں لگتے
ان سے رشتے بلا کے ہوتے ہیں
وہ ہمارا ہے اس طرح شاید
جیسے بندے خدا کے ہوتے ہیں
بخش دینا بھی ٹھیک ہے لیکن
کچھ سلیقے عطا کے ہوتے ہیں
کچھ کو دنیا بکھیر دیتی ہے
کچھ پریشاں سدا کے ہوتے ہیں
وہ جو ہستی میں ڈوب جاتے ہیں
ان کے چرچے بلا کے ہوتے ہیں
اس کی فطرت ہی ایسی ہے اختر

توانائی کا شعبہ درست کریں

پاکستان میں سب سے زیادہ مسائل کی وجہ توانائی کا شعبہ بنا ہوا ہے۔ طویل لوڈشیڈنگ اور مہنگی بجلی کے باعث ملک کا ہر شخص پریشانی کا شکار ہے۔ پاکستان میں صنعتوں کو ملنے والے بجلی ریٹ پر بننے والی مصنوعات عالمی مارکیٹ میں قیمتوں میں مقابلہ نہیں کر سکتیں جس سے ملک میں صنعتی شعبہ زوال پذیر ہے۔ اگر مہنگی ترین بجلی پر بھی صنعتکار اپنی ملز چلا رہے ہیں تب بھی اس ریٹ پر لوڈشیڈنگ کے باعث کاروباری شعبہ نقصانات کا شکار ہے۔ مہنگے ترین ریٹ پر بلاتعطل بجلی کی فراہمی بھی ممکن نہیں بنائی جاسکی۔ اس بارے میں جب بھی اہل اقتدار سے سوال کیا جائے تو یہی جواب ملتا ہے کہ بجلی چوری بہت زیادہ ہے اور لائن لاسز کی وجہ سے بجلی مہنگی کی جارہی ہے۔ بجلی چوری روکنا حکومت کی ذمہ داری ہے لیکن یہاں حکومتی رٹ قائم کرنے کے بجائے چوری کی گئی بجلی کی قیمت وقت پر بل ادا کرنے والوں سے وصول کی جارہی ہے تو دوسری جانب بجلی چوری والے علاقوں میں آپریشن کر کے بجلی چوری کا خاتمہ کرنے کے بجائے ان علاقوں میں طویل لوڈشیڈنگ کی جاتی ہے۔ اس شدید گرمی کے موسم میں بروقت پورا بل ادا کرنے والے شہری ناکردہ جرم کی سزا بھگت رہے ہیں۔

توانائی کے شعبے میں بدنظمی، حکومتی نااہلی اور غلط معاہدوں کے باعث ملک کے عوام عذاب کا شکار ہیں۔ حالانکہ پاکستان قدرتی طور پر ہائیڈل پاور جنریشن کے لئے آئیڈیل ملک ہے اور آبی وسائل کے درست استعمال سے نہ صرف سستی ترین بجلی اپنی ضرورت کے لئے پوری کر سکتا ہے بلکہ اپنے آبی وسائل کے بھرپور استعمال کے بعد پڑوسی ممالک کو بجلی فروخت بھی کی جاسکتی ہے۔ بدقسمتی سے سیاسی قیادت کی نااہلی، انا اور عدم توجہی کے باعث آج ملک اندھیروں کا شکار ہے اور اگر روشنی ملتی ہے تو اس کی قیمت عوام کی استطاعت سے باہر ہے۔ تھرمل پاور کمپنیوں سے مبینہ طور پر ایسے معاہدے کئے گئے ہیں کہ تھرمل پاور کمپنی کی بجلی کی پیداواری صلاحیت کے برابر ہر ماہ حکومت پاکستان فی یونٹ قیمت بمع فرنس آئل کی خریداری اور سرکاری ٹیرف پر ٹینکرز کا کرایہ ادا کرنے کی پابند ہے۔ گزشتہ حکومتوں نے ملک کو ایسے معاہدوں میں جکڑ دیا ہے کہ تھرمل پاور کمپنیاں چاہے بجلی بنائیں یا نہ بنائیں، انہیں ہر ماہ فکس رقم حکومت پاکستان دینے کی پابند ہے۔ آئے روز خبروں میں آتا ہے کہ تھرمل پاور کمپنیاں اپنی پیداوار نصف رکھ کر پوری پیداواری صلاحیت کے برابر رقم حکومت سے لے رہی ہیں۔ اس طرح کے معاہدے اگر ہیں تو پھر بجلی کیسے سستی ہوگی؟ اس بات کا تو میں خود گواہ ہوں کہ نجی تھرمل پاور کمپنیوں نے اپنے ایجنٹ رکھ کر فرنس آئل کی ٹرانسپورٹیشن کا کرایہ نصف کر رکھا ہے۔ فرض کریں اگر کراچی سے پنجاب کا حکومت پاکستان سے فرنس آئل فی ٹن کرایہ 15,000/- روپے لیا جاتا ہے تو اپنی ایجنٹ کمپنیوں کے ذریعے آئل ٹینکرز کو 7000-8000 روپے فی ٹن کرائے پر رضامند کر کے فرنس آئل کی کراچی سے پنجاب ٹرانسپورٹیشن کرائی جاتی ہے۔ اس طرح سے ماہانہ کروڑوں روپے کی بچت کی جاتی ہے۔ نجی تھرمل پاور کمپنیوں کے اس گورکھ دھندے کے

رحمت خان وردگ

متعلق تو میں پہلے بھی کئی بار لکھ چکا ہوں لیکن شاید اختیارات کے حامل افراد بھی اس جرم میں شریک ہوں گے اسی لئے یہ سلسلہ عرصہ دراز سے چل رہا ہے لیکن نجی تھرمل پاور کمپنیوں کو کوئی پوچھنے والا نہیں۔ یہ بات طے شدہ ہے کہ مہنگی ترین بجلی کی پیداوار تھرمل پاور جنریشن سسٹم سے ہوتی ہے اور یہ کسی طور بھی ایک غریب اور قرضوں میں ڈوبے ہوئے ملک کے لئے کارآمد نہیں ہوسکتا اور ایسے ملک میں جہاں اللہ رب العزت نے ہائیڈل اور سولر پاور جنریشن کے لامتناہی وسائل دستیاب کر رکھے ہوں وہاں اس پاور جنریشن سسٹم میں قوم کو پھنسا دینا کسی بھی طور پر دانشمندانہ فیصلہ نہیں تھا۔

حکومت پاکستان اپیکس کمیٹی کو چاہئے کہ پہلی فرصت میں تھرمل پاور کمپنیوں سے نئے معاہدے کئے جائیں اور اس شق کو ہر صورت ختم ہونا چاہئے کہ تھرمل پاور کمپنی کو اس کی پیداواری صلاحیت کے مساوی ہر ماہ ادائیگی کی جائے گی بلکہ اسے پیداوار کے حساب سے ہی چارجز اس وقت تک ادا کئے جائیں جب تک کہ پاکستان ہائیڈل وسولر ذرائع سے اپنی بجلی کی ضرورت مطابق پیداوار کا بندوبست نہیں کر لیتا۔ اس کے علاوہ تھرمل پاور کمپنیوں کو فرنس آئل کی بمع سرکاری ریٹ پر کیرج بلوں کی ادائیگی کا سلسلہ بھی بند ہونا چاہئے اور جس ریٹ پر آئل ٹینکرز کو فرنس آئل کا کرایہ ادا کیا جاتا ہے اس ریٹ پر ادائیگی ہونی چاہئے اور ماہانہ کروڑوں روپے کے گھپلوں کا فوری سدباب ہونا چاہئے۔

بجلی سستی تو اسی وقت ہوسکتی ہے جب پاکستان بجلی سستے ترین ذرائع ہائیڈل یا سولر سے استفادہ کرے۔ ہائیڈل پاور جنریشن کے بہترین مواقع موجود ہیں۔ ملک بھر میں موجود نہروں پر چھوٹے چھوٹے ہائیڈل ٹربائن لگا کر مقامی ضرورت کی وافر بجلی پیدا کی جاسکتی ہے جس کی لاگت غالباً ڈھائی روپے فی یونٹ تک ہوگی۔ پاکستان میں موجود نوجوان انجینئرز پوری طرح یہ صلاحیت رکھتے ہیں کہ پاکستان کے نہری نظام پر ہی ہائیڈل پاور جنریشن ٹربائن لگا کر حکومت کو سستی ترین بجلی کی فراہمی ممکن بنا سکیں۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ ملک میں سیاسی استحکام ہو اور تمام سیاسی قوتیں مل بیٹھ کر ملک کو درپیش مسائل سے نکالنے کے یک نکاتی ایجنڈے پر کام کا آغاز کریں جس طرح سی پیک کی تعمیر وحفاظت کے متعلق گزشتہ دنوں قومی اتفاق رائے سامنے آیا ہے۔

بجلی چوری کے خاتمے کے لئے بھی حکومت جامع آپریشن کا آغاز کرے اور بجلی بلوں کے بقایاجات کی وصولی اور کنکشن بحالی کے لئے مناسب فیصلے کئے جائیں کیونکہ مہنگی ترین بجلی کے باعث لاکھوں لوگ عدم ادائیگی کے باعث بجلی کنکشن سے محروم کئے جاچکے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ان کی موجودہ آمدن میں وہ موجودہ ٹیرف پر بجلی بل ادا کرنے کی استطاعت ہی نہیں رکھتے۔ اس سلسلے میں تمام صوبائی حکومتوں کو چاہئے کہ مفت سولر سسٹم کی فراہمی کا آغاز کرے جس طرح موجودہ بجٹ میں حکومت سندھ نے لاکھوں شہریوں کو آسان طریقہ کار پر سولر سسٹم کی فراہمی کا اعلان کیا ہے۔ اس اسکیم میں رفاہی اداروں اور بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہئے تاکہ عام غریب آدمی کو ریلیف مل سکے۔

چین ہمارا بہترین ہمسایہ اور ہر برے وقت میں بہترین ہمنوا ملک ثابت ہوا ہے۔ اسی طرح سعودی عرب اور دیگر برادر اسلامی ممالک کا بھی ہمیشہ سے تعاون رہا ہے۔ حکومت کو چاہئے کہ سرمایہ کاری کے لئے برادر ممالک کو پاکستان میں B.O.T. کی بنیاد پر چھوٹے بڑے ڈیموں کی تعمیر کی پیشکش کی جائے اور انہیں ان منصوبوں پر مناسب ترین منافع کی پیشکش ہونی چاہئے۔ یقینی طور پر پاکستان میں ہائیڈل اور سولر پاور جنریشن میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے بہترین مواقع موجود ہیں۔ B.O.T. کی بنیاد پر پاکستان بڑے بڑے اور قومی اہمیت کے حامل منصوبے مکمل کر سکتا ہے۔ سیاسی طور پر عدم استحکام کا خاتمہ کر کے اس بارے میں سیاسی جماعتوں کو سوچنا ہوگا اور یہی ملک وعوام کی اصل خدمت ہوگی کہ عام آدمی کو مہنگی ترین بجلی اور بدترین لوڈشیڈنگ سے جلد از جلد نجات دلائی جائے۔ یہ بات بھی طے شدہ ہے کہ ملک میں ڈیموں کی تعمیر نہ ہونے کے مکمل ذمہ دار سیاستدان ہی ہیں۔

گنڈاساپور کا جشن، نسوار بچاؤ تحریک

گنڈاساپور کے وزیر اعلیٰ سنا ہے کہ بہت زیادہ خوش ہیں کیونکہ ان کی دھمکی کام کر گئی اور پرویز خٹک 190 ملین پاؤنڈ کیس میں جھوٹی گواہی دینے سے باز رہے۔ پرویز خٹک کا ورنہ کیا اعتبار تھا کہ جھوٹی گواہی دے ہی ڈالتے لیکن بیان قلمبند کراتے ہوئے انہیں گنڈاساپور کے وزیر اعلیٰ کی دھمکی یاد آگئی اور وہ کانپ اٹھے اور سچی گواہی قلمبند کرادی۔ اخباری رپورٹروں کے مطابق گریٹ خان سچی گواہی سن کر سکتے میں آگئے اور ایک سکتہ زدہ مسکراہٹ ان کے ہونٹوں پر آئی اور پھر سارے چہرے پر پھیل گئی اور خاصی دیر تک پھیلی رہی۔ ظاہر ہے کہ گریٹ خان کے عقیدہ مندوں (عقیدت مند کی ترقی یافتہ شکل کو عقیدہ مند کہتے ہیں) کو صدمہ ہوا لیکن انہیں صدمے کے ساتھ ساتھ خوشی بھی ہونی چاہیے کہ گریٹ خان نہ سہی، ان کے ایک گریٹ کمانڈر، کمانڈر آف دی لیجنڈ آف گنڈاساپور کی دھمکی تو تیر بہدف ثابت ہوئی۔ اب ایک اچھی گواہی اور ہے جو زبیدہ جلال نے دینی ہے۔ لیکن وہ یہ سچی گواہی ازخود دے رہی ہیں کیونکہ وہ گنڈاساپور کی علاقائی حدود سے باہر رہتی ہیں، دھمکی کے زیر اثر آنے کا سوال نہیں اٹھتا۔

خبر ہے کہ سرزمین انقلاب یعنی کے پی میں نسوار کے نرخ ایک دم آسمان تک پہنچ گئے ہیں اور دس روپے والی پڑیا چالیس روپے میں مل رہی ہے اور بہت سے لوگ دن میں چار چار بار نسوار کی پھوار لیتے تھے جن کا خرچہ چالیس روپے سے بڑھ کر اچانک ایک سو ساٹھ ہوگیا ہے اور کئی تو اس سے بھی زیادہ تعداد میں پڑیا لیتے تھے، وہ اور بھی پریشان ہیں۔

عام تاثر کے برعکس صوبے میں عوام کی اکثریت نسوار استعمال نہیں کرتی لیکن جو کرتے ہیں، ان کی تعداد اپنی جگہ بہت زیادہ ہے۔ نسوار کے بے شمار کرشمے ہیں اور ایک کرشمہ اس مصرعہ میں بتایا گیا ہے کہ اس کی پھوار لینے کے بعد:

مجنوں نظر آتی ہے، لیلیٰ نظر آتا ہے

تحریک حقیقی آزادی کے ایک جواں عمر اور ان دنوں روپوش رہنما بھی حلقہ ارباب نسوار کے رکن رکین بتائے گئے ہیں چنانچہ ان کا خطاب



بھی کچھ یوں ہوا کرتا ہے کہ:

کان صاحب آئے گی، دو ارب لائے گی،
ایک ارب آئی ایم ایف کے منہ پر مارے گی، دوسرا ارب خود کائے گی، اور ہم کو بھی کلائے گی

نسوار پرست نہ ہوتے تو انہیں بھی لیلیٰ نظر آتی اور مجنوں نظر آتا اور ان کا خطاب کچھ یوں ہوتا کہ:

کان صاحب آئے گا، دو ارب لائے گا،
ایک ارب منہ پر مارے گا، دوسرا ارب خود کائے گا، ہم کو بھی کلائے گا۔

پختونخواہ کے بہت سے بڑے سیاسی رہنما خوبصورت اردو بولنے کیلئے معروف رہے ہیں۔ قاضی حسین احمد مرحوم کی اردو کا علمی اور ادبی رنگ اردو دانوں کو بھی حیران کرتا تھا۔ لہجے میں البتہ کی بیشی کا مسئلہ تھا۔ ان سے پہلے خاں ولی خاں ایسی شاندار اردو میں خطاب کیا کرتے تھے کہ اردو دان داد دینے پر مجبور ہو جاتے تھے۔ ولی خاں کے ذکر سے نوابزادہ نصراللہ یاد آگئے۔ وہ سرائیکی تھے لیکن ایسی اردو بولتے تھے اور ایسے لہجے میں کہ لگتا تھا، مظفر گڑھ پنجاب نہیں، مظفر نگر یوپی کے ہیں اور لکھنؤ کے دریا گنج سے تعلیم پائی ہے۔

خیر، نسوار کا ذکر اس اپیل کے ساتھ ختم کر دینا چاہیے کہ حلقہ ارباب نسوار کے جواں سال مفرور رہنما عالم مفروری میں نسوار کی گرانی کے خلاف ٹویٹ نہیں، آڈیو یا وڈیو بیان جاری فرمائیں اور ظالم حکمرانوں کو بتائیں کہ نسوار کو یکے از مصرف اشیائے صرف سمجھیں، نسوار ایک نظریہ ہے اور نظریئے کو دفن نہیں کیا جاسکتا، نسوار ایک جنون ہے اور جنون کو شکست نہیں دی جا سکتی۔ نوجوانو، اٹھو "نسوار بچاؤ تحریک چلاؤ، نسوار نہ بچی تو ہم انقلاب کیسے لائیں گے، حقیقی آزادی کے نغمے کیسے گائیں گے

متن ہم نے دے دیا ہے، اسے ڈکشن Diction دینے کا نام جواں سال مفرور کے ذمے ہے۔

ملک کے مایہ بے ناز دندان ساز نے ایک بیان میں آئی ایس آئی کو فون ٹیپ کرنے کی اجازت دینے کے حکومتی فیصلے پر شدید تنقید کی ہے۔ ان کی تنقید بادی النظر میں حیران کن ہے۔ اس لئے کہ مزید بادی النظر میں فون ٹیپ ہونے یا نہ ہونے سے پیشہ دندان سازی پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

خیر، انہوں نے فرمایا ہے کہ گھروں کے اندر کی جاسوسی اسلام میں جائز نہیں ہے۔ انہوں نے حضرت عمر فاروقؓ کی مثال دی کہ ایک مرتبہ کسی گھر سے شور وغل کی آوازیں سن کر بے ساختہ اندر جھانک لیا تو دیکھا کہ لوگ بیٹھے شراب پی رہے ہیں اور غل غپاڑہ کر رہے ہیں۔ فوراً ہی آپ پچھتائے کہ گھروں کے اندر کیا ہو رہا ہے، حکومت کو اسے دیکھنے کا حق نہیں۔

یہ مثال، معذرت کے ساتھ موزوں نہیں ہے، یہ تو ماروں گھٹنا ٹوٹے دانت یا جاٹ رے جاٹ تیرے سر پر دانت جیسے محاورے والی مثال ہے۔ بے شک کوئی گھر کے اندر شراب پئے، ریاست سزائیں دے سکتی لیکن کسی نے گھر کے اندر شراب خانہ کھول رکھا ہو تو......؟ یا کوئی اور خانہ کھول رکھا ہو تو......؟ یا گھر میں بم بنانے کی فیکٹری کھول رکھی ہو تو......؟ یا گھر میں "را" کا برانچ آفس کھول رکھا ہو تو......؟ غرض ایسے بہت سے "تو" ہیں، تو کیا ان صورتوں میں بھی ریاست کی کارروائی "پرائیوسی" میں مداخلت قرار پائے گی؟

دندان ساز صاحب کچھ تو خیال فرمائیں، زنبور سے کچھ کام دماغ کا تانا بانا درست کرنے کا بھی لیا جاسکتا ہے یا نہیں، کسی اور دندان ساز سے پوچھنا پڑے گا۔

اطلاع ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے وفاقی کابینہ پر برہمی ظاہر کی ہے۔ کہا ہے کہ وزرا کی کارکردگی ذرا بھی اچھی نہیں۔

سخت زیادتی ہے۔ جن بے چارے قسمت کے مارے بچوں کو پولیو کا مرض ہو، ان سے یہ کہنا کہ دوڑ کے دکھاؤ، انصاف کی بات نہیں۔

معطلی، برطرفی، تنزلی

ڈی ایس پی کو کانسٹیبل بنادیا گیا۔ یہ خبر بڑی دلچسپی سے پڑھی اور سنی جا رہی ہے۔ یہ واقعہ بھارت میں رونما ہوا۔ کانپور میں ڈی ایس پی کرپا شنکر کنوجیا ہوٹل میں لیڈی کانسٹیبل کے ساتھ پکڑا گیا۔ شنکر نے گھریلو مصروفیات کا بہانہ بنا کر رخصت لی اور گھر پر سرکاری ڈیوٹی پر جانے کا کہہ کر ہوٹل چلا گیا۔ بیوی کو شبہ تھا۔ اس نے پولیس کو مطلع کیا تو پکڑا گیا۔ وہ بیگھاپور میں سرکل آفیسر ہوا کرتا تھا۔ اب گورکھ پور میں کانسٹیبل ہے۔

معطلی سزاؤں میں کوئی سزا نہیں ہے بلکہ یہ بعض افسران کو ایسے ہی اقدامات مزید کرنے کا حوصلہ دیتی ہے۔ برطرفی البتہ ایک سزا ضرور ہے۔ ایسی ہی یا اس سے کم وبیش اثرات رکھنے والی اور مجرم کو عبرت کا نشان بنا دینے والی سزا ڈیموشن یعنی تنزلی ہے۔ جنرل پرویز مشرف اپنی صدارت کے خاتمے پر جب جسٹس افتخار محمد چوہدری کے زیر عتاب آئے تو ان دنوں "کسی نے" ایک آرٹیکل لکھا تھا کہ سزا کے طور پر جنرل مشرف کو کیپٹن بنا کر ان کی پیرنٹ یونٹ میں تعینات کر دیا جائے۔ دو چار ماہ کے لیے وہاں وہ وردی میں سروس کریں※ ان کو وردی سے بڑی محبت تھی ایک مرتبہ انہوں نے فوج سے ریٹائرمنٹ یعنی وردی اتارنے کی تاریخ دی اور وہ تاریخ قریب آئی تو مکر گئے۔ کہنے لگے وردی تو میری کھال ہے۔ پھر جنرل کو کھال اتارتے ہی بنی۔

ڈیموشن کے حوالے سے ایک اور بھی دلچسپ اور یادگار واقعہ ہے۔ 2009ء میں عطا ربانی کی کتاب پر تبصرے ہونے لگے جس میں قائداعظم کی تین غلطیوں کی عطا ربانی نے نشاندہی کی تھی۔ عطا ربانی گورنر جنرل پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے پاکستان ایئر فورس کی جانب سے اے ڈی سی تھے۔ قائداعظم کے اے ڈی سی کی طرف سے ان پر غلطیوں کے الزامات ناپسندیدہ تھے۔ پاکستان میں آج بھی ملامتی طبقہ موجود ہے جو قائداعظم اور تحریک پاکستان پر ملامت اور تبرا کرتا رہتا ہے۔ وہ قیام پاکستان کا کریڈٹ جواہر لال نہرو کو دیتا ہے۔ ایسے لوگوں نے قائداعظم کی تین غلطیوں کو ہاتھوں ہاتھ لیا۔ 2009ء میں

شفق
فضل حسین اعوان
awan368@yahoo.com

اخبارات میں اس کا بڑا تذکرہ ہوا۔ مجید نظامی صاحب نے مجھے قائد کے خلاف شائع ہونے والے ارشاد حقانی صاحب کے کالموں کا جواب دینے کی ہدایت کی۔ میرے کالم میں حقائق سے زیادہ جذبات تھے۔ اس کالم کے جواب میں ربانی صاحب نے مجھے اشتعال زدہ خط لکھا۔ وہ بھی نوائے وقت میں شائع کیا گیا تھا۔ میں نے ان دنوں تین غلطیوں کے حوالے سے کافی کالم اکٹھے کیے تھے جو کتابی صورت میں محفوظ ہیں مگر وہ کتاب کبھی شائع نہیں ہو سکی۔ ان کالموں میں خلیل الرحمن صاحب کا کالم بھی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ عطا ربانی صاحب کی ڈیموشن کیوں ہوئی تھی۔

خلیل الرحمن لکھتے ہیں :ارشاد حقانی صاحب نے گروپ کیپٹن ریٹائرڈ عطا ربانی قائداعظم کے اے ڈی سی کی کتاب پر انحصار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ قائداعظم نے تین غلطیاں کیں:

1 - غلام محمد کو وزیر خزانہ نامزد کیا۔ 2 - جنرل گریسی کو کشمیر میں فوجیں بھجوانے سے انکار پر برطرف نہ کیا۔ 3 - ڈھاکہ میں اردو کو قومی زبان بنانے کا اعلان کیا۔ یوں تو مندرجہ بالا امور کا جواب کافی تفصیل سے دے دیا گیا ہے تاہم میں عطا ربانی کی ذات اور حیثیت کے بارے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں تاکہ پڑھنے والے خود فیصلہ کریں کہ ایسے شخص کو قائداعظم پر کسی بھی نقطہ نظر سے درست یا غلط انگلی اٹھانے کا حق ہے یا نہیں؟

عطا ربانی کو 1958ء-59ء میں بطور گروپ کیپٹن جوائنٹ سروسز سٹاف کالج کورس برطانیہ بھیجا گیا جہاں سے واپسی پر انہیں ایئر کموڈور کے عہدہ پر ترقی دے کر پاکستان ایئر فورس ہیڈ کوارٹر میں ایئر چیف آف سٹاف (ایڈمن) لگایا گیا۔ اس وقت کے قواعد کے مطابق یہ ضروری تھا کہ کورس پر جانے والے افراد کورس کے بعد جرمنی جائیں اور جرمن شہروں میں دوسری جنگ عظیم کے دوران ہونے والی تباہی کا مشاہدہ کریں۔ عطا ربانی نے ایسا نہ کیا۔ ایئر مارشل اصغر خان جو اس وقت پاکستان ایئر فورس کے کمانڈر۔ ان چیف تھے انکو گمنام خط موصول ہوا جس میں لکھا تھا کہ عطا ربانی نے جرمنی کے دورے والی شرط پوری نہیں کی۔ مگر سفری اور دیگر اخراجات حاصل کر لیے ہیں۔

ایئر چیف نے عطا ربانی کو طلب کیا اور پوچھا کہ کورس کے قواعد کے مطابق اس نے جرمنی کا دورہ کیا تھا؟ عطا ربانی کا جواب "ہاں" میں تھا! انہوں نے عطا ربانی کو حکم دیا کہ پاسپورٹ پیش کریں۔ پاسپورٹ میں جرمنی جانے کا کوئی اندراج نہ تھا۔ قواعد کے مطابق تنظیمی کارروائی کے بعد ایئر مارشل اصغر خان نے عطا ربانی کو ایئر کموڈور کے عہدے سے معزول کر کے فلائیٹ لیفٹیننٹ (بریگیڈیئر سے کیپٹن) بنانے کا حکم دیا۔ اس وقت ایئر وائس مارشل رحمان۔ جنرل سٹاف آفیسر پی ایف ہیڈ کوارٹرز میں تعینات تھے۔ جنہوں نے ایئر مارشل اصغر خاں کو بتایا کہ عطا ربانی مستقل ونگ کمانڈر کا عہدہ رکھتے ہیں۔ اس لئے اس سے نیچے تنزلی سے قواعد وضوابط کے مطابق مشکلات پیدا ہوسکتی ہیں۔ چنانچہ انہیں ایئر کموڈور سے تنزلی کر کے ونگ کمانڈر بنا دیا گیا۔ چند سال بعد گروپ کیپٹن بطور ہیں کمانڈر کوہاٹ ریٹائر ہوگئے۔

اب دیکھنے والی بات یہ ہے کہ ایسا شخص جو قسمت کا تکا لگنے سے آزادی کے وقت قائداعظم کے بطور گورنر جنرل عملہ میں شامل ہوگیا۔ جس کی ملازمت کا کچھ کردار اوپر بیان کیا گیا ہے۔ ان کو قائداعظم کے کردار پر رائے زنی کرنے اور وہ بھی اس طرح جس طرح انہوں نے کی، اس کا حق ہے یا نہیں؟ مزید برآں رضا ربانی کے والد محترم عطا ربانی کیساتھ نیوی کی جانب سے تعینات کیے گئے اے ڈی سی احسن نیول چیف اور آرمی سے گل حسن آرمی چیف بنے جبکہ عطا ربانی جو قوم کے باپ قائداعظم کی غلطیاں تلاش کرتے رہے تنزلی کے سزاوار ٹھہرے۔

افتخار نامہ---معاصرین کی نظر میں!

افتخار احمد سندھو کسی تعارف کے محتاج نہیں، وہ کاروباری حلقوں میں بامراد ہیں۔ دانشوروں کے درمیان سرمایہ افتخار ہیں۔ ان کی آپ بیتی افتخار نامہ حال ہی میں شائع ہوئی ہے۔ میں خود لکھنے والا ہوں، ناشر بھی ہوں، میں اپنے تجربے کی روشنی میں یہ دعویٰ برملا کر سکتا ہوں کہ افتخار سندھو نے کم سے کم مدت میں کتاب لکھنے کا ریکارڈ قائم کر دیا ہے، اور پھر جھٹ سے شائع ہو کر بازار میں بھی آگئی۔ کتاب کے بارے میں معاصرین نے اپنے تاثرات بیان کیے، جنہیں کتاب کا حصہ بنایا گیا ہے۔ سب سے پہلا تبصرہ برادرم مجیب الرحمن شامی کا ہے۔ شامی صاحب میڈیا کے ہر شعبے کی صف اول میں دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے اپنے تبصرے میں دریا کو کوزے میں بند کر دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:

افتخار احمد سندھو اپنی ڈھب کے آدمی ہیں۔ سب سے جڑے ہوئے لیکن سب سے الگ۔ لاکھوں کیا کروڑوں میں ایک ہیں۔ رہن سہن کے لحاظ سے خالص پنجابی، لیکن ان کا اندیشہ افلاکی، اور پرواز لولا کی ہے۔ اصل شاہین تو ہے ہی، آنکھوں میں بے باکی بھی اپنی موجودگی کا احساس دلاتی ہے۔ پاکستان ہی کے نہیں عالم اسلام کے بھی شہری ہیں، اس میں بستے، اس کے لیے سوچتے اور سوچ سوچ کر کڑھتے رہتے ہیں۔ ان کی خودنوشت میں وہ سب کچھ موجود ہے، جو ان کی آنکھوں، دل اور دماغ میں پایا جاتا ہے، یا پایا جاتا رہا ہے۔ انہوں نے مشقت کی ہے اور راحت کا لطف بھی اٹھایا ہے۔ غربت سے پالا پڑا ہے، اور لاکھوں، کروڑوں میں بھی کھیلے ہیں بلکہ کھیل رہے ہیں۔ کاشتکاری کی، مویشی پالے، بیرون ملک جاتے جاتے ارادہ ترک کر دیا، پراپرٹی کے کاروبار میں قدم رکھا اور وارے نیارے ہو گئے۔ پاکستان کی تاریخ اور سیاست پر ان کی



نظر ہے، گہری یا طائرانہ، اس بارے میں اپنی اپنی رائے رکھی جاسکتی ہے۔ قرآن کریم کے وہ ایک سچے اور پکے طالب علم ہیں۔ جس حال میں رہے اور جیسے بھی رہے، ان کے اندر کا انسان زندہ رہا اور انسانوں سے محبت کرتا رہا۔ ان کی آپ بیتی دلچسپ ہے اور پُرلطف بھی۔ ان کے خیالات اور ان سے اخذ کردہ نتائج سے اختلاف کیا جاسکتا ہے، ان کی پسند ناپسند پر بھی انگلی رکھی جاسکتی ہے، لیکن اس بات سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ وہ اپنے حلقہ تعارف کے لیے سرمایہ افتخار ہیں، جو ان کو جانتا ہے وہ تو جانتا ہی ہے، جو نہیں جانتا وہ "افتخار نامہ" پڑھ کر جان لے گا۔ وہ پرواز سے نہ صرف خود تھک کر نہیں گرتے بلکہ دوسروں کو بھی گرنے نہیں دیتے۔ انہیں پڑھیے، ان سے ملئے اور کمر ہمت کس لیجیے، "افتخار نامہ" آپ کا اعمال نامہ بھی بن سکتا ہے۔

میں نے خود بھی کوشش کی کہ ہزار رنگوں سے مزین اس کتاب کے بارے میں اظہار خیال کروں، ظاہر ہے لکھنے والے کو اپنی تحریر اچھی لگتی ہے۔ لیکن یہ فیصلہ قارئین ہی کر سکتے ہیں۔ کہ انہوں نے میری تحریر سے اس کتاب افتخار نامہ کے بارے میں کیا تاثر قائم کیا؟

افتخار سندھو کی شخصیت کے بارے میں کوئی دوسرا شخص ان کے کردار کا مکمل احاطہ نہیں کر سکتا۔ اچھا ہوا کہ اب انہوں نے خود ہی قلم اٹھا لیا اور اپنی آپ بیتی خود لکھ ڈالی ہے۔ ان کے دامن میں جو کچھ بھی تھا، وہ انہوں نے اس کتاب میں سمو دیا ہے۔ یہ کتاب ایک دیہاتی شخص کی سادگی کا بھی عکس ہے، اور ایک کاروباری شخص کی تہہ در تہہ کامیابیوں کا انبار بھی۔ یہ کتاب ایک سادہ منش انسان کے علم وفضل سے بھی لبریز ہے۔ افتخار سندھو نے اپنی آپ بیتی میں اپنے احساسات، مشاہدات، تجربات اور واقعات کا خلاصہ قلمبند کیا ہے۔ جھوٹ کے حوالے سے انہوں نے قومی سطح کے تضادات کو بھی خوبصورت پیرائے میں بیان کیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ ہماری سب سے بڑی خرابی کرپشن نہیں، سیاسی طالع آزماؤں کا جھوٹ ہے۔ جب تک ہم جھوٹ بولنا نہیں چھوڑیں گے، ترقی نہیں کر سکتے۔ افتخار سندھو ہر بات کو منوانے کیلئے دلیل کا سہارا لیتے ہیں اور دلیل کو ہی مانتے ہیں۔

کتاب کو پڑھتے ہوئے اندازہ ہوتا ہے کہ ان کا حافظہ بلا کا ہے، وہ لکھتے ہیں کہ میں زندگی میں سات بار موت کے منہ سے بچا۔ جن میں سے چار دفعہ تو پانی میں ڈوبتے ڈوبتے بچ گیا۔ ہر دفعہ کوئی نہ کوئی مسیحا ان کو موقع پر آ کر بچا لیتا۔ اور تین ٹریفک حادثات میں بھی میں بال بال بچا۔

افتخار سندھو سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا نہیں ہوئے، بلکہ اپنی محنت اور اللہ پر بھروسے پر آج ایک بہت بڑی کاروباری شخصیت ہیں۔ افتخار سندھو نے علم وادب کی فضائے بسیط میں ایک نئی کہکشاں کو جنم دیا ہے، اس کہکشاں کی ایک ایک سطر جگمگ جگمگ کر رہی ہے۔ لوگوں کو ایک سچے انسان کے اندر جھانکنے کا موقع ملے گا۔ تیسرا تبصرہ جناب حبیب اکرم کا ہے، وہ الیکٹرانک میڈیا سے ابھر کر اور نکھر کر سامنے آئے ہیں۔ افتخار سندھو صاحب کے ذاتی قریبی احباب میں شامل ہیں۔ وہ کتاب کے بارے میں یوں لکھتے ہیں۔

افتخار احمد سندھو کی کتاب کی شاید اہم ترین خصوصیت اس کی سادگی اور سچائی ہے۔ زبان ایسی کہ پڑھتے ہوئے لہجے کی مٹھاس بھی خیال میں اتر آئے۔ جہاں جہاں لوگوں کا سراپا کھینچا ہے یوں ہے کہ پڑھنے والوں کو متعلقہ شخص ایسا لگے جس سے وہ مل چکے ہوں۔ میرا چونکہ مصنف کے ساتھ براہ راست ایک تعلق بھی ہے، اس لئے مجھے تو یہ کتاب پڑھ کر یوں لگا کہ میں کسی چوپال میں بیٹھا ہوں۔

زرعی شعبہ اور فروٹ جوسز پر عائد ڈیوٹی

پاکستان کی معیشت کا ایک بڑا حصہ زرعی ہے اور اس پر انحصار سے پاکستان اچھا خاصا زرمبادلہ بھی کماتا ہے لہذا اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ پالیسی ساز اس امر کو یقینی بنائیں کہ پاکستان کا کسان وکاشتکار خوشحال رہے۔ حال ہی میں حکومت پاکستان نے 20 فیصد ڈیوٹی مشروبات پر عائد کر دی اور ان مشروبات میں حکومت نے پھلوں کے پیکیجڈ جوسز کو بھی شامل کر لیا ہے اور اس اقدام سے کاشتکاروں وکسانوں اور پھلوں کے تاجروں کو خاصہ نقصان پہنچے گا۔ پھلوں کے جوسز پر وفاقی ایکسائز ڈیوٹی کا اثر بلاواسطہ زرعی و دیہی معیشت، کسان و پھلوں کے کاشتکاروں کی آمدنی اور کاروبار پر بھی پڑیگا جو اس صنعت سے وابستہ ہیں۔ کیونکہ ان سے خام مال کی خریداری کی جاتی ہے جس سے جوسز تیار کیے جاتے ہیں اور جب صنعت استطاعت ومقدار کیمطابق پیداوار نہیں دے گی تو لامحالہ خام مال بھی کم ہی خریدے گی۔ کسانوں اور پھلوں کے کاشتکار اس ایکسائز ڈیوٹی سے یوں متاثر ہوئے ہیں کہ جوسز کی صنعت تقریباً 100000 ٹن پھل کسانوں اور پھلوں کے کاشتکاروں سے خریدرہی تھی جو کہ اب اس ڈیوٹی کے بعد ممکن نہیں اور دیہی معیشت بھی اس اقدام سے متاثر ہوئی ہے۔ پھل جلد خراب ہوتے ہیں اور اسی وجہ سے کاشتکار وتاجر ان کو کم قیمتوں پر بیچنے پر مجبور ہوتے ہیں۔ فروٹ جوسز کی صنعت دراصل دیہی معیشت کو سہارا دینے کے لیے انکے پھلوں کی فصل کو خرید کر ضائع ہونے سے بچاتی ہے تاکہ دیہی زرعی معیشت تباہ نہ ہو اور کسان وکاشتکار بھی خوشحال رہیں۔ حکومت نے مشروبات پر 20 فیصد وفاقی ایکسائز ڈیوٹی عائد کی ہے جس میں حکومت نے پیکیجڈ فروٹ جوسز کو بھی شامل کر لیا ہے تاکہ بجٹ 2024ء، 2025ء کے اہداف کو حاصل کیا جاسکے اور بجٹ خسارے کو کم کیا جاسکے۔ مگر اس عائد



ڈیوٹی سے قومی خزانے کو فائدہ ہونے کے بجائے معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں اور اسکی وجہ یہ کہ معیاری اور قابل بھروسہ جوسز کے بجائے لوگ سستے اور غیر معیاری جوسز استعمال کرینگے جو غیر رجسٹرڈ کمپنیز فروخت کرتی ہیں۔ اس ڈیوٹی سے ایسے ہی ٹیکس نادہندگان و ٹیکس چور طبقے کی حوصلہ افزائی ہوتی ہے۔ جون 2023ء میں قومی بجٹ میں اس ڈیوٹی کے عائد ہونے کے بعد پیکیجڈ جوس کی صنعت کی پیداوار چالیس فیصد نیچے گر گئی ہے جس نے عام لوگوں کو معیاری جوسز کے حصول سے محروم کر دیا ہے۔ اس 20 فیصد ڈیوٹی کے اجرا کے بعد جوسز کی صنعت سال 2024ء میں کئی ارب روپے تک گر گئی جسکو فروغ پانا تھا اور یہ تخمینہ اس 20 فیصد ڈیوٹی کے نفاذ سے پہلے لگایا گیا تھا۔ خالص پھلوں سے تیار کردہ جوسز کی صنعت کا سالانہ منافع ارب ہا روپے تھا اور اس صنعت سے ایک لاکھ لوگوں کا روزگار منسلک ہے۔ ڈیوٹی کے عائد ہونے کے بعد کاروبار تو جو سکڑنا تھا وہ تو سکڑا مگر اس سے اس صنعت کے اندر بیروزگاری میں بھی اضافہ ہوا کیونکہ صنعت پوری طرح سے پیداوار کرنے کے قابل ہی نہیں رہی جس کا تخمینہ لگایا گیا تھا اور اسی وجہ سے سال 2023ء، 2024ء میں کوئی نئی سرمایہ کاری نہیں ہوئی اور نا ہی 2024ء، 2025ء کی کوئی منصوبہ بندی ہوئی نئی سرمایہ کاری کے لیے۔ اس ڈیوٹی کے عائد ہونے کے بعد ملازمین کو روزگار سے ہاتھ دھونا پڑے اور بالخصوص روزانہ اجرت پر کام کرنے والے فارغ ہوگئے ان تمام اقدامات سے ان غیر روایتی کمپنیوں کی چاندی ہوگئی جو ٹیکس نیٹ میں نہیں ہیں اور انکے سستے مگر غیر معیاری جوسز لوگوں میں عام ہو گئے جن کی اشیاء میں معیار کا فقدان ہے اور مضر صحت بھی ہیں۔ ٹیکس نیٹ سے باہر یہ غیر دستاویزی صنعت بھاری منافع کما رہی ہے جسکی وجہ بھی 20 فیصد ڈیوٹی ہے جو معیاری اور مستند صنعت پر عائد کی گئی ہے اور یہ امر محکمہ خوراک وصحت کے لیے لمحہ فکریہ ہے کیونکہ منافع اور ٹیکس چوری تو رہی ایک طرف، یہ غیر رجسٹرڈ صنعتیں غیر معیاری جوسز کی فروخت سے لوگوں کی صحت سے کھیل رہی ہیں۔ پھلوں کا رس و جوسز دراصل اچھی غذا میں ہی شامل ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ فروٹ جوسز میں پھلوں کے قدرتی اجزاء شامل ہوتے ہیں جو کہ اچھی صحت ونشوونما کے ضامن ہوتے ہیں نیز ان جوسز میں اہم وٹامن ونمکیات ہوتے ہیں جو تقریباً تمام عمر کے لوگوں کے لیئے ضروری ہوتے ہیں۔ پیکج جوسز جو کہ مختلف ذائقوں کے انتخاب کے ساتھ آسانی سے دستیاب اور فوری اور آسانی استعمال ہو جانے کی وجہ سے عوام میں زیادہ مقبول ہیں۔ پھلوں کے جوسز کی طبی افادیت بھی ہے کہ اسپتالوں میں مریضوں کو دیے جاتے ہیں بالخصوص ان متاثرین کو جو گرمی، لو لگنے سے ڈی ہائیڈریشن سے متاثر ہوتے ہیں اور یہ جوسز متاثرین کی فوری شفایابی میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ اگر حکومت چاہتی ہے کہ صنعتیں فروغ پائیں تو پھر اس ڈیوٹی کو مکمل ختم نہیں کر سکتی تو کم از کم اس ڈیوٹی کو تھوڑا کم کر دے تاکہ ریونیو بھی حاصل کیا جاسکے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ذریعے غیر قانونی کمپنیز کو ٹیکس نیٹ میں لایا جائے اور ریگولیٹ کیا جائے کیونکہ ایسی تمام کمپنیز غیر معیاری اجزا کی فروخت میں ملوث ہیں اور حفظان صحت کے اصولوں سے قطعی عاری ہیں۔ ایک صورت اس مسئلے کے حل کی یہ بھی ہے کہ حکومت اور رجسٹرڈ فروٹ جوسز کی صنعت سے وابستہ افراد کی ایک ٹاسک فورس بنادی جائے جو ایسی غیر رجسٹرڈ کمپنیز اور انکی اشیاء پر نظر رکھ سکے۔

ویسٹ انڈیز کے جیسن ہولڈر کا انگلینڈ کیخلاف میچ میں وکٹ لینے کے بعد پرجوش انداز

سرجری کی بات سمجھ نہیں آئی، کیا تمام 11 کھلاڑیوں کو تبدیل کرینگے؟ حسن علی کا سوال

لاہور (میاں شہروز) قومی کرکٹر حسن علی نے چیئرمین پی سی بی محسن نقوی کی جانب سے "ٹیم کی سرجری" سے متعلق دیے گئے بیان پر بے یقینی کا اظہار کیا ہے۔ پاکستان کی نجی کرکٹ ویب سائٹ کو دیے گئے انٹرویو میں حسن علی نے کہا کہ مجھے نہیں معلوم کہ چیئرمین نے سرجری کا ذکر کس تناظر میں کیا، کیا وہ تمام 11 کھلاڑیوں کو تبدیل کریں گے؟ جو کہ ممکن نہیں۔ کرکٹر نے کہا کہ مجھے یہ کہتے ہوئے بے حد افسوس ہو رہا ہے کیونکہ ہمارے پاس ایسے بیک اپ نہیں ہیں کہ ہم تمام 11 کھلاڑیوں کو تبدیل کر سکیں، علم نہیں کہ سرجری کیا ہوگی لیکن چیزیں بالکل درست ہونی چاہئیں اور کرکٹ کی بہتری کے لیے ہونی چاہئیں۔ حسن علی نے کہا کہ چیئرمین محسن نقوی کو سخت قدم اٹھانے اور ٹھوس فیصلے کرنے چاہئیں، سرجری کو انجام دینے کے لیے اہم آلات کی ضرورت ہے، اگر موجود ہیں تو ضرور کریں۔ فاسٹ بولر نے کہا کہ ہمیں اپنی بینچ اسٹرینتھ مضبوط بنانی چاہیے جو دنیا کی ہر ٹیم کرتی ہے، ہم نے گزشتہ مہینوں میں دیکھا ہے کہ کئی ممالک انٹرنیشنل دوروں پر دو ٹیمیں سامنے لاتے ہیں، اگر آج پاکستان کے پاس یہ دونوں ٹیمیں ہوتیں تو ہمیں سرجری کرنے کی بات نہ کرنی پڑتی۔ کرکٹر نے کہا کہ مثال کے طور پر ایک ٹیسٹ سیریز آرہی ہے اور پاکستان کے پاس متبادل اسپنر نہیں ہوگا۔ واضح رہے کہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2024 میں بدترین کارکردگی کے بعد چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی نے ایک بیان میں کہا تھا کہ ایسا لگتا تھا کہ ایک معمولی سرجری کام کرے گی لیکن اس خراب کارکردگی کے بعد مجھے اب یقین ہے کہ ایک بڑی سرجری کی ضرورت ہے، قوم جلد ایک بڑی تبدیلی دیکھے گی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو سلیکشن کمیٹی سے فارغ کر دیا ہے، دونوں کو سبکدوش کیے جانے کے حوالے سے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا کہ ایمانداری کی بات ہے یہ والی سرجری مجھے سمجھ میں نہیں آئی۔

آندرے رسل نے حارث رؤف کو 107 میٹر کا چھکا جڑ دیا

جمیکا (این این آئی) ویسٹ انڈیز کے کھلاڑی آندرے رسل نے پاکستانی فاسٹ بولر حارث رؤف کو 107 میٹر کا چھکا لگا دیا۔ میجر لیگ کرکٹ میں آندرے رسل لاس اینجلس نائٹ رائیڈرز جبکہ حارث رؤف سان فرانسسکو یونیکارنز کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ اس میچ میں اننگ کے آخری اوور میں آندرے رسل نے حارث رؤف کی گیند پر 107 میٹر کا چھکا لگایا۔ میچ کے کمنٹیٹرز نے آندرے رسل کے شاندار شاٹ پر حیرانی کا اظہار کرتے ہوئے اس کی خوب تعریف کی۔ اس اونچے اور زوردار شاٹ کی ویڈیو بھی مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر شیئر کی جا رہی ہے۔

۔۔۔اظہر محمود نے پی سی بی کو بھیجی گئی رپورٹ سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا۔۔۔

میں نے ٹی 20 ورلڈکپ کی پرفارمنس سے متعلق کوئی رپورٹ نہیں بنائی اور نہ ہی کسی کھلاڑی کی شکایت کی ہے، اظہر محمود

لاہور (میاں شہروز) قومی کرکٹ ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود نے ٹی 20 ورلڈکپ 2024 میں ناقص کارکردگی سے متعلق پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کو بھیجی گئی رپورٹ سے لاتعلقی کا اظہار کر دیا۔ ذرائع کے مطابق پاکستان کرکٹ ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود نے پی سی بی کو بھیجی گئی رپورٹ سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میں نے ٹی 20 ورلڈکپ کی پرفارمنس سے متعلق کوئی رپورٹ نہیں بنائی اور نہ ہی کسی کھلاڑی کی شکایت کی ہے۔ اظہر محمود نے کہا کہ چیئرمین پی سی بی سے میری ملاقات ضرور ہوئی ہے، ملاقات کے دوران کسی کھلاڑی کی انفرادی کارکردگی پر بات کرنے کے بجائے مجموعی طور پر قومی ٹیم کی پرفارمنس پر بات کی۔ قومی ٹیم کے اسسٹنٹ کوچ اظہر محمود نے چیئرمین پی سی بی کو ٹیم کی کارکردگی بہتر بنانے کے لیے مختلف تجاویز پیش کیں۔ خیال رہے کہ گزشتہ روز یہ خبر سامنے آئی تھی کہ قومی ٹیم کے وائٹ بال کوچ گیری کرسٹن نے ٹی 20 ورلڈکپ میں میں قومی ٹیم کی کارکردگی سے متعلق اپنی رپورٹ میں فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی کے رویے کی بھی شکایت کی تھی۔ گیری کرسٹن نے اپنی رپورٹ میں انکشاف کیا تھا کہ بطور سینئر کھلاڑی اور فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی کا رویہ اور کارکردگی مثالی نہیں تھی، جب کہ شاہین شاہ آفریدی سمیت باؤلرز پلان کے مطابق نہیں کھیلے، انہوں نے ڈسپلن کی خلاف ورزیاں کیں اور دیگر کوچز کے ساتھ بھی ان کا رویہ اچھا نہیں تھا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پی سی بی نے ٹی 20 ورلڈکپ 2024 میں ناقص کارکردگی پر 'سرجری' کا آغاز کرتے ہوئے ٹیم منتخب کرنے میں اہم کردار ادا کرنے والے وہاب ریاض اور عبدالرزاق کو سلیکشن کمیٹی سے برطرف کر دیا تھا، جب کہ وہاب ریاض سے سینئر مینیجر کا عہدہ بھی واپس لے لیا گیا تھا۔ کرکٹ بورڈ کی جانب سے مختصر اعلامیہ میں کہا گیا 'پی سی بی کو وہاب ریاض اور عبدالرزاق کی مزید خدمات درکار نہیں ہیں، عبدالرزاق قومی مینز اور ویمنز کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کے رکن تھے جب کہ وہاب ریاض مینز ٹیم کی سلیکشن کمیٹی کا حصہ تھے' پی سی بی کی جانب سے دونوں عہدوں سے برطرفی کے بعد وہاب ریاض نے سوشل میڈیا پر ایک بیان جاری کیا جس میں انہوں نے کہا کہ میں اس الزام تراشی کے کھیل کا حصہ نہیں بننا چاہتا، میں نے پورے خلوص سے اپنا کام کیا اور اپنا 100 فیصد دیا۔

چیمپئنز ٹرافی کے میچ کیلئے بھارتی ٹیم کا لاہور آنے سے انکار

ممبئی (این این آئی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کھیلنے کے لیے بھارتی ٹیم نے پاکستان آنے سے انکار کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ کے ذرائع کے مطابق کرکٹ بورڈ آئی سی سی سے بھارت کے میچز سری لنکا یا دبئی میں کرانے کا کہے گا۔ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی اگلے سال فروری سے مارچ کے درمیان پاکستان میں شیڈول ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 2008ء ایشیا کپ کے بعد سے سیاسی تعلقات میں تلخی کی وجہ سے بھارتی ٹیم نے کبھی بھی پاکستان میں کوئی میچ نہیں کھیلا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ نے اس سے قبل بھارت کے تمام میچز لاہور میں کرانے کی تجویز دی تھی۔ بھارتی کرکٹ بورڈ کے نائب صدر راجیو شکلا نے مئی میں کہا تھا کہ حکومت کی اجازت کے بعد ہی بھارتی ٹیم کو ٹورنامنٹ کے لیے پاکستان بھیجا جائے گا۔

زیم افرو ٹی 10 کے دوسرے سیزن کا آغاز 21 ستمبر سے ہوگا، تیاریاں جاری

ہرارے (این این آئی) زیم افرو ٹی 10 کے دوسرے سیزن کا اعلان کر دیا گیا ہے جو 21 سے 29 ستمبر تک ہرارے میں کھیلا جائیگا، کھلاڑیوں کے ڈرافٹ اور میچوں کے شیڈول کا اعلان بعد میں کیا جائیگا۔ افریقہ میں اپنی نوعیت کا یہ پہلا ٹی 10 ٹورنامنٹ ہے جس کے افتتاحی ایڈیشن کے تمام میچ ہرارے اسپورٹس کلب میں کھیلے گئے تھے۔ زیم افرو ٹی 10 کے پہلے سیزن نے تاریخ رقم کی تھی کیونکہ یہ ہرارے اسپورٹس کلب میں فلڈ لائٹس میں کھیلا جانے والا پہلا ٹورنامنٹ تھا، دوسرے ایڈیشن سے قبل گفتگو کرتے ہوئے زمبابوے کرکٹ کے چیئرمین تاوینگوا مکوہلانی نے کہا کہ ہمیں زیم افرو ٹی 10 ٹورنامنٹ سیزن 2 کے انعقاد کا اعلان کرتے ہوئے خوشی محسوس ہو رہی ہے۔

یورو کپ، انگلینڈ نے نیدرلینڈز کو ہرا کر فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا

ڈورٹمنڈ (این این آئی) یورو کپ کے دوسرے سیمی فائنل میں انگلینڈ نے نیدرلینڈز کو 1-2 سے شکست دے کر ایونٹ کے فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان میچ جرمن شہر ڈورٹمنڈ میں کھیلا گیا، جہاں نیدرلینڈز نے میچ کے ساتویں منٹ میں گول کر کے برتری حاصل کی تاہم وہ زیادہ دیر برقرار نہ رہ سکی۔ نیدرلینڈز کی جانب سے ژاوی سمنز نے گول اسکور کیا جبکہ انگلش ٹیم کے کھلاڑی ہیری کین نے 18 ویں منٹ میں ہی پینلٹی پر گول کر کے اسکور ایک، ایک سے برابر کیا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان پہلے ہاف میں اسکور ایک، ایک رہا جبکہ دوسرے ہاف میں دونوں ٹیموں نے ایک دوسرے کے گول پر کئی حملے کیے لیکن کامیابی نہ مل سکی۔ میچ کے آخری لمحوں 90 منٹ میں انگلش کھلاڑی اولی واٹکنز نے ایک اور گول اسکور کر کے اپنی ٹیم کو 1-2 کی برتری دلا دی جو کہ میچ ختم ہونے تک برقرار رہی۔ انگلینڈ نے نیدرلینڈز کو شکست دیکر یورو کپ کے فائنل کے لیے کوالیفائی کیا، یورو کپ کا فائنل اتوار کو انگلینڈ اور اسپین کے درمیان جرمن شہر برلن میں کھیلا جائے گا۔

۔۔۔بیڈمنٹن کا سمر کیمپ راولپنڈی میں جاری۔۔۔

اسلام آباد (چوہدری عمران شوکت) مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی کے زیر اہتمام فری بیڈمنٹن کا سمر کیمپ شہباز سپورٹس کمپلیکس راولپنڈی میں جاری ہے۔ کیمپ میں مطاہر بیڈمنٹن اکیڈمی کے ہیڈ مطاہر سہیل کھلاڑیوں کو جدید اور اعلی تربیت دے رہے ہیں۔ سمر کیمپ میں راولپنڈی ڈویژن کے مرد، خواتین کھلاڑی اور سکول، کالجز اور یونیورسٹی کے طلباء وطالبات حصہ لے رہے ہیں جن راولپنڈی، اٹک، جہلم اور چکوال شامل ہیں۔ مطاہر سہیل نے کہا کہ سمر کیمپ میں شرکت کرنے کی خواہش رکھنے والے کھلاڑی 20 جولائی تک اپنے اپنے ناموں کا اندراج فون نمبر 0321-5354000 پر کروا سکتے ہیں۔ مطاہر سہیل نے کہا کہ اس سمر کیمپ سے سکول کالجز کے طلباء وطالبات کو سیکھنے کا موقع ملے گا اور یہ نوجوان اس کیمپ کے دوران فائدہ اٹھا سکتے ہیں کیونکہ یہ سمر کیمپ تعلیمی اداروں میں گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران لگایا جا رہا ہے۔ یہ تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات کے لئے تربیتی کیمپ ہر سال گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران لگایا جاتا ہے۔

چیئرمین انگلینڈ کرکٹ بورڈ بین سٹوکس کو 100 ٹیسٹ میچز مکمل ہونے پر اعزازی کیپ پیش کر رہے ہیں

آسٹریلیا چیمپئنز نے ویسٹ انڈیز چیمپئنز کو 55 رنز سے ہرا دیا

WEST INDIES
CHAMPIONS
V
AUSTRALIA
CHAMPIONS

نارتھ ہیمپٹن (این این آئی) ورلڈ چیمپئنز آف لیجنڈز کرکٹ ٹورنامنٹ میں آسٹریلیا چیمپئنز نے ویسٹ انڈیز چیمپئنز کو 55 رنز سے ہرا دیا۔ آسٹریلیا نے 7 وکٹ پر 274 رنز بنائے، ویسٹ انڈین چیمپئنز 6 وکٹ پر 219 رنز بنا سکی۔ نارتھ ہیمپٹن میں کھیلے گئے میچ میں آسٹریلیا چیمپئنز نے پہلے کھیلتے ہوئے 7 وکٹ پر 274 رنز بنائے۔ بین ڈنک نے 35 گیندوں پر سنچری بنائی، ڈینیل کرسچن نے 35 گیندوں پر 99 رنز کی اننگز کھیلی جبکہ ریان ایمرٹ نے 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں ویسٹ انڈین چیمپئنز کی جانب سے ایشلے نرس 70 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے جبکہ ڈیوائن اسمتھ نے 64 جوناتھن کارٹر نے 27 اور ڈیرن سیمی نے 33 رنز کی اننگز کھیلیں۔ ویسٹ انڈیز چیمپئنز اس کے باوجود ہدف تک نہ پہنچ سکی اور 6 وکٹ پر 219 رنز تک محدود رہی۔

پی سی بی نے قومی کرکٹ ٹیم کی نئی سلیکشن کمیٹی کا فارمولا تیار کر لیا

لاہور (این این آئی) آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ میں پاکستان ٹیم کی ناقص کارکردگی کے بعد بورڈ نے تبدیلیوں کا آغاز کر دیا ہے، پاکستان کرکٹ بورڈ نے ٹیم کی نئی سلیکشن کمیٹی کے لیے فارمولا تیار کر لیا۔ ذرائع کے مطابق قومی سلیکشن کمیٹی میں دونوں فارمیٹ کے کوچز کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے، جیسن گلیسپی اور گیری کرسٹن کے ساتھ محمد یوسف اور اسد شفیق بھی سلیکشن کمیٹی میں شامل ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق جس فارمیٹ کی ٹیم ہوگی اس کا کپتان بھی سلیکشن کمیٹی میں شامل ہوگا۔

تیسرا ٹی ٹوئنٹی، بھارت نے زمبابوے کو 23 رنز سے شکست دے دی

ہرارے (این این آئی) بھارت نے تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں زمبابوے کو 23 رنز سے شکست دے کر سیریز دو ایک سے اپنے نام کر لی۔ ہرارے میں کھیلے گئے تیسرے ٹی ٹوئنٹی میچ میں بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 4 وکٹ کے نقصان پر 182 رنز بنائے۔ بھارتی کپتان شبمن گل نے 66 رنز کی عمدہ اننگ کھیلی، رتوراج گائیکواڈ نے 49 اور یشسوی جیسوال نے 36 رنز بنائے۔ زمبابوے کی جانب سے کپتان سکندر رضا اور بلیسنگ موزا ربانی نے 2-2 وکٹیں حاصل کیں۔ ہدف کے تعاقب میں زمبابوے کی ٹیم مقررہ اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 159 رنز بنا سکی۔ ڈیون میئرز 65 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے جبکہ 3 وکٹیں لینے پر بھارتی بالر واشنگٹن سندر کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

ایشین نیٹ بال لیول ون کوچنگ کورس 31 جولائی سے سنگاپور میں شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) ایشین نیٹ بال لیول ون کوچنگ کورس 31 جولائی سے سنگاپور میں شروع ہوگا۔ پاکستان نیٹ بال فیڈریشن کے چیئرمین مدثر آرائیں نے بتایا کہ کورس میں ایشیائی ممالک سے کوچز حصہ لیں گے اور 2 اگست تک جاری رہے گا۔

ڈیون کانوے کا میجر کرکٹ لیگ میں باؤنسر کیخلاف دفاعی انداز

قوت
SHOWBIZ

پریانکا چوپڑا سے متعلق بیان پر معمر رانا کی وضاحت

ممبئی (این این آئی) پاکستان فلم انڈسٹری کے معروف اداکار معمر رانا نے بالی ووڈ کی اداکارہ پریانکا چوپڑا سے متعلق اپنے بیان کی وضاحت دے دی۔ حال ہی میں مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر معمر رانا کا ایک ویڈیو کلپ وائرل ہو رہا ہے جس میں انہوں نے یوٹیوب چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے تقریباً ایک سال قبل اداکارہ پریانکا چوپڑا سے متعلق دیئے گئے اپنے بیان کی وضاحت پیش کر دی۔ انہوں نے کہا کہ میرے بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر لیا گیا، جو انٹرویو میں دکھایا گیا، انہوں نے ایسا نہیں کہا بلکہ اسے ایڈٹ کیا گیا تھا۔ اداکار کے مطابق ان کے بیان کو غلط انداز میں بیان کیا گیا تھا، اس وقت انہوں نے جو محسوس کیا وہ کہا لیکن اس کا مقصد ہرگز کسی کی تذلیل کرنا نہیں تھا۔ معمر رانا کے مطابق ایڈیٹنگ میں کب ہیر پھیر ہو جائے آپ کو پتا بھی نہیں چلتا، ایڈٹ میں آپ کو بٹھایا تو ہوتا ہے لیکن اگلا بندہ آپ کے جانے کے بعد کیا کہہ دے آپ کو پتا نہیں چلتا۔ ساتھی فنکاروں کے ردعمل سے متعلق انہوں نے کہا کہ مجھے برا لگا کہ پڑوسی ملک سے تو تنقید جو ہوئی سو ہوئی لیکن ساتھی فنکاروں نے بھی مجھے ہی کہا اس پر افسوس ہوا۔ تاہم معمر رانا پاکستانی ہیروئنز سے متعلق اپنے بیان پر قائم رہے اور کہا کہ پاکستانی ہیروئنز بھارتی اداکاراؤں سے زیادہ خوبصورت اور پرکشش ہیں، اس میں کوئی شک نہیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ برس اگست میں ایک پوڈکاسٹ میں انہوں نے بھارتی اداکارہ پریانکا چوپڑا پر کرش ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے یہ بھی کہا تھا کہ جب انہیں میک اپ کے بغیر دیکھا تو سارا کرش ختم ہو گیا۔

کووڈ کے بعد سپرہٹ فلمیں: دپیکا کمائی میں شاہ رخ خان کے قریب پہنچ گئیں

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کی مشہور و کامیاب اداکارہ دپیکا پڈوکون کی عالمی وبا کورونا وائرس کے بعد فلموں سے زبردست کمائی ہوئی جو بالی وڈ کے کنگ خان کو بھی پیچھے چھوڑ سکتی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق دپیکا پڈوکون کی نئی فلم کالکی 2898 اے ڈی بھارتی باکس آفس پر تہلکا مچا رہی ہے جس کے حوالے سے خیال کیا جا رہا ہے کہ یہ فلم مزید کچھ دن اور کمائی کرے گی۔ میڈیا رپورٹس میں بتایا جا رہا ہے کہ فلم عالمی سطح پر 1000 کروڑ کلب میں داخل ہونے کے لیے تیار ہے جب کہ ڈومیسٹک مارکیٹ میں یہ فلم 500 کروڑ کی نیٹ کلیکشن (net collection) کو عبور کر چکی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس فلم سے دپیکا کی کمائی میں اضافہ ہوا ہے اور خیال کیا جا رہا ہے کہ وہ کمائی میں شاہ رخ خان کو پیچھے چھوڑنے میں بس 41 کروڑ کی دوری پر ہیں۔ بھارتی میڈیا نے بتایا کہ کورونا کے بعد فلم پٹھان، جوان اور ڈنکی سے شاہ رخ خان کی ڈومیسٹک کلیکشن 1415.64 کروڑ رہی جس نے شاہ رخ خان کو کورونا کے بعد سے سب سے زیادہ کمائی کرنے والے بھارتی اداکار میں شامل کیا۔ اسی کے ساتھ ہی دپیکا کی موجودہ ڈومیسٹک کلیکشن 1374.65 کروڑ ہے اور امید ظاہر کی جا رہی ہے کہ دپیکا مزید 2 سے 3 دنوں میں اپنی فلم کلکی کی کمائی سے شاہ رخ خان کو پیچھے چھوڑ دیں گی۔

ظہیر اقبال اپنی اہلیہ سوناکشی کے سب سے بڑے سپورٹر بن گئے

ممبئی (این این آئی) سوناکشی سنہا نے حال ہی میں اپنے دیرینہ دوست ظہیر اقبال سے شادی کی ہے۔ اب وہ اپنی نئی آنے والی فلم 'ککو دا' کی ریلیز کی بےچینی سے منتظر ہیں۔ رتیش دیشمکھ اور ثاقب سلیم بھی اس ہارر-کامیڈی فلم کا حصہ ہیں۔ فلم سازوں نے بالی ووڈ کمیونٹی کیلئے فلم کی شاندار اسکریننگ کا اہتمام کیا، تو ظہیر اقبال اپنی اہلیہ کے سب سے بڑے سپورٹر بن گئے، وہ بھرپور انداز میں ایونٹ میں شرکت کیلئے پہنچے اور مثالی شوہر ہونے کا ثبوت دیا۔ سوناکشی سنہا کی فلم 'ککو دا' جلد ہی اسٹریمنگ پلیٹ فارم پر ریلیز ہونے والی ہے۔ ظہیر اقبال نے ایک کار میں اسٹائلش انداز میں انٹری دی، جیسے ہی وہ کار سے باہر نکلے اور دور سے سوناکشی کو دیکھا، تو فخر سے پکارا، 'ارے میری بیوی' اور انہیں پیار سے گلے لگا لیا۔ اس کے بعد دونوں نے فوٹوگرافرز کیلئے کیلئے خوبصورت پوز دیے جبکہ وہ بے ساختہ گفتگو کرتے رہے۔

تارک مہتا کا الٹا چشمہ کے 'سوڈھی' کا مالی مشکلات کا اعتراف

ممبئی (این این آئی) چند ماہ قبل خود ساختہ طور پر لاپتہ ہونے والے بھارت کے ٹیلی ویژن اداکار گروچرن سنگھ نے مالی مسائل میں گھرے ہونے کا اعتراف کر لیا جبکہ انڈسٹری سے کام دینے کی اپیل کر دی۔ اپنے ایک حالیہ انٹرویو کے دوران ٹیلی ویژن اداکار گروچرن سنگھ نے "تارک مہتا کا الٹا چشمہ" چھوڑنے کے بعد مالی نقصان کا سامنا کرنے پر بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے کورونا وائرس کی وبا کے دوران 2020 میں ممبئی چھوڑ دیا تھا اور اپنا کاروبار شروع کرنے کا فیصلہ کیا تھا، والد کی بیماری کی وجہ سے بھی ممبئی سے نئی دہلی آنا پڑا تھا۔ گروچرن نے کہا کہ مختلف وجوہات کی بنا پر کاروبار کامیاب نہ ہو سکا۔ نتیجتاً انہیں مالی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور بہت پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ ٹیلی ویژن اداکار کہنا تھا کہ یا تو کام صحیح سے نہیں ہوا یا جو لوگ میرے ساتھ مل کر کام کر رہے تھے وہ غائب ہو گئے۔

پانڈیا اور نتاشا میں اختلاف کی وجہ کون بنا؟ قریبی دوست نے پردہ اٹھا دیا

ممبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹر ہاردک پانڈیا اور ان کی اہلیہ نتاشا اسٹینکووچ کی علیحدگی کی افواہوں پر ان کے ایک قریبی دوست کا بیان سامنے آ گیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہاردک اور نتاشا کے دوست کا کہنا ہے کہ دونوں کے تعلقات میں خرابی کی وجہ ہاردک بنے تاہم نتاشا بھی تعلقات کو معمول پر لانے کے لیے تیار دکھائی نہیں دیتیں۔ دوست کا کہنا ہے کہ 'کسی کو نہیں معلوم کہ آنے والے دنوں میں کیا ہوگا لیکن اس وقت ہاردک اور نتاشا اپنے تعلقات کو بہتر نہیں کرنا چاہتے اور شاید یہ تعلق اب برقرار نہ رہے۔ ہاردک پانڈیا اور سربین اداکارہ و ماڈل نتاشا اسٹینکووچ مئی 2020 میں شادی کے بندھن میں بندھے تھے تاہم رواں سال مئی میں اس وقت ان کی علیحدگی کی خبریں گردش کرنے لگی تھیں۔

کترینہ اننت امبانی کی شادی کی تقریبات میں شرکت نہ کرسکیں

ممبئی (این این آئی) ان دنوں بھارت کے ارب پتی تاجر مکیش امبانی کے چھوٹے بیٹے اننت امبانی اور رادھیکا مرچنٹ کی پری ویڈنگ تقریبات جاری ہیں جس میں بالی وڈ سمیت معروف شخصیات شرکت کر رہی ہیں۔ سوشل میڈیا پر پری ویڈنگ تقریبات کی تصاویر اور ویڈیوز کافی وائرل ہو رہی ہیں جس میں کئی اہم بالی وڈ شخصیات کو دیکھا گیا۔ لیکن کترینہ کیف اننت امبانی کی پری ویڈنگ تقریبات میں کہیں نظر نہیں آئیں جس کے بعد ان کے فینز کے ذہنوں میں کئی سوالات نے جنم لیا۔ دوسری جانب کافی عرصے سے یہ افواہیں بھی گردش کر رہی ہیں کہ کترینہ حاملہ ہیں اور ان کے ہاں جلد بچے کی پیدائش متوقع ہے۔ تاہم گزشتہ دنوں ممبئی میں اننت امبانی کے سنگیت کی تقریب میں جب کترینہ کے شوہر اور اداکار وکی کوشل اکیلے پہنچے تو میڈیا نے ان سے کترینہ کیف کی عدم شرکت پر سوال کیے۔ جس پر وکی کوشل نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ کترینہ کیف اس وقت ممبئی سے باہر ہیں اور اس لیے وہ آج میرے ساتھ نہیں آئیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق وکی کوشل کے اس جواب کے باوجود کترینہ کے فینز مطمئن نہیں ہوئے اور ان کا خیال ہے کہ جوڑے کے ہاں جلد بچے کی پیدائش متوقع ہے اور اسی وجہ سے کترینہ کہیں تقریبات میں نظر نہیں آرہیں۔ ماضی میں کترینہ اور وکی کوشل کی ٹیم کی جانب سے اداکارہ کے حاملہ ہونے کی افواہوں کی کئی بار تردید کی جا چکی ہے۔ واضح رہے کہ اننت امبانی اور رادھیکا مرچنٹ کی 19 جنوری 2023 کو ممبئی میں منگنی ہوئی جب کہ جوڑا 12 جولائی کو ممبئی میں شادی کے بندھن میں بندھ جائے گا۔

چاہت فتح علی خان سے متعلق سمپسنز کارٹون کی پیشگوئی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی فلم وڈرامہ انڈسٹری کے معروف اداکار عمران عباس نے مستقبل کے متعلق پیشگوئی کرنے والی کارٹون سیریز 'دی سمپسنز' میں بیسرے گانوں کی وجہ سے شہرت پانے والے خود ساختہ گلوکار چاہت فتح علی خان کو دکھائے جانے کا انکشاف کیا ہے۔ مستقبل کی پیشگوئی سے مشہور 'دی سمپسنز' کارٹون سیریز کی نشریات کا آغاز سال 1989 میں ہوا تھا، اس کارٹون میں کئی ایسے واقعات دکھائے گئے ہیں جنہیں حقیقت میں بھی دیکھا جا چکا ہے۔ 'دی سمپسنز' کارٹون میں دکھائے گئے متعدد واقعات کے سچ ہونے کے بعد اب پاکستانی اسٹار عمران عباس نے کارٹون میں ایک اور پیشگوئی کا انکشاف بھی کر دیا ہے۔ عمران عباس نے اپنے آفیشل انسٹاگرام ہینڈل کی اسٹوری میں 'دی سمپسنز' کارٹون کی ایک قسط کی تصویر شیئر کی جس میں نظر آنے والے شخص کا خلیہ بالکل چاہت فتح علی خان جیسا ہے۔ مذکورہ تصویر میں چاہت فتح علی خان سے مماثلت رکھنے والے شخص کے ساتھ کارٹون کریکٹر 'ہمگی' بھی موجود ہے، جسے وائرل گانے 'بدوبدی' کی ماڈل وجدان راؤ کہا جا رہا ہے۔ عمران عباس نے اپنی انسٹاگرام اسٹوری میں کہا کہ سمپسنز کارٹون کی پیشگوئی ایک بار پھر سچ ثابت ہوئی جیسے ماضی میں ہوتی آئی ہیں۔ اداکار نے کہا کہ سمپسنز نے پہلے ہی اپنی قسط میں پیشگوئی کر دی تھی کہ ہم پر چاہت فتح علی خان کا عذاب مسلط ہوگا۔ عمران عباس کے انکشاف پر سوشل میڈیا صارفین نے دلچسپ تبصرے کرتے ہوئے پوچھا کہ کیا یہ عذاب ہم پر ہی نازل ہونا تھا؟

اقرا عزیز کو شوہر کے ہمراہ ڈانس کرنا مہنگا پڑ گیا

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی ڈرامہ انڈسٹری کی معروف اداکارہ اقرا عزیز کو شوہر یاسر حسین کے ہمراہ ڈانس کرنا مہنگا پڑ گیا۔ اداکارہ اقرا عزیز ان دنوں شوہر یاسر حسین کے ہمراہ بیرون ملک چھٹیاں گزار رہی ہیں جہاں وہ سیر وتفریح سے محظوظ ہو رہی ہیں۔ سوشل میڈیا پر اقرا اور یاسر حسین کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں دونوں اٹلی کے شہر روم کے سیاحتی مقام پر ایک دوسرے کا ہاتھ تھامے ڈانس کرتے دکھائی دے رہے ہیں۔ مذکورہ ویڈیو میں اقرا عزیز نے بولڈ لباس زیب تن کر رکھا ہے اور شوہر کے ہاتھوں میں ہاتھ ڈالے ڈانس کرتے نظر آ رہی ہیں۔ دونوں کی سیر وتفریح کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہے اور بولڈ لباس زیب تن کرنے پر مداح انہیں خوب تنقید کا نشانہ بھی بنا رہے ہیں۔

★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
ایڈیٹر امداد اللہ قریشی
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

خصوصی اشاعت

World Environment Day

انسانیت کو ماحول دوست دنیا کی ضرورت

بڑے پیمانے پر معدومیت سے بچنے کے لیے ایکو سسٹم کا تحفظ ناگزیر

میگزین رپورٹ

اللہ تعالیٰ نے کائنات اور کائنات میں موجود تمام چیزوں کو انسانوں کی نفع رسانی کے لیے پیدا کیا ہے۔ یہ صاف ستھری ہوا جس میں انسان سانس لیتا ہے، یہ روح افزا پانی جس سے وہ اپنی پیاس بجھاتا ہے، یہ ہرے بھرے درخت جن سے وہ پھل، لکڑیاں اور سایہ حاصل کرتا ہے، یہ طرح طرح کے مویشی جن کے دودھ، گوشت اور چمڑے سے وہ فائدہ اٹھاتا ہے، سب کو انسانوں کی خدمت میں لگا دیا گیا ہے۔ انسان کی ذمے داری ہے کہ وہ ان تمام چیزوں کی حفاظت کرے اور انہیں ضائع ہونے سے بچائے۔

بدقسمتی سے انسان گذشتہ صدیوں کے دوران ماحول کو بری طرح سے تباہ کر چکا ہے۔ آج اسے ماحولیاتی آلودگی، موسمیاتی تغیرات اور ان کے منفی اثرات کا سامنا ہے۔

بھارت میں ایسے وقت جب ملک کے بیشتر حصوں میں گرمی کا قہر برپا ہے اور درجنوں افراد لو لگنے اور گرمی کی وجہ سے ہلاک ہو چکے ہیں، ایک معروف اسلامی ادارے لکھنؤ کے اسلامک سینٹر آف انڈیا کے چیئرمین اور آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے رکن خالد رشید سے پوچھا گیا کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے مسلسل بڑھتی ہوئی گرمی کے متعلق مذہب اسلام کی ہدایات کیا ہیں۔ اس کے جواب میں مولانا خالد رشید فرنگی محلی کا کہنا تھا کہ قرآن کے مطابق سبزہ اور ہریالی کی حفاظت کرنا، پانی بچانا اور ان کے ضیاع کو روکنا مسلمانوں کا مذہبی فریضہ ہے۔ ہر مسلمان کو اس امر کو یقینی بنانا چاہئے کہ کسی بھی ہرے بھرے درخت کو نہ تو کاٹا جائے اور نہ انہیں جلایا جائے۔ "انہوں نے فصلوں کے باقیات کو جلانے سے بھی منع کیا۔

لکھنؤ میں 'نامہ' نیوز ایجنسی کے ایڈیٹر شبلی بیگ نے اس بارے میں غیرملکی میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ ایک مثبت پیغام ہے۔ یوں بھی اسلام نے ماحولیات کو درست رکھنے پر کافی زور دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیغمبرؐ اسلام کے اقوال میں یہ باتیں بھی ملتی ہیں کہ اگر کوئی شخص زمین پر درخت لگاتا ہے تو اسی وقت فرشتوں سے کہا جاتا ہے اس شخص کے نام پر جنت میں درخت لگا دو اور زمین کا درخت سوکھ جائے تب بھی جنت کا درخت نہیں سوکھتا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ حدیث بھی ملتی ہے کہ اگر تمہیں معلوم ہو کہ قیامت آن پڑی ہے اور درخت لگانے کا موقع ہے تو درخت لگا دو۔ مولانا خالد رشید نے لوگوں سے زیادہ سے زیادہ پودے لگانے کی بھی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ نے ایسے لوگوں کو انعام سے نوازنے کا وعدہ کیا ہے جو ایسے پودے لگاتے ہوں جو انسانوں اور جانوروں سمیت تمام مخلوقات کے لیے مفید ہیں۔

شبلی بیگ نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ آج ترقی کے نام پر درختوں کی اندھادھند کٹائی ہو رہی ہے، جس کا خمیازہ سب کو بھگتنا پڑ رہا ہے اور آنے والے دنوں میں حالات اس سے بھی زیادہ خراب ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ برصغیر میں مغل دور حکومت میں تمام شاہراہوں کے دونوں طرف بڑے پیمانے پر درخت لگائے جاتے تھے۔ سڑکیں درختوں کی چھاؤں میں ہوتی تھیں۔ اس وجہ سے ان سڑکوں کو 'ٹھنڈی سڑک' بھی کہا جاتا تھا۔ اور مئی جون جیسے گرمی کے موسم میں بھی سفر کرنے والے لوگوں کو گرمی سے پریشانی نہیں ہوتی تھی۔ لیکن اب ریاستی اور قومی شاہراہوں کے نام پر جو ترقی ہوئی ہے ان میں ان تمام درختوں کو ختم کردیا گیا ہے اور شاذ و نادر ہی سڑکوں کے کنارے درخت دیکھنے کو ملتے ہیں۔

> پیغمبرؐ اسلام کے اقوال میں یہ باتیں بھی ملتی ہیں کہ اگر کوئی شخص زمین پر درخت لگاتا ہے تو اسی وقت فرشتوں سے کہا جاتا ہے اس شخص کے نام پر جنت میں درخت لگا دو اور زمین کا درخت سوکھ جائے تب بھی جنت کا درخت نہیں سوکھتا۔ یہ حدیث بھی ملتی ہے کہ اگر تمہیں معلوم ہو کہ قیامت آن پڑی ہے اور درخت لگانے کا موقع ہے تو درخت لگا دو

مولانا خالد رشید فرنگی محلی نے اپنے فتوے میں مزید کہا ہے کہ تمام ندیوں، تالابوں اور سمندروں کو آلودہ ہونے سے بچانے کی مخلصانہ کوشش کی جانی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام میں درختوں اور فصلوں کو جلانا ممنوع ہے۔ یہ ایک بڑا گناہ ہے۔ حتیٰ کہ جنگ کے زمانے میں درختوں، باغوں اور کھیتوں کو جلانے یا نقصان پہنچانے سے منع کیا گیا ہے۔ ادھر ہسپانوی دفتر برائے موسمیات کے مطابق گزشتہ تین برسوں میں اسپین کے کاتالونیا کے علاقے میں اوسط سے کم بارشیں ہوئی ہیں۔ اس محکمے کے مطابق موسم کا ریکارڈ جب سے رکھا جا رہا ہے، تب سے اب تک ملک کے شمال مشرقی علاقے میں یہ سب سے خشک دورانیہ ہے۔ حالیہ بارشوں نے بھی اس صورت حال کو تبدیل نہیں کیا۔ اسپین کے جنوب میں اندولوسیا کا علاقہ بھی شدید خشک سالی کا سامنا کر رہا ہے، جب کہ بالیارک اور کناری کے جزائر پانی کی شدید قلت کا شکار ہیں۔ یہ تمام علاقے اسپین کی سیاحت کے اعتبار سے صف اول کے علاقے ہیں اور انہی کو بارشوں کی سب سے زیادہ کمی کا سامنا ہے۔

سیاحت کی صنعت جسے ہمیشہ 'شدید پیاسا' کہا جاتا ہے، اب ناقدین کے ان مطالبات کا سامنا کر رہی ہے کہ یہ صنعت پانی کی بچت کے لیے واضح اقدامات کرے۔ کاتالان کے علاقے میں سیٹیزن ایسوسی ایشن آیگوا ایس ویدا کے ترجمان دانتے ماشیو کے مطابق سیاحت کا شعبہ پانی کے استعمال میں واضح کمی کرے۔ ماشیو کاتالان کے علاقے میں کئی برسوں سے پانی کے انتظام میں بہتری کے لیے سرگرم ہیں۔ میڈیا سے گفتگو میں ان کا کہنا تھا کہ اب تک سیاحت کے شعبے میں پانی کے استعمال میں کفایت سے متعلق اقدامات بہت محدود رہے ہیں۔ یہ سیکٹر اب بھی بڑے پیمانے پر آزادی کے مزے لوٹ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک ایسے وقت میں جب پورا خطہ پانی کے بحران کا شکار ہے، پانی کا بے دریغ استعمال کرنے والی صنعتیں بند کر دی جانا چاہئیں، "ہم صرف بارشوں کی قلت کا سامنا نہیں کر رہے، بلکہ برسوں سے پانی کے وسائل کے حد سے زیادہ استعمال کیا گیا ہے۔

گرین پیس سے وابستہ ماہر ارضیات اور پانی کے وسائل سے متعلق امور کے ماہر جولیو بائیریا کے مطابق جب عام افراد پانی کے استعمال سے متعلق پابندیوں پر مجبور ہیں، تو یہی پابندیاں سیاحوں پر بھی لگنا چاہئیں۔ انہوں نے بتایا کہ گولف ریزورٹس میں چھٹیاں گزارنے والے افراد عام شہریوں کے مقابلے میں یومیہ دس گنا زائد پانی خرچ کرتے ہیں۔ اندولوسیا میں حکومت نے ہوٹلوں کو اپنے سوئمنگ پول پانی سے بھرنے کی اجازت دی، تاہم یہ سہولت عام افراد کو نہیں دی گئی اور ان پر پانی کی کفایت کے ضوابط نافذ رہے۔

کرہ ارض پر کروڑوں سال سے جاندار جی رہے ہیں، ان میں اضافہ ہو رہا ہے اور یہ ہمارے ایکو سسٹم یعنی ماحولیاتی نظام میں موجود ہیں، لیکن دوسری جانب ان جانداروں کا معدوم ہونا یعنی Extinction ارتقائی لائف سائیکل کا حصہ ہے، لیکن کئی بار معدومیت ان کے پھیلاؤ کے مقابلے میں زیادہ تیزی سے ہوتی ہے اور یہ بیلنس خراب ہو جاتا ہے اور اسی کو وسیع پیمانے پر معدومیت یعنی 'ماس ایکسٹنکشن' کہتے ہیں۔

سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ کرہ ارض پر موجودہ دور میں معدومیت کا عمل جاری ہے اور اس کی وجہ ہم انسان ہی ہیں، لیکن کیا یہ وسیع پیمانے پر معدومیت کا عمل ہے؟ اس حوالے سے ان کا کہنا ہے کہ یہ جاننا ضروری ہے کہ پچھلی پانچ ماس ایکسٹنکشنز کے دوران ہماری معلومات کے مطابق کیا ہوا تھا۔ سائنس دانوں کے مطابق اگر اس وقت معدومیت کی رفتار 'بیک گراؤنڈ ریٹ' سے زیادہ ہے تو ماس ایکسٹنکشن کا عمل جاری ہے۔ بیک گراؤنڈ ریٹ بتاتا ہے کہ اگر ہم انسانوں نے اقدامات نہیں کیے تو جاندار کتنی تیزی سے معدوم ہو جائیں گے اور یہ ریٹ دو عظیم عالمی معدومیت کے درمیان ہونے والی معدومیت سے معلوم کیا جاتا ہے۔

بین الاقوامی تنظیم انٹرنیشنل یونین فار کنزرویشن آف نیچر (آئی یو سی این) کے مطابق انواع کی معدومیت کا ریٹ بیک گراؤنڈ ریٹ سے ایک ہزار سے لے کر دس ہزار گنا زیادہ ہے۔ اس کے مطابق گذشتہ ماس ایکسٹنکشن کے برعکس اس تیز رفتار معدومیت کے ذمہ دار صرف ہم انسان ہیں۔

تنظیم کے بقول اس وقت تقریباً 17 ہزار پودے اور جانوروں کو معدومیت کا خطرہ ہے اور یہ نمبرز بہت کم ہیں کیونکہ 19 لاکھ انواع میں سے صرف تین فیصد پر تحقیق کی گئی ہے جبکہ انواع کی تعداد 19 لاکھ سے بھی کہیں زیادہ اور ایک اندازے کے مطابق یہ تعداد ایک کروڑ 30 سے 40 لاکھ انواع تک ہے۔ اسی طرح گذشتہ پانچ سو سالوں میں انسانوں کی وجہ سے 869 انواع معدوم ہوئیں۔ آٹھ میں سے ایک پرندہ اور چار میں سے ایک ممالیہ جانور کو مستقبل قریب میں معدومیت کا خطرہ ہے۔

تحقیق کے مطابق ماس ایکسٹنکشن ہر دس کروڑ سال کے بعد ہوتی ہے، تاہم اس کے بارے میں صحیح اندازہ لگانا مشکل ہے۔ پہلی ماس ایکسٹنکشن 44 کروڑ سال قبل ہوئی جس میں 85 فیصد انواع معدوم ہوئیں۔ یہ ماس ایکسٹنکشن پہلے سخت سردی اور پھر تیزی سے گرمی ہونے کے باعث ہوئی۔

دوسری ماس ایکسٹنکشن 37.4 کروڑ سال قبل واقع ہوئی جس میں 75 فیصد انواع معدوم ہوئیں۔ اس کی وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ سطح سمندر میں بہت زیادہ تبدیلی ہو رہی تھی اور تیزی سے بہت گرمی اور سردی ہو رہی تھی۔

تیسری ماس ایکسٹنکشن 25 کروڑ سال قبل ہوئی اور یہ سب سے تباہ کن تھی کیونکہ اس کے نتیجے میں 95 فیصد انواع معدوم ہو گئیں۔ اس ماس ایکسٹنکشن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ زمین پر ایک بڑا سیارچہ گرنے کے نتیجے میں پیش آئی، تاہم اس حوالے سے متضاد آرا ہیں۔

چوتھی ماس ایکسٹنکشن 20 کروڑ سال قبل پیش آئی اور اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ شاید بحر اوقیانوس میں ارضیاتی عمل کے باعث پیش آئی۔ اس میں زمین پر 80 فیصد انواع معدوم ہوئیں۔ پانچویں، آخری اور سب سے زیادہ مشہور ماس ایکسٹنکشن 14.5 کروڑ سال قبل ہوئی، جس میں 76 فیصد انواع معدوم ہوئیں بشمول ڈائنا سور کے۔

ان پانچ ماس ایکسٹنکشن کے مقابلے میں چھٹی ماس ایکسٹنکشن میں انسان کا براہ راست یا بالواسطہ ہاتھ ہے، جیسے کہ جانوروں کے مسکنوں یا رہائش گاہوں کی تباہی، حد سے زیادہ ماہی گیری اور شکار، کیمیائی آلودگی اور انسان کی وجہ سے گلوبل وارمنگ۔

براعظموں میں معدومیت عام ہوتی جا رہی ہے۔ ایک اندازے کے مطابق گذشتہ 20 سال میں 50 فیصد معدومیت براعظموں میں ہوئی ہے۔ انسان اور معدومیت کے خطرے سے دوچار انواع خاص طور پر ایشیا بالخصوص جنوب مشرق چین، بھارت، ہمالیہ، سری لنکا، جاوا، فلپائن اور جاپان کے کچھ حصوں اور افریقہ کے چند حصوں میں موجود ہیں۔

چھٹی ماس ایکسٹنکشن میں انسانوں کا براہ راست ہاتھ ہے۔ 'لیونگ پلینٹ' رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ انسان نے 30 فیصد زمین کو خوراک کے لیے استعمال کرنا شروع کر دیا ہے اور زراعت دنیا بھر میں 80 فیصد جنگلات کے خاتمے کا سبب ہے۔ زراعت ہی میں 70 فیصد تازہ پانی استعمال ہوتا ہے اور اسی وجہ سے انواع کے مسکن تباہ ہو گئے ہیں۔ تاہم کچھ سائنسدانوں کا کہنا ہے کہ ماس ایکسٹنکشن کے حوالے سے ہم زیادہ ہی خوف کا شکار ہیں اور ابھی معدومیت کی شرح وہ نہیں کہ یہ کہا جاسکے کہ ہم چھٹی ماس ایکسٹنکشن کی جانب جا رہے ہیں۔ اور اگر ایسا نہیں بھی ہو رہا تو کیا یہ بہتر نہیں ہے کہ ابھی سے اقدامات کیے جائیں جیسے کہ انواع کی مسکن گاہوں اور ایکو سسٹم کو بحال کریں، کیمیائی آلودگی کا باعث بننے والی اشیا کا استعمال محدود کریں، ایکو سسٹم کے تحفظ کے لیے مراعات دی جائیں اور ایکو سسٹم کو پہنچنے والے نقصان کے حوالے سے مزید معلومات حاصل کی جائیں۔

World Environment Day

دنیا میں جہاں جہاں سیاحت میں اضافہ ہو رہا ہے وہاں ماحولیاتی آلودگی بھی بڑھ رہی ہے۔ اسی لئے آج کل اس بات پر زور دیا جا رہا ہے کہ سیاحت کو ماحول دوست ہونا چاہئے۔ سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے 2021 میں مستقبل کے شہر نیوم میں 'دا لائن' نامی ایک نیا کاربن فری شہر بسانے کا اعلان کیا تھا جس میں نہ گاڑیاں ہوں گی اور نہ شاہراہیں۔ 'دا لائن 170 کلومیٹر پر محیط ہائپر سے مربوط ایک نئی پٹی ہوگی۔ اس کو فطرت کے عین مطابق ڈیزائن کیا جائے گا اور اس میں گاڑیاں اور شاہراہیں نہیں ہوں گی بلکہ وہاں کمیونٹیوں کو مصنوعی ذہانت کی ٹیکنالوجی سے آراستہ اور ہم آہنگ کیا جائے گا۔' ایکوامیشن یا ماحول دوست تدفین ایسا عمل ہے جس میں میت کو آگ سے جلانے کی بجائے کیمیکل ملے پانی کا استعمال کرتے ہوئے گوشت ہڈیوں سے الگ کر دیا جاتا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کے مطابق میت کو نذر آتش کرنے کے مقابلے میں ایکوامیشن زیادہ ماحول دوست ہے۔ جس میں پانی استعمال ہوتا ہے۔ ایکوامیشن کرنے والوں کا کہنا ہے کہ اس طریقے سے ماحول کے لیے نقصان دہ کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس 90 فیصد تک کم پیدا ہوتی ہے۔ ماحول دوست سڑکیں، ماحول دوست ٹرانسپورٹیشن، ماحول دوست فصلیں غرض دنیا ماحول دوستی کے راستے پر گامزن ہے۔ انسانیت کو واقعی ایک ماحول دوست دنیا کی ضرورت ہے۔

آلودگی سے بچاؤ کے لیے ''پلاسٹک فری پنجاب مہم''

ماحولیاتی تحفظ کے لیے صوبہ پنجاب کو پلاسٹک فری بنانے کی مہم شروع کردی گئی ہے۔ 5 جون سے صوبہ پنجاب میں پلاسٹک کی غیر قانونی مصنوعات بنانے والی فیکٹریوں کے خلاف کریک ڈاؤن کا آغاز ہوگا، اس سے قبل بار بار نوٹسز ارسال کیے جاچکے ہیں۔ 5 جون سے ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور دیگر فوڈ پوائنٹس پر گاہکوں کو پلاسٹک بیگ میں کھانا دینے پر سخت پابندی ہوگی۔ خلاف ورزی کرنے والے ہوٹلوں کے خلاف مکمل کریک ڈاؤن ہوگا، مالکان کے خلاف قانونی کارروائی اور بھاری جرمانے ہوں گے۔ سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر پلاسٹک سے پیدا ہونے والی مہلک بیماریوں سے تحفظ کے لیے 5 جون سے 'سے نوٹو پلاسٹک' مہم کا آغاز کر رہے ہیں۔ 'سے نوٹو پلاسٹک' مہم کے تناظر میں 5 جون سے غیر قانونی پلاسٹک بیگ کی تیاری، پروڈکشن، ترسیل اور خرید و فروخت پر پابندی کے لیے میکانزم پر سختی سے عملدرآمد کے لیے تیاری مکمل کرلی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پلاسٹک کا استعمال کینسر اور دیگر مہلک بیماریوں کا موجب ہے اور حولیاتی آلودگی کو بڑھا رہا ہے۔ ترجمان پنجاب حکومت کا کہنا ہے کہ قانون کے مطابق 75 مائیکرون سے کم حجم کے پولیتھین بیگز کے استعمال اور سنگل یوز پلاسٹک کے برتنوں پر مکمل پابندی ہے، پلاسٹک کے عدم استعمال پر عوام کے لیے 'پلاسٹک موت ہے' کے موضوع پر آگاہی مہم کا آغاز کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پبلک سروس میسجز سوشل میڈیا کے ذریعے وائرل کیے جائیں گے، شاپنگ مالز، دفاتر بس سٹینڈز، پارکس، ٹرانسپورٹس، میٹرو بسوں اور عوامی جگہوں پر پلاسٹک کی پابندی کے حوالے سے تحریری پیغامات چسپاں کیے جائیں گے۔ مریم اورنگزیب کا مزید کہنا تھا کہ پلاسٹک بیگز کی جگہ کاٹن بیگز یا متبادل ذرائع کی تیاری، پروڈیکشن، خرید و فروخت اور استعمال کو فروغ دیا جائے گا، میڈیا کو 'پلاسٹک موت ہے' کی آگاہی مہم میں اپنا حصہ ڈالنے کی درخواست ہے۔

☆☆☆☆

ماحولیاتی مسائل، کرہ ارض کا عذاب

حافظ بلال بشیر

نوجوان نسل جب کسی بھی کام کا ارادہ کر لیتی ہے تو وہ بہت جلد پائے تکمیل تک پہنچ جاتے ہیں، اور حالات درست ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ دنیا میں نوجوان نسل کو جہاں بے شمار انفرادی و اجتماعی مسائل ہیں وہیں ایک ایسا عالمی مسئلہ بھی روز بروز بڑھ رہا ہے، جس کی جانب اگر آج کی نوجوان نسل اور اقوام عالم نے بروقت توجہ نہ دی تو آنے والی نسلوں کے لیے یہ کرہ ارض کسی عذاب سے کم نہیں ہوگا۔

جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں۔ تیزی سے بدلتے موسم اور موسمی حالات جہاں کرہ ارض کو خطرے کی لکیر کی جانب دھکیل رہے ہیں وہیں آئے روز نت نئی بیماریوں کا سبب بھی بن رہے ہیں۔ اربوں نوری سال پر پھیلی اس کائنات میں اب تک انسانی معلومات کے مطابق زمین ہی ایک ایسا کرہ ہے جہاں زندگی کا وجود ہے، اس کی سب سے بڑی وجہ اور محرک موسمی اعتدال ہے، جہاں ایک خاص تناسب سے گیسیں اور ضروریات زندگی موجود ہیں۔ اس موسمی اعتدال کے قیام میں بھی لاکھوں سال لگے ہیں، منجمد برفانی دور کے بعد آہستہ آہستہ یہ کرہ انسانی زندگی کے لیے سازگار رہا اور انسان یہاں آباد ہو سکا۔ لیکن پچھلی نصف صدی سے جس تیزی کے ساتھ دنیا نے ٹیکنالوجی میں ترقی حاصل کی ہے وہ اپنے ساتھ نئے مسائل بھی لائی ہے۔ ان میں سب سے بڑا مسئلہ موسمی تغیرات ہیں۔ زمین کا درجہ حرارت ایندھن کے کثرت استعمال سے دن بہ دن بڑھتا جا رہا ہے، آج ایشیائی ممالک کو بالخصوص اس مسئلے کا سامنا ہے۔ اگر ہم پچھلی دو دہائیوں پر غور کریں تو ہمیں موسم نسبتاً گرم ہوتا محسوس ہوتا ہے۔ پاکستان میں اپریل کے اختتام پر ہی سخت گرمی ڈیرے ڈال لیتی ہے، جو آگے بہ تدریج بڑھتے بڑھتے خطرناک صورت اختیار کر لیتی ہے، اگر غور کیا جائے تو غیر محسوس طور پر موسم بہار ختم ہوتا جا رہا ہے، اب سردی کے فوراً بعد گرمی آتی ہے، اور موسم گرما کا دورانیہ کسی بھی موسم کی بہ نسبت سب سے زیادہ ہوتا ہے۔

اس تیزی سے بدلتی صورت حال کا مظہر صرف پاکستان ہی نہیں، بل کہ براعظم ایشیا کے دیگر ممالک بھی ہیں۔ ایشیا چوں کہ اوائل سے ہی گرم خطہ رہا ہے اس لیے یہاں اس کا مظہر زیادہ قوی ہے۔ لیکن اگر غور کیا جائے تو دیگر براعظم بھی اس موسمی تبدیلی کے عفریت سے مامون نہیں، چند سال قبل ایمازون جیسے جنگلات میں لگنے والی آگ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ گرمی نے اب آہستہ آہستہ یورپی، اور امریکی ممالک کو بھی اپنی لپیٹ میں لینا شروع کر دیا ہے۔ قطب شمالی اور قطب جنوبی میں بھی برف پگھلنے لگی ہے، جس سے سمندروں کی سطح بڑھ رہی ہے، جو ساحلی آبادی والے شہروں کے لیے شدید خطرے کی علامت ہے۔ گرمی کی شدت سے بخاراتی عمل بھی تیز ہو گیا ہے، جس سے بارشیں معمول سے زیادہ برستی ہیں، جو عارضی ٹھنڈک تو فراہم کرتی ہیں لیکن اس کے بعد سیلاب، دریاو?ں اور سمندروں میں طغیانی اور زمین کے حبس میں اضافے کا سبب بنتی ہیں۔ دنیا بھر میں ہر سال کئی ممالک میں بارشوں کی وجہ سے سیلابی صورت حال پیدا ہوتی ہے۔

زمین کی بڑھتی تپش کی وجہ سے محرکاتی پلیٹیں بھی معمول سے زیادہ حرکت کرتی ہیں جن کے باعث ان پلیٹوں پر واقع زمینی خطے آئے روز زلزلے کی زد میں رہتے ہیں، الغرض کوئی ایسا انسانی حیات کا پہلو نہیں جو ان موسمی تغیرات کی زد میں نہ آتا ہو۔ شدید گرمی، اور خشک سالی کی بنا پر زیر زمین پانی بھی تیزی سے کم ہو رہا ہے، اور اگلے 30 سال میں بہت سے میدانی خطے زمینی پانی سے محروم ہو جائیں گے، اور بہت سے ساحلی خطے زیر آب چلے جائیں گے۔

> شدید گرمی، اور خشک سالی کی بنا پر زیرزمین پانی بھی تیزی سے کم ہو رہا ہے، اور اگلے 30 سال میں بہت سے میدانی خطے زمینی پانی سے محروم ہو جائیں گے، اور بہت سے ساحلی خطے زیر آب چلے جائیں گے

اگر اسباب کی بات کی جائے تو بلاشبہ اس میں تردد نہیں کہ اس کرے کو اتنے نازک موڑ پر لانے والے ہم انسان خود ہیں، قدرت کے مظاہر میں مداخلت کرنے کا جرم اتنا بڑا ہے کہ ہم سے قدرت زندگی کے لوازمات ہی چھینتی جا رہی ہے۔ ہم انسانوں نے تیزی سے صنعتی انقلاب کے نام پر اوزون کی تہہ کو جا بہ جا نقصان پہنچایا ہے، اور رہی سہی کسر مصنوعی سیارچوں (سیٹلائٹ) کے ملبے نے پوری کر دی ہے۔ جو اوزون کی تہہ کو بری طرح متاثر کر رہے ہیں۔ درختوں کی بے دریغ کٹائی موسمی تغیرات کا سب سے بڑا سبب معلوم ہوتی ہیں، ہم نے ہری بھری زمین کو اپنے گھروں کی زینت بننے والے فرنیچر اور دیگر سامان زندگی کے لیے کاٹ کاٹ کر اپنی زندگی ہی داؤ پر لگا دی۔ درخت لگانے کا رجحان ختم ہو گیا، مصنوعی زراعت کا دور دورہ ہے، گرین فارمز تشکیل دیے جا رہے ہیں، جو قدرتی ماحول میں نشوونما ناں پانے کی بنا پر قدرتی افادات بھی نہیں دے پاتے۔ فضلے کا مناسب انتظام نہ ہونے کی بنا پر آبی آلودگی بھی پروان چڑھ رہی ہے۔

نت نئے جنگی آلات و ہتھیاروں کا استعمال بھی زمینی ماحول کے لیے خطرے کا عندیہ ثابت ہو رہا ہے۔ الغرض موسمی تغیرات کے تمام ہی عوامل انسان کے پیدا کردہ ہیں، ان تمام ہی عوامل سے متعلق رہ نمائی اسلام میں موجود ہے۔ آج پوری دنیا میں 5 جون یوم ماحولیات کے طور پر منایا جاتا ہے لیکن موسمی تغیرات سے نبرد آزما ہونے کا نعرہ تو بڑا خوب صورت ہے، لیکن اس سے بڑھ کر آج کی عالمی لیڈر شپ کو عملی اقدام کی ضرورت ہے، کانفرنسوں، سیمیناروں اور رسمی بیانات سے آگے بڑھ کر ان اسباب کو اختیار کرنے کی ضرورت ہے جو عملی طور پر موسم کو اعتدال کی جانب واپس لے کر جائیں۔

اقوام متحدہ نے 2015 میں ایک قرارداد میں دنیا کی ترقی کے پائیدار اہداف کا تعین کیا ہے۔ 17 اہداف میں سے 9 موسمیاتی تبدیلیوں سے متعلق ہیں، اس بات سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ اس وقت عالمی طور پر جو سب سے بڑا چیلنج عالم انسانیت کو درپیش ہے وہ یہی ہے، اس سے نکلنے کے راستے ہیں، لیکن ظاہر ہے وہ محنت طلب ہیں۔ مظاہر کو بگاڑنا آسان ہوتا ہے اور سنوارنا مشکل، آج کی اس سب سے بڑی مشکل کا ادراک کرتے ہوئے ہمیں اس کرے کو بچانے کے لیے کمربستہ ہونا ہوگا۔

یہ ہم پر منحصر ہے کہ ہم محنت سے بھاگیں یا زندگی سے۔ ہم تو شاید اس دنیا سے چلے جائیں، لیکن اگر بروقت اقدامات ناں کیے تو عین ممکن ہے ہم اپنی آنے والی نسلوں کے لیے ایک تباہ شدہ کرہ چھوڑ کر جائیں، اس طرز عمل سے جہاں ہم تاریخ میں مجرم قرار پائیں گے وہیں انسانیت کی معدومیت کے سرغنہ بھی۔ آج مریخ پر جانے کی باتیں ہو رہی ہیں، دنیا کی معیشت کا ایک بڑا حصہ ان پراجیکٹس میں جھونکا جا رہا ہے، لیکن افسوس کہ اسی زمین کو سنوارنے کی سعی اس سے کہیں کم ہے۔

ہر سال 5 جون ماحولیات کا عالمی دن ہوتا ہے، اس دن دنیا میں بسنے والے تمام انسان خصوصاً نوجوان نسل حسب استطاعت موسمی اعتدال کی جانب اپنا قدم ضرور بڑھائیں۔ عملی اقدامات میں ہم میں سے ہر شخص ایک پودا ضرور لگا سکتا ہے، اس کی نشوونما تک اس کا خیال ضرور رکھ سکتا ہے، یقیناً یہ ہم سب کے بس میں ہے، نیز یہ اسلامی تعلیمات کا حصہ بھی ہے۔ اگر پھر بھی کوئی یہ گمان کرتا ہے کہ وہ اس عملی قدم سے بھی عاجز ہے تو اسے چاہیے کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کی اس نزاکت کی آگہی اپنے احباب و متعلقین میں ضرور پیش کرے

۔اگر پھر بھی کوئی یہ گمان کرتا ہے کہ وہ اس عملی قدم سے بھی عاجز ہے تو اسے چاہیے کہ ماحولیاتی تبدیلیوں کی اس نزاکت کی آگہی اپنے احباب و متعلقین میں ضرور پیش کرے۔ پیش آمدہ مسائل باور کروائے اور انہیں ذہنی، جسمانی اور قلبی طور پر اس زمین کی بقا کے لیے تیار کرے۔ یہ بھی ماحولیات کے عالمی دن کا کم سے کم حق ہے، لیکن ہر حال میں اپنے حصے کی شمع جلانا ہمارا اخلاقی فرض ہے، آج اس اخلاقی فرض کو ادا نہ کیا تو کل تاریخ کے اوراق آنے والی نسلیں ہمیں اخلاقی مجرم ضرور قرار دیں گی۔

☆☆☆

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ۔اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

بقیہ بقیہ جات 1

میں فلور ملز ایسوسی ایشن کی قیادت کو قائل کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں ہڑتال نہ کرنے کے فیصلے پر ایسوسی ایشن کے چیئرمین اور دیگر قائدین کا شکریہ ادا کیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے ہڑتال کے نتیجے میں آٹے کی قلت اور عوام کے لئے روٹی مہنگی ہونے کے خدشات کا اظہار کیا تھا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ آٹا اور روٹی مہنگی ہونے کا نقصان صرف غریب عوام کو ہوگا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے یقین دہانی کرائی کہ جائز تحفظات اور مسائل کے حل کے لئے بھرپور کردار ادا کروں گی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ جائز مسائل کے حل کے لئے ہڑتال کرنے کی ضرورت نہیں۔

بقیہ بقیہ جات 2

ہے کیونکہ ان کا پرافٹ پر مارجن بہت کم ہوتا ہے، سیکشن 237 میں سیلز ٹیکس کی وضاحت کا دائرہ بہت وسیع کر دیا گیا اور افسران کو لامحدود اختیارات سے لگتا ہے کہ ایف بی آر کو انفورسنگ ایجنسی بنا دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار ماہر معاشیات و آئی ایل اے کے عہدیداروں محمد اسحاق بریار، عاشق علی رانا، عدیل شیخ، ملک جلیل اعوان، زاہد رسول بیگ، فیصل اقبال خواجہ اور دیگر نے ''بجٹ اور آفٹر شاکس'' کے موضوع پر منعقدہ مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ بقیہ جات 3

یابی کے لیے دعا گو ہوں، پرتشدد واقعات کے خلاف سب کو کھڑا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہر قسم کے سیاسی تشدد کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں، جمہوریت کو چیلنج کرنے والے کسی بھی قسم کے تشدد کے خلاف ہیں

بقیہ بقیہ جات 4

کی وجہ سڑک کی تنگی بتائی جاتی ہے جس کے باعث گاڑی ڈرائیور سے بے قابو ہوگئی۔ ریسکیو 1122 کی ٹیم موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتال مستوج اور بونی منتقل کیا گیا جہاں سے انہیں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال لوئر چترال منتقل کر دیا گیا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والوں میں گاڑی کا ڈرائیور شیر نادر ساکنہ چھپسار، زوجہ شیر ولی ساکنہ اوچھوہون اور آٹھ اور دس سال کے دو بچے شامل ہیں جن کے فوری طور پر نام معلوم نہیں ہو سکے۔

بقیہ بقیہ جات 5

مملکت نے ڈونلڈ ٹرمپ کی جلد صحت یابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار اور حملے میں انسانی جان کے ضیاع پر اظہار افسوس بھی کیا ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے بھی امریکا کے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر حملے کی مذمت اور واقعے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اس حوالے سے اپنے ایک بیان میں انہوں نے سابق امریکی صدر ٹرمپ کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے اور کہا ہے کہ سیاسی عمل میں ہر قسم کا تشدد قابل مذمت ہے۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اس مشکل وقت میں ہماری ہمدردیاں اور نیک خواہشات ڈونلڈ ٹرمپ کے خاندان کے ساتھ ہیں۔ علاوہ ازیں دیگر عالمی رہنماؤں نے بھی امریکا کے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر فائرنگ کے واقعے کی مذمت کی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 6

ڈونلڈ ٹرمپ کے سر اور کان پر خون کے نشانات تھے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق انتخابی ریلی کے دوران فائرنگ کرنے والا حملہ آور مارا گیا جبکہ ایک دوسرا شخص بھی ہلاک ہوا ہے۔ حملے کے شبے میں ایک شخص کو گرفتار بھی کر لیا گیا ہے۔ فائرنگ کی آوازیں آنے کے بعد پنسلوینیا کے علاقے بٹلر میں منعقدہ ریلی میں بھگدڑ مچ گئی۔

بقیہ بقیہ جات 7

الصوبائی روابط، سیاحت کے فروغ، وفاقی تعاون سمیت دیگر دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ بین الصوبائی روابط سے دو طرفہ مفادات کو تقویت حاصل ہو سکتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی تعاون سے عوام کا معیار زندگی بہتر بنانے میں مدد مل رہی ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ صوبہ میں سیاحت کے فروغ میں وفاقی تعاون لائق تحسین ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کے عوامی فلاحی اقدامات بالخصوص آئی ٹی کورسز قابل تقلید ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 8

جل کر اقدامات کرنا ہوں گے۔ سموگ فری پنجاب انیشی ایٹو کے تحت ینگ گریجوایٹس کمیونٹی سروس کی منفرد خدمات سرانجام دیں گے۔ گزشتہ 2 سال میں اپنی ڈگری مکمل کرنے والے گریجوایٹ اپلائی کر سکتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ چیف منسٹر پنجاب کلائمٹ لیڈرشپ ڈویلپمنٹ انٹرنشپ پروگرام کے تحت انٹرنز کو ماہانہ 25 ہزار سکالرشپ دیا جائے گا۔ کلائمیٹ لیڈرشپ ڈویلپمنٹ انٹرن شپ پروگرام کمیونٹی سروس اور ماحولیاتی تحفظ کے لئے پلیٹ فارم فراہم کرتا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 9

کہا کہ کیا یہ ملک ایسے چلے گا کہ لوگوں کی وفاداریاں تبدیل کی جائیں گی؟ ملک میں جنگل کا قانون ہے، عدلیہ کی کوئی عزت و تکریم نہیں رہی۔ سابق اسپیکر اسد قیصر نے کہا کہ عدلیہ کے فیصلوں کے خلاف کھلم کھلا بغاوت ہے، کیا یہ زور زبردستی سے آپ حکومت چلا سکیں گے، ہم پاکستانی ہیں اور ہم قانون اور آئین کے اندر رہتے ہوئے اپنی جدوجہد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اب مذمت کا وقت ختم ہو گیا ہے، اب مزاحمت کریں گے، ہمارا پہلا مطالبہ ہے کہ ہمارے ایم این ایز کو اپنا فیصلہ کرنے دیا جائے، ایم این اے امیر سلطان کو فوری طور پر رہا کریں۔ اسد قیصر نے کہا کہ سپریم کورٹ اور اعلیٰ عدلیہ سے ملتمس ہوں کہ الیکشن ٹریبونل جلد از جلد فیصلے کریں، فارم 45 کے مطابق جو لوگ منتخب ہوئے ہیں ان کو ان کا حق دیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 10

حکمران اب خود نڈھال ہو گئے ہیں، آپ کیسز بناتے بناتے تھک جائیں گے بانی پی ٹی آئی کا عزم متزلزل نہیں ہوگا، پی ٹی آئی کی مخصوص نشستوں پر مال غنیمت سمجھ کر ہاتھ صاف کئے گئے تھے، عدت نکاح کیس عمران خان کو دباؤ میں لانے کیلئے بنایا گیا تھا، جو سازشیں کرنے میں شریک تھے وہی عدالتی فیصلوں پر تلملا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

کر دیا تھا جو شہباز شریف کی محنت سے اب مان چکے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کی محنت کا نتیجہ ہے آج تمام دوست ممالک ہمارے ساتھ کھڑے ہیں اور امداد دینے سرمایہ کاری کرنے کو تیار ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

رکھ کر آنے والی نسلوں کے مستقبل کے راستے متعین کر دیئے تھے، ڈوگرہ استبداد کے خلاف اہل کشمیر کی یہ قربانیاں اب نئے انداز اور ولولے کے ساتھ جاری ہیں، کشمیر کے مقبوضہ علاقے میں آبادیاتی ڈھانچہ تبدیل کرنے کی بھارتی سازش کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی، حق خود ارادیت کشمیری عوام کا بنیادی حق ہے، بھارت مقبوضہ کشمیر میں انسانیت سوز مظالم بند کرے، یوم شہدائے کشمیر کے موقعہ پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

بقی بقیہ جات 13

میں فلور ملز ایسوسی ایشن کی قیادت کو قائل کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں ہڑتال نہ کرنے کے فیصلے پر ایسوسی ایشن کے چیئرمین اور دیگر قائدین کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ بقیہ جات 14

سیف کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ علی امین گنڈاپور کو وفاق کی نہیں اپنی حکومت کی فکر کرنی چاہیے۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر محمد علی سیف کے بیان کے ردعمل میں صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا کہ سپریم کورٹ کی دیواروں پر گندے کپڑے لٹکانے والے ہمیں لیکچر مت دیں، پارلیمنٹ، پی ٹی وی پر حملہ کرنے والی جماعت کو بھی عدلیہ کی تکریم یاد آ گئی۔ انہوں نے بیرسٹر سیف کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ قیمتی تحائف چوری کرنے کے الزام میں گرفتار ہیں، ہم نے ان کو نہیں کہا تھا گراف کی گھڑیاں اور ہیرے کے نکلس چوری کریں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ قیمتی گھڑیاں اور قیمتی نیکلس قوم کی ملکیت ہیں، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی اپنی چوریوں اور ڈکیتوں کے جرم میں جیل میں قید ہیں، ڈائیلاگ اور بھڑکیں مت ماریں گھڑیوں اور نکلس کی رسیدیں نکالیں۔ انہوں نے کہا کہ علی امین گنڈاپور کو وفاق کی نہیں اپنی حکومت کی فکر کرنی چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 15

ہے، بحران سے نکال کر ہی دم لیں گے۔ انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ انصاف صرف ہونا نہیں چاہیے بلکہ انصاف ہوتا ہوا نظر بھی آنا چاہیے اس کا مطلب یہ ہے کہ عدالتی فیصلے عام فہم ہونے چاہیے اس ملک کے عام آدمی کو بھی اس تحفظ کا احساس ہو کہ میرے ملک کی عدالتیں انصاف کر رہی ہیں۔ سپریم کورٹ کے فیصلے سے حکومت کو کوئی خطرہ نہیں۔ انشاءاللہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت وفاق اور پنجاب میں اپنی پانچ سال مدت پوری کرے گی۔ ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) اللہ کے فضل سے عوام کو ریلیف دینے کی اہلیت رکھتی ہے، ملک اب ترقی کی جانب گامزن ہو چکا ہے، مخالفین جان لیں کہ اب انتشار کی سیاست کی کوئی گنجائش نہیں، ہم نواز شریف کی قیادت میں ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر کے ہی دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انتشار کی طرف سے عوام میں غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوششیں اب کامیاب نہیں ہوں گی۔

بقیہ بقیہ جات 16

پاکستان میں اہل خانہ پریشان ہو گئے اور اہلخانہ کا کہنا ہے کہ ان کے بچوں کو تشدد کا نشانہ بنایا جا رہا ہے، ساتھ ہی انہوں نے حکومت سے بچوں کی واپسی کے لیے اقدامات کی اپیل بھی کی ہے۔ اس حوالے سے سفارتخانے کے اسسٹنٹ قونصلر علی شیر نے کہا کہ میانمار میں لاپتا حیدر※باد کے 3 نوجوانوں کو بیچا نہیں گیا بلکہ تینوں نوجوان نوکری کے جھانسے میں آ کر غیر قانونی کمپنی میں کام کرتے ※ئے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نوجوانوں کو جلد بازیاب کروا کر وطن واپس بھیج دیا جائے گا، قانونی پیچیدگیوں کے باعث ان کی بازیابی میں تاخیر ہو رہی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

لڑا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے سپورٹ کیا اور پارٹی ووٹرز کے ووٹ حاصل کیے، پی ٹی آئی کی وجہ سے میں الیکشن جیتا۔

بقیہ بقیہ جات 18

ٹول فلیکشن بھی۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 19 جون کو پی پی نے کراچی کی کمان سنبھالی، ہمیں یہ اعزاز ملا کہ ہم کراچی کی خدمت کر سکیں، ہمیں 1 سال ہوا، جس میں 8.2 ارب روپے جمع کیے۔ میئر کراچی نے کہا کہ 150 فیصد اضافہ بلدیہ نے پی پی کی قیادت میں کیا ہے، اس سال کا ٹارگٹ ہے کہ اس آمدنی میں کئی گنا اضافہ کرنا ہے، ایم یو ٹی، صوبائی حکومت کی گرانٹ اور اخراجات کو پبلک کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 19

دعویٰ کیا گیا کہ این اے 110 جھنگ سے ایم این اے صاحبزادہ امیر سلطان کو نامعلوم افراد نے اغوا کر لیا۔ ذیشان رشید نے بتایا کہ صاحبزادہ امیر سلطان کو سرور روڈ پر ان کے گھر سے رات گئے اغوا کیا گیا۔ جنرل سیکرٹری پی ٹی آئی لاہور کا کہنا تھا عدالتی فیصلے کے بعد ہمارے ایم این اے غیر محفوظ ہیں۔ دوسری جانب ایس پی کینٹ جھنگ اویس شفیق کا کہنا ہے ایم این اے صاحبزادہ امیر سلطان کو گرفتار نہیں کیا، رکن قومی اسمبلی کے اغوا سے متعلق بھی کوئی اطلاع نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی کو افغانستان میں افغان طالبان کی مکمل تائید اور حمایت حاصل ہے، پاکستان میں حملے کرنے کیلئے ٹی ٹی پی کو افغانستان کے طالبان حکمرانوں کی سرپرستی حاصل ہے۔ یو این رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ کالعدم ٹی ٹی پی کو القاعدہ سے بھی آپریشنل اور لاجسٹک سپورٹ مل رہی ہے، افغانستان میں القاعدہ کے کارندے پاکستان میں حملوں کے لیے ٹی ٹی پی کی مدد کر رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 21

ڈھوکی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ ہاؤس سے جاری اپنے تعزیتی بیان میں وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ نذیر ڈھوکی کے انتقال کا سن کر بہت دکھ ہوا۔ مرحوم نذیر ڈھوکی بہترین انسان اور ایک وفادار جیالے تھے۔ اللہ پاک مرحوم نذیر ڈھوکی کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر دے

بقیہ بقیہ جات 22

مفضل سیف الدین سے ملاقات کی۔ طاہری مسجد میں داؤدی بوہرہ کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے مراد علی شاہ نے سیدنا مفضل سیف الدین سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام میں آپ کی شہر کراچی میں آمد سندھ کے لیے باعث فخر ہے

بقیہ بقیہ جات 23

فکس چارجز ادا کریں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 301 سے 400 یونٹ تک استعمال پر گھریلو صارفین یکم جولائی سے 200 روپے فکس چارجز ادا کریں گے، 401 سے 500 یونٹ استعمال کرنے والوں کو 400 روپے، 501 سے 600 یونٹ تک استعمال کرنے والے 600، 601 سے 700 یونٹ استعمال کرنے والے 800 اور 700 سے زائد یونٹ استعمال کرنے والے گھریلو صارفین کو ماہانہ 1 ہزار روپے فکس چارجز ادا کرنا ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 24

۔لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم سلطان اکرم راجہ سمیت دیگر کی درخواستوں پر سماعت کریں گے۔ درخواستوں میں استدعا کی گئی کہ ریٹائرڈ ججز کو بطور الیکشن ٹریبونل قائم کرنے والے الیکشن آرڈیننس 2024 کو غیر قانونی قرار دیا جائے، آرڈیننس کے تحت پنجاب میں ریٹائرڈ ججز کی بطور الیکشن ٹریبونل تعیناتی بھی غیر آئینی قرار دی جائے۔ مزید استدعا کی گئی کہ حتمی فیصلے تک ریٹائرڈ ججز کو بطور الیکشن ٹریبونل قائم کرنے سے روکا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 25

میں نکاح کیس کی طرح توشہ خانہ کیس بھی بے بنیاد ہے، ایک جیسے کیسز کو الگ الگ چلا کر بانی پی ٹی آئی کو جیل میں رکھا جا رہا ہے۔ مصدق عباسی کا کہنا تھا توشہ خانہ کیس میں بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو گرفتار کیا گیا، فرد جرم یہ ہے کہ تحائف توشہ خانہ کے ذریعے نہیں لیے گئے

بقیہ بقیہ جات 26

افسوس ہوا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے سابق صدر کی جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ حملہ جمہوری رویوں اور روایات کے منافی ہے، پاکستان نے ہمیشہ دہشت گردی کی ہر جگہ اور ہر شکل میں مخالفت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بات چیت اور افہام و تفہیم کے ساتھ معاملات حل کیے جانے چاہئیں۔ سپیکر نے حملے میں دیگر زخمیوں کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر انتخابی ریلی کے دوران قاتلانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ سابق امریکی صدر پر انتخابی ریلی کے دوران حملے کا سن کر بہت افسوس ہوا۔ یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ سیاست میں اس طرح کے تشدد کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ دعا ہے کہ سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ جلد از جلد صحت یاب ہوں۔

بقیہ بقیہ جات 27

ہوم عابد مجید سوئٹزرلینڈ میں پولیو کے خلاف بین الاقوامی کانفرنس میں چیف سیکرٹری کی حیثیت شرکت کریں گے۔ واضح رہے کہ گزشتہ کئی ماہ سے چیف سیکرٹری کی تقرری پر خیبر پختونخوا حکومت اور وفاق کا تنازعہ چل رہا ہے، جس کے بعد وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا نے ایڈیشنل چیف سیکرٹری کو چیف سیکرٹری کا ایڈیشنل چارج دیدیا۔ اس سے قبل، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے صوبے کے چیف سیکرٹری ندیم اسلم چوہدری کو عہدے سے ہٹانے کے لیے وفاقی حکومت کو خط ارسال کیا تھا۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے وفاقی حکومت کو لکھے گئے اپنے خط میں چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا ندیم اسلم چوہدری کو عہدے سے ہٹانے اور شہاب علی شاہ کو چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا لگانے کی سفارش کی تھی۔ اپنے خط میں وزیر اعلیٰ علی امین گنڈاپور نے لکھا کہ ندیم اسلم کی بطور چیف سیکرٹری خدمات واپس لی جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 28

والدین، بہن اور بیوی سے ملاقات کی۔ سینئر صوبائی وزیر نے اہل خانہ دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور فاتحہ خوانی کی۔ مریم اورنگزیب نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ لواحقین کو یہ ناقابل تلافی صدمہ برداشت کرنے کی ہمت دے اور مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے۔ سینئر صوبائی وزیر نے سعد بن نعیم کی مسلم لیگ (ن) کیلئے خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ بقیہ جات 29

گفتگو کرتے ہوئے سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ یہ دن فرانس کی متاثر کن تاریخ میں ایک شاندار سنگ میل کی نشاندہی کرتا ہے اور عزم کو یاد کرنے اور ان کا احترام کرنے کا ایک موزوں موقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور فرانس عظیم اور اچھے دوست ہیں، ہم اپنی کثیر جہتی شراکت داری اور تمام ڈومینز میں باہمی فائدہ مند تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مل کر کام جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں۔ سفیر عاصم افتخار احمد نے کہا کہ ہم فرانسیسی عوام کے لیے امن، ترقی اور مسلسل خوشحالی کے خواہاں ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 30

وزیر اوورسیز چوہدری سالک حسین سے ملاقات کی، ملاقات میں عراق جانے والے زائرین کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں فراہم کرنے کے حوالے سے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں زائرین کو بغیر فیس انٹری ویزا کی اجازت دینے اور پاکستانی زائرین کا کوٹہ بڑھانے سے متعلق امور بھی گفتگو کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 31

تبدیلیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے سی ڈی اے نے تاریخ میں پہلی بار اسلام آباد کیلئے ''ماحولیاتی تبدیلی فنڈ'' قائم کر دیا ہے، کلائمیٹ چینج انیشیٹو کے تحت سی ڈی اے نے خصوصی فنڈ قائم کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے ماحولیاتی فنڈ کے قیام پر چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا اور متعلقہ ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ سی ڈی اے نے ماحولیاتی فنڈ قائم کر کے لیڈ لی ہے۔ سی ڈی اے کی ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

پسائی کے بعد مارکیٹ میں آٹے کی ترسیل بھی بحال ہو گئی ہے۔ فلور ملز ایف بی آر کی جانب سے ود ہولڈنگ ٹیکس کے نفاذ کے خلاف ہڑتال پر تھیں اور گزشتہ 3 روز سے ملز بند تھیں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پاکستان آٹا ملز ایسوسی ایشن اور حکومت کے درمیان مذاکرات کامیاب ہو گئے تھے جس کے بعد آٹا ملز ایسوسی ایشن نے ہڑتال 10 دن کے لیے موخر کرنے کا اعلان کیا تھا۔ چیئرمین ایف بی آر نے مبینہ طور پر ود ہولڈنگ ٹیکس ختم کرنے کے آٹا ملز ایسوسی ایشن کے مؤقف سے اتفاق کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 33

گھنٹوں میں شدید بارشوں کا امکان ہے۔ انہوں نے کہا کہ جلوسوں کی انتظامیہ موسمی شدت مدنظر رکھ کر حفاظتی تدابیر اختیار کریں، بجلی کے کھمبوں اور تاروں سے فاصلہ رکھیں۔ ترجمان کے مطابق خستہ حال چھتوں کے اوپر محافل کے انعقاد سے گریز کیا جائے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی نے کہا کہ دریاؤں، ندی اور نالوں کی کراسنگ سے ممکنہ حد تک گریز کریں، ڈیرہ غازی خان کے پہاڑی علاقوں میں طغیانی کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ 8 اور 9 محرم کو ریسکیو ادارے خاص طور پر الرٹ رہیں۔

بقیہ بقیہ جات 34

میں صدر مملکت نے نذیر حسین ڈھوکی کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا۔ صدر مملکت نے مرحوم کی پاکستان پیپلز پارٹی کیلئے خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ صدر مملکت نے مرحوم کیلئے دعائے مغفرت ،اہل خانہ کیلئے صبر جمیل کی دعا کی

بقیہ بقیہ جات 35

ساتھ بنا ہوگا۔ پاکستان میں صرف جماعت اسلامی ہی واحد جماعت ہے جو ملک و قوم کو موجودہ بحرانوں سے نجات دلا سکتی ہے۔ موجودہ نااہل حکومت سے عوام کیلئے ریلیف کی کوئی امید نہیں، 26 جولائی اسلام آباد کا دھرنا فیصلہ کن دھرنا ثابت ہوگا۔ ملک بھر کی عوام بجلی کے بلوں کی صورت میں حکومت اور واپڈا کا ظلم برداشت کرنے کی بجائے اپنے گھروں سے باہر نکلیں اور اسلام آباد دھرنے میں پہنچیں۔ انشاءاللہ یہ عوامی دھرنا عوام کی حقیقی ترجمانی ہے اور عوام کا حق لیکر واپس آئیں گے۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے میڈیا کے نمائندے کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ تین ماہ کیلئے بجلی کے بلوں میں ریلیف کا لالی پاپ دینے والے حکمران پہلے 300 یونٹ مفت بجلی کا وعدہ پورا کریں۔ حکمرانوں کے مفت سولر، بجلی بلوں میں ریلیف دینے کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے بجلی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ کیا جا رہا ہے جو حکومت کی بدنیتی اور نااہلی کا کھلا ثبوت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مہنگی بجلی اور بھاری ٹیکسز کے خلاف ملتان چونگی روڈ پر احتجاجی مظاہرے کے شرکاء اور میڈیا کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ احتجاجی مظاہرے میں حکومت کی ظالمانہ پالیسیوں کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی اور بلوں کے بلوں میں عوام کو ریلیف کا مطالبہ کیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری جماعت اسلامی لاہور خالد احمد بٹ، خواجہ محمد وسیم، سلمان ایوب، مستقیم معین، چوہدری عبدالقیوم گجر، حافظ حماد احمد، عبدالمجید اعوان سمیت بڑی تعداد میں کارکنان اور شہری موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 36

،بہاولپور میں غیر قانونی استعمال پر 3 اور کمپریسر کے استعمال پر 2 کنکشنز منقطع کیے گئے۔ گوجرانوالہ میں ایک کنکشن غیر قانونی استعمال پر منقطع اور 1 لاکھ 90 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ساہیوال میں 2 کنکشنز غیر قانونی استعمال پر منقطع کیے گئے جبکہ شیخوپورہ میں 3 لاکھ 8 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 37

ہی شہر سمیت ضلع بھر میں منافع خور مافیا نے عوام کی جیبوں پر ڈاکہ ڈالنا شروع کر رکھا ہے، دیہی علاقوں میں غریبوں کی ایک بہت بڑی تعداد ہے جو بوجہ بیروزگاری ایک وقت کی روٹی بھی اپنے بچوں کو مہیا کرنے سے قاصر ہے، شہری حلقوں کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ حکمران غریب افراد کو ریلیف فراہم کرنے کے بلند و بانگ دعوے کر کے برسر اقتدار آئے وزیر اعظم کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے وطن عزیز اربوں روپے کے قرضوں تلے دب گیا ہے، جو ملکی معیشت پروان چڑھانے کی باتیں کرتے تھے، پٹرول و بجلی سستی کرنے کے دعوے کرنے والے حکمران عوام کو مہنگی بجلی و پٹرول فروخت کر کے آئی ایم ایف اور اشرافیہ کو خوش کرتے دکھائی دیتے ہیں جبکہ ان کی اپنی افسر شاہی ختم ہونے کا نام نہیں لیتی۔ پہلے پاکستان کی غریب عوام پر پٹرولیم بم پھینک دیا گیا

بقیہ بقیہ جات 38

کرنے کے لیے اپنی ڈیوٹی احسن طریقے سے سرانجام دے رہے ہیں ہسپتال میں ماہانہ بیس ہزار کے قریب او پی ڈی مریض چیک کیے جا رہے ہیں جبکہ ماہانہ انڈور مریض ایک ہزار اور دو سو سے اڑھائی سو تک مختلف مریضوں کے چھوٹے بڑے آپریشن کیے جاتے ہیں ڈاکٹرز کی نگرانی میں نرسنگ سٹاف و دیگر عملہ مریضوں کی دیکھ بھال کے لیے ہر وقت دستیاب ہوتا ہیں

بقیہ بقیہ جات 39

دوسرے مسلک کی دل آزاری نہ کی جائے علما کرام و ذاکرین اپنی تقریروں میں اتحاد بین المسلمین کا درس دیں انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے تمام تر فروعی اختلافات بھلا کر ایک ہو جانا چاہیے محرم الحرام کے ایام میں علما کرام انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کریں انہوں نے کہا کہ ملک سے دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خاتمے کے سلسلہ میں ہمارے سیکورٹی اداروں کی کارکردگی قابل ستائش ہے شہدا کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا پاکستان کی بقا اور سلامتی کیلئے ہم کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے یوم عاشورہ کے دن تمام ممبران امن کمیٹی جلوسوں کے ہمراہ اور انتظامیہ کے ساتھ رہیں مشتبہ افراد پر گہری نظر رکھیں پاکستان کو امن کا گہوارہ بنائیں گے قیام امن کے لئے حکومتی سطح پر اقدامات قابل تعریف ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

شیر محمد مجتبائی نے سیدنا امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بارہ گاہ میں عقیدت اور محبت کے پھول پیش کیے۔ پاکستان سنی تحریک لاہور ڈویژن کے صدر علامہ شیر محمد مجتبائی نے کہا کہ انہوں نے جابر حکمرانوں کے سامنے کھڑے ہو کر کلمہ حق کہا اور اگرچہ حضرت امام حسین اور انکے کنبے کے 18 افراد سمیت 72 ساتھیوں کو بے دردی سے تہ تیغ کر دیا گیا لیکن تاریخ گواہ ہے کہ شہادت کا جام نوش کر کے وہ ہمیشہ کیلئے زندہ ہو گئے، سید الشہداء حضرت سیدنا امام حسینؓ کی شہادت تاریخ اسلام کا وہ روشن باب ہے جو اپنی حیثیت کے لحاظ سے منفرد اور بے مثال ہے، اس کی عظمت آج بھی اسی طرح ہے جس طرح صدیوں پہلے تھی۔

بقیہ بقیہ جات 41

سسٹم لائیں گے اور عالمی بینک کے تعاون سے اس اہم منصوبے کو جلد مکمل کیا جائے گا، گجرات میں سیف سٹی کے منصوبے پر کام شروع ہو چکا اس منصوبے کو بھی تیزی سے مکمل کیا جائے گا

بقیہ بقیہ جات 42

اتھارٹی کے ذمہ داران خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں، شہریوں نے ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی ، ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شہر سمیت ضلع بھر میں قائم بیکریوں، سویٹس شاپس اور انکے کارخانے ایسے ہیں کہ جن میں صفائی ستھرائی کا کوئی معقول انتظام نہیں ہر سو بدبو اور کچرا ان کارخانوں کی پہچان بنا ہوا ہے ، جبکہ غیر معیاری اشیاء سے بیکری مصنوعات کی تیاری دیدہ دلیری کے ساتھ کی جا رہی ہے، جن میں خصوصا غیر معیاری گھی مضر صحت دودھ، چینی کی جگہ دیگر کیمیکلز اور ناقص کریم وغیرہ استعمال کی جاتی ہیں ، جن کے استعمال سے شہری متعدد بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں

بقیہ بقیہ جات 43

ہے۔ ڈاکٹرز سے 100 نمبروں پر مستقل امتحانی ٹیسٹ لیا جائے گا، امتحانی پیپر میں جنرل نالج، مطالعہ پاکستان، کرنٹ افیئر، جیوگرافی سے متعلق سوالات کئے جائیں گے، اس سمیت ریاضی، انگلش، اردو، ایوری ڈے سائنس اور کمپیوٹر سائنس سے متعلقہ پیپرز بھی دینے ہونگے۔ امتحانی ٹیسٹ میں 40 نمبر لینے والا ڈاکٹر ہی انٹرویو کے مرحلے کیلئے کوالیفائی کرے گا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل صرف انٹرویو کی بنیاد پر ہی میڈیکل افسران کی مستقل بھرتی ہوتی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 44

نے قبضہ کر رکھا تھا۔ 1947 سے قبل سکھ یاتری گردوارہ بابے دے بیری حاضری سے قبل اس تالاب کا غسل کرتے تھے۔ تالاب قبضہ مافیا سے واگذار کروانے پر یہاں کے سیاسی لیڈر شپ، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن اور پولیس سمیت سول سوسائٹیز کے شکر گزار ہیں۔ یہ بات انہوں نے تالاب بابے دے بیری، گردوارہ بابے دے بیری سیالکوٹ کے دورہ کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ صوبائی وزیر رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ محکمہ اوقاف کی جانب سے مذہبی عبادت گاہوں کو لیز کرنے کی تحقیقات کی جانی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ پنجاب میں اقلیتی عبادت گاہوں کو قابضین سے واگذار کروایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ قبضہ مافیا کے خلاف حالیہ کارروائی سے دنیا بھر کے سکھ کمیونٹی نے خیر مقدم کیا ہے اور پاکستان کے حوالے سے منفی پروپیگنڈا کی نفی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا تالاب کو اس کے اصل حالت میں بحالی کا کام شروع کر دیا جائے گا۔ یاد رہے، ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن نے چند روز قبل تالاب بابے دے بیری کے 8 کنال 18 مرلے اراضی کو واگذار کروایا تھا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ حسن اقبال، اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر، سیوادار جسکرن سنگھ اور کوآرڈینیٹر ضلعی امن کمیٹی حافظ اصغر علی چیمہ بھی موجود تھے۔

بعدالت جناب مسز نادیہ علی صاحبہ
سول جج درجہ اول بھلوال

دعوےٰ حکم امتناعی دوامی عنوان محمد اکرم بنام محمد حیات وغیرہ

بنام: محمد حیات، محمد امتیاز، عمر حیات، محمد اعجاز پسران غلام حسین اقوام الپہ سکنائے رتو کالا تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا۔

ہرگاہ کہ مقدمہ مندرجہ بالا میں مدعا علیہ مذکور کی تعمیل آسان طریقے سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرری 20-7-24 اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت حاضر آئیں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 45

ہسپتال اور جنرل ہسپتال سے ادویات چوری کر کے ادویات پر لگے سرکاری لیبل کو ہٹا کر اپنی کمپنی کا لیبل لگا کر فروخت کرتے تھے۔ سرکاری ملازمین میں سٹور کیپر جنرل ہسپتال سلیم ٹیکنیشن کی گیٹ ہسپتال عاطف، او ٹی ٹیکنیشن چلڈرن ہسپتال ندیم اور سٹور کیپر چلڈرن ہسپتال طلحہ کو بھی گرفتار کر لیا گیا۔ ملزمان کے خلاف تھانہ کوٹ لکھپت میں مقدمہ درج کر لیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 46

ایئر ٹریفک کنٹرولر 3 سال سے ترقیوں سے محروم ہے، تین سال گزرنے کے باوجود ایئر ٹریفک کنٹرولر کی ترقیاں نہیں ہو سکیں، اور شعبے کے 26 افسران ایڈہاک پر ڈیوٹی کرنے پر مجبور ہیں۔ ڈائریکٹر آپریشن بھی ایڈہاک پر تعینات ہے، مستقل ڈائریکٹر تعینات نہیں ہو سکا، ایئر ٹریفک کنٹرولر کے 6 چیف آپریشن آفیسر بھی ایڈہاک پر کام کر رہے ہیں۔ ایئر ٹریفک کنٹرولر ایسوسی ایشن نے سی اے اے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ شعبے میں افسران کی ترقیوں کا عمل فوری طور پر مکمل کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 47

نوٹیفکیشن کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں ہمارا چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سے مطالبہ ہے کہ وہ اس معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرائیں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم سے ملاقات میں بنچ اور بار کے تعلقات پر بات ہوئی ہے، چیف جسٹس نے کہا ہے کہ ان کا بھی لاہور بار سے تعلق رہا ہے، بنچ اور بار کو ایک ساتھ چلنا چاہیے تاکہ سائلین کو فراہمی انصاف میں آسانی ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی جو بنچ اور بار کے درمیان کسی بھی طرح کے اختلاف کے معاملات کو دیکھے گی ، مذکورہ کمیٹی اختلاف کا سبب بننے والے عوامل کا جائزہ لے گی اور بنچ اور بار کی طرف سے جو بھی قصوروار ہوا اسے اس کی سزا دی جائے گی، اس کا مقصد بنچ اور بار میں ڈسپلن کو قائم رکھنا ہے۔ پنجاب بار کونسل نے پہلی خاتون رجسٹرار لاہور ہائیکورٹ تعیناتی پر مس عبہر گل کا بھی خیر مقدم کیا ہے اور ہم ان سے بھی امید رکھتے ہیں وہ اپنے فرائض منصبی کو احسن طریقے سے سرانجام دیں گی۔ کامران بشیر مغل نے کہا کہ ہم عدلیہ میں اصلاحات لانے کیلئے عملی پیشرفت کے حامی ہیں اور اس میں اپنا ہر ممکن مثبت کردار ادا کریں گے۔ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں وکلاء عدالتوں کی تقسیم کے متنازعہ نوٹیفکیشن کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں اور اس پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ سے اپیل کرتے ہیں کہ عدالتوں کی تقسیم کو ختم کر کے انہیں ایک جگہ اکٹھا کیا جائے اور اس کے لئے ترجیحی بنیادوں پر عملی اقدامات اٹھائے جائیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ انتخابی دھاندلی کیخلاف جدوجہد منطقی انجام تک پہنچائیں گے، 2018 اور 2024 میں دھاندلی کے ریکارڈ توڑے گئے اور جے یو آئی کے مینڈیٹ پر شب خون مارا گیا، پاکستان کا مستقبل اسلامی انقلاب ہے۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی اپنی ماضی کی مختصر مدت کے دورانیے کی عوامی خدمات پر مطمئن ہے، عوام نے الیکشن میں جے یو آئی کو بھاری مینڈیٹ دیکر اپنے اعتماد کا اظہار کیا، یہ الگ بات ہے کہ ہمارے مینڈیٹ پر شب خون مارا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت کی پارلیمانی تاریخ میں ہمارے تمام عہدیدار ہر طرح کی مراعات اور ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر عوام کی خدمت کی سیاست کو عبادت اور خدمت سمجھ کر کرتے آ رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسین کا مقصد جنگ کرنا تھا نہ حکومت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لینا۔ چونکہ کنبے کے 18 نفوس سمیت 72 افراد جن میں عورتیں، بچے اور بوڑھے سب شامل تھے۔ جنگ کرنے کے ارادے سے گھر سے باہر نہیں نکلے تھے۔ نہ ہی کسی موقع پر بھی حضرت امام حسینؓ نے لوگوں کو یہ اپیل کی کہ وہ جنگ کی غرض سے انکے جھنڈے تلے اکٹھے ہوں۔ انکے ذہن میں چند قلیل المیعاد اور طویل المیعاد مقاصد تھے جن کو وہ پورا کرنے کیلئے حق کی آواز بلند کرتے رہتے تھے۔ وہ یہ چاہتے تھے کہ ملک کے سیاسی اور انتظامی نظام کو ایک ایسے سانچے میں ڈھالا جائے جو قرآن و سنت کی تعلیمات سے مطابقت رکھتا ہو۔ لوگوں کے اندر اتنی سیاسی بیداری آ جائے کہ وہ خلیفہ وقت کو بھی شریعت کے قوانین کو پامال کرنے سے روک سکیں۔ شہادت حسین وہ عظیم باب ہے جس نے انسانیت کو زندگی کی اقدار سے آشنائی دی

بقیہ بقیہ جات 50

خواتین بھی شامل تھیں پنجاب ایمرجنسی سروس چنیوٹ کے عملہ نے زخمیوں کو فوری طبی امداد دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کر دیا۔

بقیہ بقیہ جات 51

الحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ حضرت امام حسینؓ کے نظریہ، کردار اور فلسفہ کو ابھی تک کوئی بھی نہیں مٹا سکا اور وہ مسلمانوں کے دلوں اور سوچوں میں آج بھی زندہ ہیں۔ امام حسینؓ کی شہادت کا پیغام یہی ہے کہ مسلمان متحد ہو جائیں، حضرت امام حسینؓ نے یہی درس دیا کہ باطل اور برائی کی قوتوں کے ساتھ کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ ممکن نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

سٹینڈ میں شربت کی سبیلوں پر جا کر انتظامات چیک کئے۔ انہوں نے بتایا کہ مزید تین سبیلیں بھی کمشنر/ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن سلوت سعید کی ہدایت پر جلوس کے راستوں پر لگائی جا رہی ہیں۔ سرکاری سطح پر شربت سبیل اور لنگر کا اہتمام کیا گیا ہے۔ جلوس کے شرکاء اور منتظمین نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے اس احسن اقدام پر شکریہ ادا کیا۔ ایڈمنسٹریٹر میونسپل کارپوریشن نے منتظمین سے مسلسل رابطہ رکھنے کی ہدایت اور تمام تر انتظامات کی مکمل طور پر نگرانی رکھنے اور شکایات کے فوری ازالے کو یقینی بنانے کی بھی تاکید کی اور کہا کہ یوم عاشور تک سبیلیں مکمل فعال رہنی چاہئیں۔

بقیہ بقیہ جات 53

ہیلتھ پروفیشنلز بڑی تعداد میں موجود تھے۔ پروفیسر ڈاکٹر زاہدہ رانی اور ڈاکٹر سعدیہ صدیقی کا کہنا تھا کہ انسانی جلد پر خشک موسم کے اثرات سے بچنے کیلئے شہری وٹامن سی اور ای کی حامل غذاؤں کو اپنے کھانے کا لازمی حصہ بنائیں اور پانی زیادہ سے زیادہ پئیں تاکہ جلد پھٹنے اور خشک ہونے کے دیگر اثرات سے محفوظ رہ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ طویل خشک موسم کی وجہ سے ماحولیاتی آلودگی، سورج کی شعاعوں میں ایسے اجزاء موجود ہوتے ہیں جو انسانی جلد کو شدید متاثر کر سکتے ہیں۔ خشکی کے باعث جلدی امراض میں اضافہ ہو رہا ہے جن سے بچنے کیلئے غذائی، احتیاطی تدابیر اپنائی جائیں اور کھانے میں ایسی سبزیاں، پھل فروٹ اور جوسز شامل کئے جائیں جو وٹامن سی اور ای بڑی مقدار میں ہوں۔ ماہرین جلد کا کہنا تھا کہ رنگ گورا کرنے کے نام پر فروخت ہونے والی غیر معیاری کریمیں اور لوشن بھی جلدی امراض کا سبب بن رہے ہیں اور ہسپتالوں کے شعبہ سکن میں ایسی خواتین لائی جاتی ہیں جو اس قسم کے انفیکشن سے متاثر ہوتی ہیں۔ ڈاکٹرز نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ سپیشلسٹ سکن ڈاکٹرز کے مشورے سے کریمیں استعمال کریں۔ ڈاکٹر سعدیہ صدیقی کا کہنا تھا کہ پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر محمد الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال میں شعبہ سکن کو سٹیٹ آف دی آرٹ سہولتوں سے آراستہ کیا ہے اور یہاں جلدی امراض کے علاج کی تمام سہولیات میسر ہیں اور یہاں آنے والے ہر مریض کو بہترین سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ تاہم شہریوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی صحت کا خود بھی خیال رکھیں اور دن کے اوقات میں جتنا زیادہ ہو سکے پانی پیا جائے اور جلد کو بیرونی خشکی سے محفوظ رکھنے کیلئے اچھی کریمیں لگائی جائیں اور ماحولیاتی آلودگی سے بچنے کیلئے احتیاطی تدابیر پر عمل کریں۔

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ
گوندل صاحب نائب تحصیلدار/
ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 9 ایم۔ ایل

متوفیہ: بشریٰ بیگم بیوہ فیض محمد

وارثان: رحمت اللہ والد، یامنہ والدہ، فیض محمد خاوند متوفیہ پہلے فوت شدہ

زندہ: محمد خالد پسر، زرینہ بی بی دختر متوفیہ ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 54

اور پسٹل برآمد کی ڈاکو کے ساتھی کو شناخت کر لیا گیا جس کی گرفتاری کیلئے سپیشل ٹیم تشکیل دے دی گئی ہیں

بقیہ بقیہ جات 55

کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا مضروبہ کو فوری طور پر دیہی مرکز صحت نارنگ لے جایا گیا جہاں ابتدائی امداد دینے کے بعد لاہور میو ہسپتال منتقل کر دیا گیا نارنگ منڈی پولیس نے شوہر کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

زہریلی گولیاں کھالیں جسے ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں موت و حیات کی کشمکش میں رہنے کے بعد دم توڑ گیا معلوم ہوا ہے کہ نوجوان منشیات کا بھی عادی تھا نارنگ منڈی پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی۔

بقیہ بقیہ جات 57

سات محرم الحرام کے مرکزی جلوس کے وزٹ کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، ڈی پی او محمد راشد ہدایت ضلع بھر کے تمام جلوس ہائے کی خود نگرانی کر رہے ہیں، انکا کہنا تھا کہ ناموافق موسم شدید گرمی و حبس اور بارشوں کے باوجود پولیس افسران اور جوان کی استقامت میں کسی بھی قسم کی لغزش نہیں آئی، تمام جوان مستعدی کیساتھ اپنے اپنے فرائض بخوبی نبھا رہے ہیں۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ ضلع جھنگ امن پسندوں کا شہر ہے، امن و امان کو برقرار رکھنے میں تمام اداروں کا کردار ہے۔ محرم الحرام کے دوران مجالس اور جلوسوں کو فول پروف سکیورٹی فراہم کی جا رہی ہے۔ امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے ضلع بھر میں فلیگ مارچ اور سرچ آپریشنز جاری ہیں۔ شہر کے داخلی و خارجی راستوں، اہم مقامات پر پکٹ ڈیوٹی اور سنیپ چیکنگ اور شہر بھر کی سی سی ٹی وی مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ شہریوں کو پیغام دیتے ہوئے ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ شہری مشکوک افراد اور شرپسند عناصر کے حوالے سے فوری اطلاع پولیس ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر دیں

بقیہ بقیہ جات 58

میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ محرم الحرام میں امن کمیٹی کے بھرپور تعاون کو سراہتے ہوئے وزیر لوکل گورنمنٹ کا کہنا تھا کہ امن و امان کے قیام میں ممبران امن کمیٹی کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ وزیر لوکل گورنمنٹ نے کنٹرول روم کا بھی وزٹ کیا اور سی سی ٹی وی کیمروں کی مانیٹرنگ کا جائزہ لیا۔ ڈی پی او محمد راشد ہدایت اور ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کے ہمراہ 7 اور 10 محرم الحرام کے مرکزی جلوس روٹس کے وزٹ کے دوران انتظامات کا جائزہ لیتے ہوئے وزیر لوکل گورنمنٹ کا کہنا تھا کہ محرم الحرام میں امن و امان کی صورتحال کو مانیٹر کیا جا رہا ہے۔ عشرہ محرم الحرام میں تمام مذہبی پروگرامز پر 3 لیئر سکیورٹی فراہم کی جا رہی ہے۔ محرم الحرام کے حوالے سے کیے گئے تمام انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے وزیر لوکل گورنمنٹ کا مزید کہنا تھا کہ محرم الحرام میں اتفاق اور اتحاد سے امن و امان کی صورتحال کو ہر صورت برقرار رکھا جائے گا

بقیہ بقیہ جات 59

امام حسین علیہ السلام نے اپنے لہو سے اسلام کی شمع روشن کی محرم الحرام کا مہینہ ایثار و قربانی کا درس دیتا ہے واقعہ کربلا ہمیں باطل کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن جانے کا درس دیتا ہے انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے دوران امن و امان قائم رکھنے کے لیے علماء و مشائخ اور ذاکرین فرقہ وارانہ تقاریر سے گریز کریں ملک دشمن عناصر اس دوران اپنے مذموم مقاصد کے حصول کے لیے سرگرم عمل ہو جاتے ہیں ان پر کڑی نظر رکھیں اور یہاں کہیں کوئی مشکوک فرد نظر آئے اس کی فوری اطلاع انتظامیہ کو دیں انہوں نے کہا کہ اسلام کی سربلندی کے لئے ہم سب کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے واقعہ کربلا ہمیں باطل کے سامنے سیسہ پلائی دیوار بن جانے کا درس دیتا ہے۔ تصاویر ہمراہ ہے

بقیہ بقیہ جات 60

بھی توجہ مرکوز کرے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے عمائدین سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں حلقے کے دیرینہ مسائل اور ان کے حل کیلئے مختلف تجاویز بھی زیر غور آئیں۔ سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا کہ تاندلیانوالہ، کنجوانی اور ماموں کانجن سمیت متعدد علاقوں کو دہائیوں سے نظر انداز کیا گیا ہے جس کی وجہ سے یہاں محرومیوں کے ڈیرے ہیں۔ ہم ہر علاقے میں مسائل کی نشاندہی کر کے بلا تفریق آواز بلند کریں گے اور حالات بدلنے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 61

اس سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی نے وزیر آباد سے ممبر صوبائی اسمبلی عدنان افضل چٹھہ کے ہمراہ ٹیوٹا (انسٹیٹیوٹ گوجرانوالہ) کا دورہ کیا۔ دورہ کے موقع پر انہوں نے ٹیوٹا کے مختلف شعبوں کا معائنہ کیا، ٹیوٹا حکام نے انہیں پہلے سے جاری اور نئے شامل کیے گئے کورسز پر ہونے والی پیش رفت سے بھی تفصیلی آگاہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ حکومتی ویژن کے مطابق نہ صرف عام طلباء و طالبات کے لیے اقدامات اٹھا رہی ہے بلکہ دینی مدارس کے 55 ہزار سے زائد طلبہ ہیں ان کے لیے بھی متعلقہ دینی مدارس اور چیمبر آف کامرس کے ساتھ مل کر مدارس کے طلباء کے لیے کم از کم 1 فنی کورس لازمی کروایا جائے گا اس سلسلہ میں مشاورت کا عمل مکمل کر لیا گیا ہے اور جلد مدارس میں اس پروگرام کا آغاز کر دیا جائے گا۔

بعدالت جناب مس مہوش حیات
فلک صاحبہ نائب تحصیلدار/حلقہ
ریونیو آفیسر تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چک نمبر 15 جنوبی

متوفی: شکر محمد ولد جلال خان

وارثان: جلال خان والد، فاطمہ بی بی والدہ پہلے فوت شدہ، نذیراں بی بی زوجہ متوفی بعد میں فوت شدہ

زندہ: افتخار احمد، طارق محمود، سجاد احمد، الطاف حسین پسران، افضونہ تسلیم دختر متوفی ہیں۔ دختر متوفیہ ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بقیہ بقیہ جات 62

ہوئے کہا کہ محرم الحرام کا مہینہ اہل اسلام کیلئے غم کا مہینہ ہے حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور ان کے رفقاء کی شہادت نے کربلا میں حق و باطل کا فرق واضح کر دیا، امام عالی مقام رضی اللہ عنہ نے سجدے میں سر کٹا کر دین کو بچایا، امام حسین رضی اللہ عنہ نے کربلا میں صرف اپنی جان ہی کا نذرانہ پیش نہیں کیا بلکہ پورے خاندان کی قربانی پیش کی۔ حسینی فکر اور فلسفے کو فروغ دیکر اچھا پیغام دینا ہوگا تاکہ دین اسلام کا پرچم بلند ہو۔ واقعہ کربلا ہر نسل اور ہر ذی شعور کیلئے ضمیر کی سچی گواہی ہے۔ دین محمدی کو بچانے میں خانوادہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ صعوبتیں برداشت کیں جو نسل انسانی میں کسی نے نہیں اٹھائیں۔ آج کلمہ و قرآن کی صدائیں آیہ تطہیر کے وارثوں کی قربانیوں کا ثمر ہے۔ کروڑوں سلام ہو عترت و رفعت پیغمبر کے ان پاسبانوں کو جن کی زندگیاں جوانیاں اولادیں اسلام کی نگہبانی میں قربان ہو گئیں۔ جو کلمہ قرآن اور نماز بچا گئے۔ گھر کا گھر حق اور سچ کی گواہی میں لٹا گئے۔ واقعہ کربلا اور امام حسین رضی اللہ عنہ کی قربانیوں کو نسل انسانی اولاد آدم اپنے اپنے عقیدت کے رنگوں میں سید الشہداء مظلوم کربلا کے غم اور دکھ سے یاد رکھے گی۔ اس وقت عالم اسلام کو فلسفہ شہادت حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سمجھنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

اس کے علاوہ 200 سے زائد جنرل کلائنٹس کو بھی خدمات فراہم کی گئیں۔ فلاحی مرکز ریلوے ڈسپنسری میں صحت مند خاندان کا شعور اجاگر کرنے کیلئے ''صحت مند ماں صحت مند بچہ'' کے عنوان سے صحتمند بچوں کے درمیان مقابلے کا انعقاد بھی کیا گیا جس میں اول، دوم اور سوم آنے والے بچوں کے درمیان انعامات تقسیم کئے گئے۔ فلاحی مرکز رکھ کیکرانوالہ میں ہیوٹیشن سٹال اور مہندی کے سٹال بھی لگائے گئے جن میں خواتین اور بچوں نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا اور ہاتھوں پر اپنے من پسند نقش و نگار بنوائے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفیسر گوجرانوالہ عدنان اشرف نے کہا کہ صحت مند ماں اور صحت مند بچہ ہی خوشحال خاندان اور معاشرے کی بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے ماؤں پر زور دیا کہ قرآنی احکامات کے مطابق دو سال تک بچوں کو اپنا دودھ پلائیں اور بچوں کی پیدائش میں تین سال کا وقفہ رکھیں جو کہ ماں اور بچے دونوں کی صحت کا ضامن ہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

ایسوسی ایشن کے تمام جائز مطالبات صوبائی حکومت کے ساتھ اٹھا رہی ہے، جب تک کوئی فیصلہ نہیں ہو جاتا تب تک فلور ملز ایسوسی ایشن ضلعی انتظامیہ کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے شہر و ضلع میں آٹے کی وافر دستیابی کو یقینی بنانے میں اپنا مثبت کردار ادا کرے تاکہ مہنگائی سے پسی ہوئی عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی نے فلور ملز ایسوسی ایشن کے وفد سے ٹیکسز میں اضافے کیخلاف دی گئی ہڑتال کی کال کو عوامی مفاد میں موخر کرنے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مظاہر امین وٹو، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل شبیر حسین بٹ سمیت فلور ملز مالکان اور دیگر شریک تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ فلور ملز ایسوسی ایشن کے تمام جائز مطالبات کو حکومت پنجاب تک پہنچایا جا رہا ہے اور دیگر جائز مطالبات کو بھی صوبائی حکومت تک پہنچایا جائے گا، ضلعی انتظامیہ امید کرتی ہے کہ فلور ملز ایسوسی ایشن گوجرانوالہ و وزیر آباد میں حکومت پنجاب کی جانب سے مقرر کیے گئے نرخوں پر آٹے کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ وہ ہولڈنگ ٹیکس کا معاملہ وزیر اعظم پاکستان کے علم میں ہے اور وہ فلور ملز ایسوسی ایشن پاکستان سطح کی قیادت سے اس بارے گفتگو کر رہے ہیں تاکہ اس کا کوئی حل نکالا جا سکے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ ان ٹیکسز کے علاوہ اور بھی جو جائز مطالبات ضلعی انتظامیہ سطح پر ہیں انہیں آپسی مشاورت سے حل کریں گے۔ فلور ملز ایسوسی ایشن کے وفد نے ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ و وزیر آباد کو یقینی دہانی کراتے ہوئے کہا کہ وہ ضلعی انتظامیہ سے مکمل تعاون کر رہے ہیں اور آئندہ بھی جاری رکھیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ فلور ملز مالکان اور ان کی انتظامیہ مشکل حالات کے باوجود شہر میں سپلائی جاری رکھے ہوئے ہیں تاکہ ضلع میں کہیں آٹا کی قلت پیدا نہ ہو۔

بقیہ بقیہ جات 65

کے احکامات کی روشنی میں جھنگ سرکل کی جھنگ ڈویژن فرسٹ، جھنگ ڈویژن سیکنڈ اور سلطان باہو ڈویژن کی سولہ سب ڈویژنوں میں روزانہ کی بنیاد پر صبح 11 بجے سے 1 بجے تک کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا جس میں سپرنٹنڈنٹ سمیت ایس ڈی اوز بجلی بلوں، ٹرانسفارمر کی خرابی، خراب میٹر کی تبدیلی اور نیو کنکشن کے حصول کے متعلق مسائل سن کر ان کا موقع پر ہی ازالہ کریں گے انہوں نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے مسائل کے فوری حل کے لیے ہر سب ڈویژن میں جائیں کسی بھی درپیش مسئلہ کی صورت میں مجھ سے براہ راست رابطہ کر سکتے ہیں

بقیہ بقیہ جات 66

تمام اضلاع میں منعقدہ 3803 مجالس کی سکیورٹی پر 25 ہزار سے زائد افسران و اہلکار تعینات رہے جبکہ 1375 عزاداری جلوسوں کی سکیورٹی پر 31 ہزار سے زائد افسران و اہلکار تعینات رہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ صوبائی دارالحکومت میں آج 98 جلوس برآمد، 424 مجالس منعقد ہوئیں جبکہ 45 اے کیٹیگری مجالس شامل تھیں۔ لاہور میں 06 ہزار سے زائد افسران و اہلکاروں نے ساتویں محرم کے سکیورٹی فرائض سرانجام دیئے، ٹریفک پولیس، سی ٹی ڈی سپیشل برانچ اور والنٹیئرز نے بھی مجالس و جلوسوں کی سکیورٹی میں معاونت فراہم کی۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے آر پی اوز، ڈی پی اوز کو محرم سکیورٹی انتظامات کی خود نگرانی کرنے کی ہدایت کی۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پولیس انتہائی الرٹ رہے، مجالس، جلوسوں اور عزاداروں کی سکیورٹی پر ہرگز کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے، کنٹرول رومز اور سی سی ٹی وی کیمروں سے مجالس و جلوسوں کے سکیورٹی انتظامات کی لمحہ بہ لمحہ مانیٹرنگ یقینی بنائی جائے۔

بقیہ بقیہ جات 67

CORRIGENDUM

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نیلام عام کا اشتہار جو کہ روزنامہ ''شہر لحہ'' میں بتاریخ 25 جون 2024ء اور پیپرا پنجاب کی ویب سائٹ پر یونیک نمبر 214930S28062024107 کے تحت شائع کیا گیا تھا۔ جس میں نیلام کی تواریخ 13 جولائی 2024ء، 20 جولائی 2024ء اور تاریخ 27 جولائی 2024ء تھیں۔ ناگزیر وجوہات کی بناء پر اب یہ نیلام عام 27 جولائی 2024ء کو دن 30:09 بجے اسی مقام پر منعقد ہوگی۔ خواہشمند افراد 26 جولائی 2024ء دن 00:12 بجے تک نیلامی کے کاغذات حاصل کر سکتے ہیں۔ باقی تمام شرائط من و عن رہیں گی۔

المشتہر: پرنسپل گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ
اوکاڑہ روڈ دیپالپور
فون نمبر: 044-2714100

مقدمات درج، دوسری جانب جہلم پولیس کا ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری، دوران سرچ آپریشن 02 ملزمان گرفتار، ناجائز اسلحہ برآمد تھانہ صدر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 02 ملزمان آصف اور وقاص کو گرفتار کر لیا، ملزم آصف سے رائفل 12 بور معہ ایمونیشن اور ملزم وقاص سے رائفل 30 بور پش پشا معہ ایمونیشن برآمد کر لی گئی، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جہلم ناصر محمود باجوہ نے کہا کہ ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لی گئی ہے، ناجائز اسلحہ رکھنے والے ملزمان کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 68

نکالا گیا جلوس برف کارخانہ روڈ سے ہوتا ہوا بعد از نماز مغرب امام بارگاہ شادی ملنگ میں جا کر اختتام پذیر ہوگا پولیس کی طرف سے سکیورٹی کے سخت ترین انتظامات کئے گئے سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے جلوس کی مانیٹرنگ کی گئی اور واک تھرو گیٹ کے ذریعے زائرین کو داخل کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 69

ہیں، ضلع میں امن و امان اور اتحاد بین المسلمین برقرار رکھنے کیلئے حکومت اور انتظامیہ کو عوامی نمائندوں، علماء کرام، شہریوں کا بھرپور تعاون حاصل ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کے ہمراہ سیالکوٹ کے دورہ کے موقع پر کیا، ارکان پنجاب اسمبلی محمد منشاءاللہ بٹ، چوہدری فیصل اکرام، رانا محمد عارف ہرناہ، چوہدری طارق سبحانی بھی اس موقع پر موجود تھے جبکہ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین، ڈی پی او حسن اقبال نے بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خاں، کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے ڈپٹی کمشنر آفس میں قائم مرکزی کنٹرول روم کا بھی معائنہ کیا اور مرکزی امام بارگاہ در بتول اڈہ پسروریاں، مرکزی امام بارگاہ مستری محمد عبداللہ کا دورہ کر کے مجالس و جلوس کے روٹس کا بھی معائنہ کیا اور منتظمین سے بھی ملاقات کی۔ صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خاں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر کابینہ کمیٹی صوبے کے تمام ڈویژنوں کا دورہ کر چکی ہے اور محرم الحرام کے دوران عزاداروں کو سکیورٹی فراہم کرنے، روٹس کی صفائی کے بہترین انتظامات یقینی بنائے جا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 70

والے مرکزی جلوسوں کے مکمل روٹس کا وزٹ کیا۔ افسران نے جلوسوں※ امام بارگاہوں کے سیکیورٹی و دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ افسران نے حساس پوائنٹس※ داخلی اور خارجی راستوں※ چھت ڈیوٹی پوائنٹس کا جائزہ لیا۔ افسران نے منتظمین سے ملاقات کی※ سیکیورٹی و دیگر انتظامات کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈی پی او عبداللہ احمد اور ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا کا کہنا تھا کہ محرم الحرام کے موقع پر امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کے لیے تمام تر ضروری اقدامات کیے گئے ہیں۔ جلوسوں پر سیکیورٹی پلان کیمطابق فور لیئر سیکیورٹی انتظامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ محرم الحرام کے حوالے سے حکومتی ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے امن و امان برقرار رکھا جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ مذہبی رواداری اور ہم آہنگی امن و امان کے قیام اور ملکی سالمیت کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ تمام مکاتب فکر ایک دوسرے کا احترام کریں اور ہم آہنگی کو فروغ دیں۔

بقیہ بقیہ جات 71

پروف سیکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں۔ ضلع بھر میں 9 سو سے زائد پولیس افسران و جوان سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دیں گے۔ تمام پروگرامز کی سی سی ٹی وی کیمروں سے مانیٹرنگ ہو گی۔ جلوسوں، مجالس کی مانیٹرنگ کیلئے کنٹرول روم قائم کر دیا گیا ہے۔ مجالس اور جلوسوں پر فور لیئر سیکیورٹی انتظامات کیے گئے ہیں۔ اہم پوائنٹس پر چھتوں پر مسلح جوان تعینات کئے گئے ہیں۔ اہم جلوسوں پر ایلیٹ فورس کی نفری تعینات ہو گی۔ محرم الحرام کے دوران حکومتی ضابطہ اخلاق پر عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے امن و امان کے قیام اور عزاداروں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔ محرم الحرام کے دوران مذہبی رواداری اور ہم آہنگی امن و امان کے قیام اور ملکی سالمیت کیلئے انتہائی ضروری ہے۔ تمام مسالک ایک دوسرے کا احترام کریں اور ہم آہنگی کو فروغ دیتے ہوئے فرقہ واریت سے بچیں۔ مذہبی منافرت پھیلانے والے شرپسند کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں اور ایسے جرائم میں ملوث افراد کیخلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ قانون پسند شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے سیکیورٹی پر تعینات پولیس اہلکاروں کے ساتھ تعاون کریں۔

بقیہ بقیہ جات 72

1600 گرام چرس برآمد ہوئی، سٹی پولیس آفیسر گوجرانوالہ محمد ایاز سلیم کا کہنا ہے کہ محکمہ کی بدنامی کا باعث بننے والے ملازمین کے لیے محکمہ پولیس میں کوئی جگہ نہیں ہے، منشیات فروش اور منشیات فروشی میں مدد فراہم کرنے والے پولیس اہلکاروں کو عبرت کا نشان بنایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 73

لیے جدوجہد کریں اور دشمنان پاکستان پر گہری نظر رکھیں۔ جو امن و امان کو سبوتاژ کرتے ہیں اور خوف و دہشت پھیلاتے ہیں۔ پاکستان کی تمام سکورٹی ایجنسیز کا احترام ہم پر لازم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دینی مدارس پاکستان میں قیام امن کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے اور دینی تعلیم کے فروغ میں ان کا کردار مثالی ہے اور لاکھوں طلبہ اور طالبات کو زیور تعلیم سے آراستہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا وفاق المدارس السلفیہ نے تعلیم و تربیت اور کردار سازی کے عظیم ادارے قائم کئے جہاں سے باعمل مسلمان فارغ التحصیل ہو کر اسلام، پاکستان اور عوام کی خدمت کر رہے ہیں، یہ طلبا بھی انہی عظیم سپوتوں میں سے ایک ہیں انہوں نے کہا کہ حفاظ کے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے لیے جامعہ سلفیہ میں حفظ قرآن کے مقابلے ہوئے ہیں۔ ان کو لاکھوں روپے کے انعامات دیے گئے۔ سعودی سفیر کے نمائندہ خصوصی الشیخ یحییٰ بن علی السفیانی نے کہا سعودی عرب ہمیشہ پاکستان کے ساتھ کھڑا ہے۔ پاکستانی قوم سعودی عرب سے بہت محبت کرتی ہے انہوں نے کہا جامعہ سلفیہ طلباء اور پرنسپل کو آج کی کامیاب تقریب پر مبارکباد پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنی انتھک محنت سے مقابلوں کا کامیاب انعقاد کیا انہوں نے مزید کہا کہ مقابلہ جات کسی انسان کی کردار سازی، قائدانہ صلاحیتوں اور اہداف کے تعین میں مددگار ثابت ہوتے ہیں مقابلہ جات بچوں میں اخلاقیات، نظم و ضبط اور ذمہ داری کا احساس پیدا کرتا ہیں۔

بعدالت جناب ثالثی کونسل میونسپل کارپوریشن فیروزوالہ تحصیل فیروزوالہ ضلع شیخوپورہ

عنوان ڈگری تنسیخ نکاح

مسماۃ: ذوالفقار علی حبیب دختر محمد شفیق

پتہ: مکان نمبر 69 محلہ فیروزپور روڈ لاہور

بنام

مسمی: سہاء، ولد عبدالقیوم

پتہ: مکان نمبر 13 محلہ حنیف پارک حیدر روڈ شیر فیروزوالہ باعنوان بالا مقدمہ ضمن میں ذوالفقار علی حبیب کو نوٹس جاری کیے گئے ہیں مگر آپ عدالت حاضر نہ ہوئے لہٰذا آخری نوٹس بذریعہ اخبار مورخہ 16-07-2024 دیا جا رہا ہے مقررہ تاریخ پر عدالت ہذا حاضر نہ ہونے کی صورت میں یک طرفہ کارروائی عمل میں لاتے ہوئے طلاق سرٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا۔

بجلی کے بھاری بل ادا کرنے کیلئے عوام گھروں کا سامان بیچنے پر مجبور ہے

ضیاء الدین انصاری

بجلی کا بل نہیں بلکہ بھتے کی پرچی ہے جو ہر ماہ عوام کے گھروں میں بھیجی جاتی ہے، ظالم حکمران آئی ایم ایف کی ایماء پر عوام پر مہنگائی کے بم گرار ہے ہیں جو منظور نہیں۔

مہنگی بجلی کے خلاف کاروباری طبقہ، مزدور اور کسان چیخ و پکار کر رہے مگر حکومت ٹس سے مس نہیں ہورہی، مہنگی بجلی اور بھاری ٹیکسز کے خلاف ملتان چونگی روڈ پر احتجاجی مظاہرے سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ بجلی کے ظالمانہ بل ادا کرنے کیلئے عوام گھروں کا سامان بیچنے پر مجبور ہے۔ عام آدمی بجلی کے بھاری بل ادا کرے یا بچوں کا پیٹ کا پالے۔ لوگ بلوں کی ادائیگی کیلئے گھریلو سامان، زیورات تک بیچ رہے ہیں۔ ظالم حکمران آئی ایم ایف کی ایماء پر عوام پر مہنگائی کے بم گرار ہے ہیں جو منظور نہیں۔ مہنگی بجلی کے خلاف کاروباری طبقہ، مزدور اور کسان چیخ و پکار کر رہے ہیں مگر حکومت ٹس سے مس نہیں ہورہی۔ اگر عوام کو بجلی کے بھاری بلوں سے نجات چاہیے تو جماعت اسلامی کا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35

گیس چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن

پنجاب، کے پی اور اسلام آباد میں مزید 29 گیس کنکشن منقطع، 6 لاکھ کے جرمانے

لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 کنکشنز منقطع اور 1 لاکھ 20 ہزار روپے کے جرمانے، ملتان میں غیر قانون استعمال پر 12، کمپریسر کے استعمال پر 2 کنکشنز منقطع کیے گئے

فیصل آباد میں غیر قانونی استعمال پر 3 کنکشنز منقطع اور 40 ہزار روپے کے جرمانے، بہاولپور میں غیر قانونی استعمال پر 3 اور کمپریسر کے استعمال پر 2 کنکشنز منقطع کیے گئے

لاہور (این این آئی) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ نے گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں 29 غیر قانونی گیس کنکشن منقطع کردیے اور 6 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے۔ لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 کنکشنز منقطع اور 1 لاکھ 20 ہزار روپے کے جرمانے، ملتان میں غیر قانون استعمال پر 12، کمپریسر کے استعمال پر 2 کنکشنز منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں غیر قانونی استعمال پر 3 کنکشنز منقطع اور 40 ہزار روپے کے جرمانے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36

لاہور، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری مہنگی بجلی اور بھاری ٹیکسز کے خلاف احتجاج کی قیادت کررہے ہیں

پی آئی اے نے لاہور سے کوئٹہ کیلئے پروازوں کی تعداد میں اضافہ

لاہور سے کوئٹہ کیلئے ہفتہ وار تین پروازیں آپریٹ کرنے کا اعلان

لاہور (این این آئی) قومی ائیرلائنز کی جانب سے لاہور سے کوئٹہ کیلئے پروازوں کی تعداد میں اضافہ کردیا گیا۔ پی آئی اے نے لاہور سے کوئٹہ کیلئے ہفتہ وار تین پروازیں آپریٹ کرنے کا اعلان کیا ہے، لاہور سے کوئٹہ کیلئے ہر منگل، جمعہ اور اتوار کو پروازیں چلائی جائیں گی۔ اتوار کو پہلی پرواز 28 جولائی سے شروع ہوگی۔ لاہور سے کوئٹہ کم از کم کرایہ 22 ہزار 700 روپے مقرر کیا گیا ہے۔ اس سے قبل لاہور سے کوئٹہ ہفتہ وار دو پروازیں آپریٹ کی جاتی تھیں۔

دکھی انسانیت کی خدمت کرنا عبادت سے کم نہیں ہے، ڈاکٹر محمد رحمان مقصود

ڈاکٹرز اور دیگر پیرامیڈیکس سٹاف کی حاضری کو یقینی بنایا جارہا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایم ایس سٹی ہسپتال جھنگ ڈاکٹر محمد رحمان مقصود نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنا عبادت سے کم نہیں ہے ڈاکٹرز اور دیگر پیرامیڈیکس سٹاف کی حاضری کو یقینی بنایا جارہا ہے حکومت پنجاب کی طرف سے مفت ادویات ودیگر مہیا کردہ طبی سہولیات مریضوں کو فراہم کرنے کے لیے دن رات کوشاں ہیں گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی ہدایات پر سٹی ہسپتال میں سپیشلسٹ سرجن، ڈینٹل سرجن، میڈیکل آفیسرز میل، ویمن میڈیکل آفیسر، نرسز، ڈسپنسرز مریضوں کی دیکھ بھال اور شفایاب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھتے ہی مہنگائی کا طوفاں برپا ہوگیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھتے ہی مہنگائی کا طوفاں برپا ہوگیا، دکانداروں نے گھی، چینی، دالیں، میدہ اور آٹے سمیت تمام اشیا خورونوش کی قیمتوں میں ایک بار پھر سے خود ساختہ اضافہ کر دیا۔ صارفین حکمرانوں کے خلاف سراپا احتجاج، چیف جسٹس آف پاکستان سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق جیسے ہی پٹرول ڈیزل کی قیمتوں میں وزیرخزانہ نے اضافہ کیا۔ اس کے ساتھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37

محرم الحرام کا مہینہ ہمیں ایثار وقربانی کا درس دیتا ہے، پیر محمد ابراہیم سیالوی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بین المذاہب امن کمیٹی پاکستان کے چیئرمین پیر محمد ابراہیم سیالوی نے محرم الحرام کے سلسلہ میں اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ محرم الحرام کا مہینہ ہمیں ایثار وقربانی کا درس دیتا ہے اس ماہ مقدس میں نواسہ رسول ﷺ امام عالی مقام حضرت امام حسین اور ان کے دیگر رفقا کی شہادت کے ایام ہیں ہمیں اس ماہ مقدس میں آخوت اور بھائی چارے کی فضا کو برقرار رکھنا چاہیے اپنے مسلک پر قائم رہتے ہوئے کسی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39

نوجوان نسل کو امام حسینؓ اور ان کے ساتھیوں جیسا کردار اپنانا ہوگا' پاکستان سنی تحریک

امام حسینؓ جیسا قائد نہ پہلے کوئی تھا اور نہ ان کے بعد کوئی آئے گا' علامہ شیر محمد مجتبائی ودیگر کا خطاب

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک لاہور ڈویژن کے زیر اہتمام رانا ٹاؤن میں ذکر امام حسین رضی اللہ عنہ کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس سے مولانا علامہ مجاہد عبدالرسول، قاری شفاقت علی ہمدمی، نوید قادری، جمشید قاسمی، محمد عمران قادری، قاری محمد منشاء فاروقی، پیر افتخار بھولا، قاری محمد نثار، قاری محمد ناصر، قاری محمد سلامت، مولانا محمد یوسف شاہ، قاری غلام فرید، مولانا عبدالرشید حقانی، مولانا برہان حیدر شاہ، مولانا اویس مرتضی، محمد آصف خان اور علامہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40

چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی گجرات کا پہلا اجلاس

صوبائی وزیر صنعت وتجارت کا گجرات میں چڑیا گھر اور ڈنگہ میں عالمی معیار کا اسٹیڈیم بنانے کا اعلان

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے ڈپٹی کمشنر کمپلیکس گجرات میں ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کی جس میں سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت جاری اور نئی سکیموں پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گجرات میں 400 ایکڑ رقبے پر نئی انڈسٹریل اسٹیٹ بنے گی، شہر میں عالمی معیار کا سیورج

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41

صوبائی وزیر چوہدری شافع ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی گجرات کے پہلے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں قائم بیکریوں اور انکے کارخانوں میں صفائی ستھرائی کا معیار انتہائی ناقص

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں قائم بیکریوں اور انکے کارخانوں میں صفائی ستھرائی کا معیار انتہائی ناقص، جبکہ مٹھائی اور بیکری مصنوعات کی تیاری میں معیاری گھی، چینی کی جگہ کیمیکل وغیرہ استعمال کرنے سے شہریوں میں بیماریاں پھیلنے کا سبب بن رہی ہیں، مٹھائی یا بیکری کی مصنوعات پر مدت استعمال کی تاریخ بھی درج نہیں کی جاتی، استفسار پر شہریوں کو بیکری مالکان کی طرف سے کھری کھری سنادی جاتی ہیں، پنجاب فوڈ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42

جہلم سرکاری ملازمت حاصل کرنے کیلئے ڈاکٹرز کا تحریری امتحان لینے کا حتمی فیصلہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سرکاری ملازمت حاصل کرنے کیلئے ڈاکٹرز کا تحریری امتحان لینے کا حتمی فیصلہ، پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے ڈاکٹرز کی مستقل بھرتی کیلئے ٹیسٹ لیا جائے گا، سرکاری ملازمت حاصل کرنے کیلئے ڈاکٹرز کا بھی تحریری امتحان لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے ڈاکٹرز کی مستقل بھرتی کیلئے ٹیسٹ لیا جائے گا۔ پبلک سروس کمیشن نے 900 ڈاکٹرز کی بھرتی کا عمل شروع کر دیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43

سیالکوٹ، صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ، ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین اور ڈی پی او حسن اقبال کے ہمراہ تالاب بابے کی بیر کی واگزار کروائی گئی اراضی کا معائنہ کررہے ہیں

صوبہ بھر میں اقلیتی عبادت گاہوں کی زمینوں پر قبضے ختم کرائیں گے، رمیش سنگھ اروڑہ

آئین پاکستان وطن عزیز میں بسنے والی اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی اور حقوق کا ضامن ہے

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید) صوبائی وزیر اقلیتی امور/ پردھان پاکستان سکھ گوردوارہ پربندھک کمیٹی سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صوبہ میں اقلیتی عبادت گاہوں کے زمینوں کو ناجائز قابضین سے واگزار کروایا جارہا ہے۔ آئین پاکستان وطن عزیز میں بسنے والی اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی اور حقوق کا ضامن ہے۔ گردوارہ بابے دے بیری کے تالاب پر 77 سال سے قبضہ مافیا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44

سرکاری ہسپتالوں سے ادویات چوری کرکے فروخت کرنے والا گروہ پکڑا گیا

ملزمان سرکاری ادویات کو کراچی، پشاور، ملتان اور راولپنڈی میں فروخت کرتے تھے

لاہور (این این آئی) لاہور کے سرکاری ہسپتالوں سے ادویات چوری کرکے فروخت کرنے والا گروہ پکڑا گیا، چوہنگی امرسدھو میں سی آئی اے اور کوٹ لکھپت پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے سرکاری ہسپتالوں کے ملازمین سمیت 7 ملزمان گرفتار کرلیا۔ گرفتار ملزمان نے پاک میڈیکو کے نام سے کمپنی بنا رکھی تھی، ملزمان سرکاری ادویات کو کراچی، پشاور، ملتان اور راولپنڈی میں فروخت کرتے تھے۔ ملزمان چلڈرن ہسپتال، یکی گیٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45

امام حسینؓ خلافتِ راشدہ کی سوچ کے وارث تھے' سنی علماء کونسل

نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا امام حسینؓ مجھ سے اور میں حسینؓ سے ہوں' مولانا حافظ حسین احمد

حضرت امام حسین کا مقصد جنگ کرنا تھا نہ حکومت کی باگ ڈور اپنے ہاتھ میں لینا

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ امام حسینؓ خلافتِ راشدہ کی سوچ کے وارث تھے، واقعہ کربلا حق اور باطل کا ایسا معرکہ ہے جس کی مثال اسلام تو کیا انسانیت کی تاریخ میں بھی نہیں ملتی، نبی کریم ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ امام حسینؓ مجھ سے اور میں حسینؓ سے ہوں۔ اپنے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49

انتخابی دھاندلی کے خلاف جدوجہد منطقی انجام تک پہنچائیں گے' جے یو آئی

عوام نے الیکشن میں جے یو آئی کو بھاری مینڈیٹ دیکر اپنے اعتماد کا اظہار کیا

جے یو آئی کے مینڈیٹ پر شب خون مار گیا، پاکستان کا مستقبل اسلامی انقلاب ہے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48

جسٹس عالیہ نیلم کی چیف جسٹس ہائیکورٹ تعیناتی کا خیر مقدم کرتے ہیں' پنجاب بار کونسل

امید ہے تعطل کا شکار بنچ اور بار کے تعلقات کو بحال کرنے میں اپنا مثبت کردار ادا کریں گی

چیف جسٹس عدالتوں کی تقسیم کے معاملے کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرائیں' وائس چیئرمین کامران بشیر مغل

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین کامران بشیر مغل نے کہا ہے کہ جسٹس عالیہ نیلم کی بطور چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ تعیناتی کا بھرپور خیر مقدم کرتے ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ وہ گزشتہ کئی مہینوں سے تعطل کا شکار بنچ اور بار کے تعلقات کو بحال کرنے میں اپنا مثبت کردار ادا کریں گی، وکلاء عدالتوں کی تقسیم کے متنازعہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47

سول ایوی ایشن اتھارٹی کا اہم شعبہ ایڈہاک پر، ترقیاں نہیں ہوسکیں

ایئر ٹریفک کنٹرولر 3 سال سے ترقیوں سے محروم ہے

تین سال گزرنے کے باوجود ایئر ٹریفک کنٹرولر کی ترقیاں نہیں ہوسکیں، ذرائع

کراچی (این این آئی) سول ایوی ایشن اتھارٹی کا اہم شعبہ ایئر ٹریفک کنٹرولر ایڈہاک پر چل رہا ہے، جسے ترقیوں سے محروم رکھا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سی اے اے کے اہم شعبے میں افسران ایڈہاک پر اپنے فرائض انجام دے رہے ہیں، اور ایکٹنگ چارج پر کام لیا جارہا ہے جو ایوی ایشن قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46

لاہور، جنرل ہسپتال شعبہ سکن میں تقریب کے شرکا کا پروفیسر زاہدہ رانی اور اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر سعدیہ صدیقی کے ہمراہ گروپ فوٹو

غیر معیاری کریمیں اور لوشن بھی جلدی امراض کا سبب بن رہے ہیں' ڈاکٹر سعدیہ صدیقی

انسانی جلد کی صحت کیلئے ضروری ہے لوگ سبزیاں اور پانی کا استعمال زیادہ کریں: طبی ماہرین

ڈاکٹر سعدیہ صدیقی کا لاہور جنرل ہسپتال میں جلد کی صحت کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) دنیا بھر میں جلدی امراض کی تقریباً تین ہزار اقسام پائی جاتی ہیں، جن میں سے اکثریت قابل علاج ہیں لہذا امراض جلد میں مبتلا کسی مریض سے امتیازی سلوک نہ برتا جائے اور اسے آئسولیشن میں رکھنے کی ضرورت نہیں ہوتی بلکہ اس کے ساتھ شفقت سے پیش آیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار پروفیسر آف ڈرماٹالوجی ڈاکٹر زاہدہ رانی اور اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر سعدیہ صدیقی نے لاہور جنرل ہسپتال میں جلد کی صحت کے عالمی دن کی مناسبت سے منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ڈاکٹرز، نرسز اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53

مصطفی آباد میں پولیس مقابلہ، انتہائی خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

زخمی ڈاکو قصور لاہور میں ڈکیتی اور راہزنی کے 48 مقدمات میں ملوث نکلا

مصطفی آباد (نامہ نگار) تھانہ مصطفیٰ آباد کے علاوہ میں پولیس مقابلہ محمد نعیم نامی شہری نے 15 پر پولیس کو اطلاع دی کہ 02 ڈاکو نقدی 20 ہزار روپے چھین کر سرہالی کلاں کی جانب فرار ہو گئے ہیں تھانہ مصطفی آباد پولیس نے فوری ریسپونڈ کرتے ہوئے ملزمان کا تعاقب شروع کیا ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی کو دیکھ کر مختلف اطراف سے سیدھی فائرنگ شروع کردی ڈاکوؤں کی اپنی فائرنگ سے ایک ڈاکو زخمی ہوگیا جس کو گرفتار کرلیا گیا، چھینی گئی رقم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54

فیصل آباد، میونسپل کارپوریشن کے زیر اہتمام چیف آفیسر محمد زبیر وٹو محرم جلوسوں کے شرکا کے لئے شربت کی سبیل پر انتظامات چیک کررہے ہیں

ضلع بھر کے تمام جلوس ومجالس امن وامان کے ساتھ جاری ہیں، ڈپٹی کمشنر محمد عمیر

جھنگ پولیس ہر طرح کے چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے، جاوید اقبال چدھڑ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او محمد راشد ہدایت نے کہا ہے کہ ضلع بھر کے تمام جلوس ومجالس امن و امان کے ساتھ جاری ہیں، جھنگ پولیس ہر طرح کے چیلنج سے نمٹنے کی بھرپور صلاحیت رکھتی ہے اور شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر محمد عمیر اور ایس پی انوسٹی گیشن جاوید اقبال چدھڑ کے ہمراہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57

محرم الحرام کے حوالے سے وزیر لوکل گورنمنٹ ذیشان رفیق نے ڈسٹرکٹ جھنگ کا دورہ

وزیر لوکل گورنمنٹ کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی سے بھی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) محرم الحرام کے حوالے سے وزیر لوکل گورنمنٹ ذیشان رفیق نے ڈسٹرکٹ جھنگ کا دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر آفس میں منعقدہ میٹنگ میں ڈی پی او محمد راشد ہدایت اور ڈپٹی کمشنر محمد عمیر نے محرم الحرام میں سکیورٹی اور انتظامی اقدامات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ وزیر لوکل گورنمنٹ کی زیر صدارت ضلعی امن کمیٹی سے بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58

زرعی صارفین کیلئے بجلی کا ٹیرف 46 روپے 83 پیسے تک پہنچ جانا تشویش کا باعث ہے' ہمایوں اختر

حکومت نوجوانوں کو آئی ٹی کی تعلیم سمیت ہنر سکھانے کیلئے دیہی علاقوں پر بھی توجہ مرکوز کرے' سابق وفاقی وزیر

فیصل آباد/ کاندلیانوالہ (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ زرعی صارفین کیلئے بجلی کا ٹیرف 46 روپے 83 پیسے تک پہنچ جانا تشویش کا باعث ہے اور اس سے کسان کی کمر ٹوٹ جائے گی، بجرف بیان بازی پر اکتفا نہ کیا جائے اب زرعی ٹیوب ویلوں کو سولر پر منتقل کرنے کیلئے عملی پیشرفت ناگزیر ہوچکی ہے، حکومت نوجوانوں کو آئی ٹی کی تعلیم سمیت ہنر سکھانے کیلئے دیہی علاقوں پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60

گوجرانوالہ، ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی ٹیوٹا گوجرانوالہ میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے تحت نوجوانوں کو تکنیکی اور فنی تعلیم وتربیت کے حوالے سے نئے کورسز کے اجرا بارے جائزہ لینے کے بعد ٹیوٹا حکام سے بریفنگ لے رہے ہیں

ٹریفک کے مختلف حادثات میں آٹھ خواتین سمیت بائیس افراد شدید زخمی ہوگئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ٹریفک کے مختلف حادثات میں آٹھ خواتین سمیت بائیس افراد شدید زخمی ہوگئے تفصیلات کے مطابق ضلع بھر میں ٹریفک کے مختلف حادثات وواقعات میں بائیس افراد زخمی ہوگئے زخمی ہونے والوں میں آٹھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50

نارنگ منڈی محلہ مظفر آباد میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے بیوی پر فائرنگ کردی 36 سالہ گلشن شدید زخمی

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ منڈی محلہ مظفر آباد میں گھریلو ناچاقی پر شوہر نے بیوی پر فائرنگ کردی 36 سالہ گلشن شدید زخمی ہسپتال منتقل بتایا گیا ہے کہ اختر حسین کا بیوی گلشن کے ساتھ اکثر جھگڑا رہتا تھا گزشتہ روز جھگڑا طول پکڑ گیا جس پر طیش میں آکر شوہر نے فائرنگ کرکے شدید زخمی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55

محلہ رفیق آباد میں 30 سالہ قیصر نے زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا خاتمہ کرلیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) محلہ رفیق آباد میں 30 سالہ قیصر نے زہریلی گولیاں کھا کر زندگی کا خاتمہ کرلیا ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے بتایا گیا ہے کہ محلہ رفیق آباد کا رہائشی قیصر جو کہ ساہیوال اپنے عزیزوں کے پاس رہتا تھا چند روز قبل اپنے گھر نارنگ آیا کہ گھریلو ناچاقی پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56

اسلام کی آبیاری کے لئے شہداء کربلا کی قربانیوں کو تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، مرزا عبدالباسط ایڈووکیٹ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) معروف سماجی شخصیت مرزا عبدالباسط ایڈووکیٹ اور زوار سید نوروز زیدی نے کہا کہ واقعہ کربلا سے ہمیں یہ درس ملتا ہے کہ اسلام کی سربلندی کے لئے ہمیں اپنی جان بھی قربان کرنا پڑے تو دریغ نہ کریں انہوں نے کہا کہ اسلام کی آبیاری کے لئے شہداء کربلا کی قربانیوں کو تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا حضرت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59

ہمیں ذکر حسینؓ کے ساتھ فکر حسینؓ ومشن حسینؓ کو بھی اپنانا ہوگا' قاری اعظم حسین

امام حسینؓ کی شہادت کا پیغام یہ ہے کہ باطل اور برائی کی قوتوں سے سمجھوتہ ممکن نہیں' رہنما جے یو آئی

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر ومرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ ہمیں ذکر حسینؓ کیساتھ فکر حسینؓ ومشن حسینؓ کو بھی اپنانا ہوگا، امام حسینؓ حق وصداقت کے علمبردار اور اسلام کے ہیرو ہیں جنہوں نے اسلام کیلئے سب کچھ قربان کردیا، امام حسینؓ کی شہادت کا پیغام یہ ہے کہ باطل اور برائی کی قوتوں سے سمجھوتہ ممکن نہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51

اوکاڑہ، رانا باسط ضلعی صدر پاکستان فلور ملز ایسوسی ایشن عہدیداران کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

صارفین کی خدمت کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہیں، مدثر علی شیخ

صارفین کے مسائل ان کی دہلیز پر پہنچانے کے لیے ہر سب ڈویژن میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جارہا

جھنگ (بیورو رپورٹ) ایس ای فیسکو جھنگ سرکل مدثر علی شیخ نے کہا کہ صارفین کی خدمت کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہیں صارفین کے مسائل ان کی دہلیز پر پہنچانے کے لیے ہر سب ڈویژن میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا جارہا ہے گزشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ منسٹر پاور ڈویژن، سیکرٹری پاور ڈویژن اور چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 65

تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے اجلاس طلب کرکے ملز مالکان کو طلب

فلور ملز ایسوسی ایشن کے تمام جائز مطالبات کو حکومت پنجاب تک پہنچایا جارہا ہے، ڈپٹی کمشنر

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان اور کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی کی ہدایات کی روشنی میں ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز نے اجلاس طلب کرکے ملز مالکان کو طلب کرلیا ہے اسی ضمن میں ڈی سی دفتر میں منعقدہ اجلاس میں اس امر کا اظہار کیا گیا کہ ضلعی انتظامیہ گوجرانوالہ فلور ملز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64

فلاحی مرکز ریلوے ڈسپنسری اور فلاحی مرکز رکھ کیکر انوالی میں فیملی ہیلتھ ڈے کا انعقاد

90 سے زائد کلائنٹس کو آئی یو سی ڈی انجکشن اور دیگر 30 کلائنٹس کو فیملی پلاننگ کی سہولیات فراہم کی گئیں

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ڈسٹرکٹ پاپولیشن ویلفیئر آفس گوجرانوالہ اور گرین سٹار TC-1 کے باہمی اشتراک سے فلاحی مرکز ریلوے ڈسپنسری اور فلاحی مرکز رکھ کیکر انوالی میں فیملی ہیلتھ ڈے کا انعقاد کیا گیا جس میں 90 سے زائد کلائنٹس کو آئی یو سی ڈی انجکشن اور دیگر 30 کلائنٹس کو فیملی پلاننگ کی سہولیات فراہم کی گئیں۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63

محرم الحرام کا مہینہ اہل اسلام کیلئے غم کا مہینہ ہے مفتی محمد نوید اقبال

امام حسین رضی اللہ عنہ نے کربلا میں صرف اپنی جان ہی کا نذرانہ پیش نہیں کیا بلکہ پورے خاندان کی قربانی پیش کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) کربلا کے میدان میں حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خاندان اور ان کے رفقاء نے جو قربانیاں دیں تاریخ اسلام میں قیامت تک ان کی مثال نہیں مل سکتی علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی تفصیلات کے مطابق جامع مسجد خضراء المعروف مسجد شیخاں کے خطیب علامہ مفتی محمد نوید اقبال چشتی نے گفتگو کرتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62

حکومت پنجاب نے ٹیوٹا کے ذریعے مزید نئے کورسز کا آغاز کردیا ہے، عدنان افضل چٹھہ

مدارس کے طلباء کے لیے کم از کم 1 فنی کورس لازمی کروایا جائے گا

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے تحت نوجوان کو با اختیار بنانے، روزگار کے موقع فراہم کرنے اور معاشی انہیں طور پر مستحکم کرنے کے لیے حکومت پنجاب نے ٹیوٹا کے ذریعے مزید نئے کورسز کا آغاز کر دیا ہے جس میں سولر ٹیکنالوجی، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور دیگر نئے کورسز شامل ہیں۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61

ڈونلڈ ٹرمپ کے لیے دعا گو ہیں، امریکی سیاسی رہنما

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر دوران ریلی حملے کے بعد امریکی سینیٹرز اور سیاسی رہنماؤں نے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نائب صدر کاملا ہیرس نے کہا کہ یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ ڈونلڈ ٹرمپ شدید زخمی نہیں ہوئے۔ کاملا ہیرس نے کہا کہ فائرنگ کے واقعے میں زخمی ہونے والے افراد کے اہل خانہ کے لیے بھی دعا گو ہیں۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداداللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ایاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

ننکانہ صاحب، 6 محرم الحرام کے سلسلہ میں ہونے والی مجلس عزا کی تصویری جھلکیاں

محرم الحرام کی مناسبت سے جلوس کے شرکاء کے لئے شربت کی سبیلوں پر انتظامات کی نگرانی جاری

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محرم الحرام کی مناسبت سے جلوس کے شرکاء کے لئے شربت کی سبیلوں پر انتظامات کی نگرانی کی جارہی ہے۔ چیف آفیسر زبیر وٹو نے چوک گھنٹہ گھر اور امین پور بازار پارکنگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52

عشرہ محرم الحرام کا ساتواں روز: لاہور سمیت صوبہ بھر میں پنجاب پولیس ہائی الرٹ

پنجاب بھر میں 3803 مجالس اور 1375 جلوسوں کے سکیورٹی فرائض 56 ہزار 800 سے زائد افسران واہلکاروں نے سرانجام دیئے

صوبائی دارالحکومت میں آج 98 جلوس برآمد، 424 مجالس منعقد ہوئیں جبکہ 45 اے کیٹیگری مجالس شامل تھیں۔ ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر عشرہ محرم الحرام کے ساتویں روز لاہور سمیت صوبہ بھر میں پنجاب پولیس کی ٹیمیں ہائی الرٹ رہیں، عزاداری جلوسوں اور مجالس کے سکیورٹی فرائض پولیس ٹیموں نے ہائی الرٹ ہو کر سرانجام دیئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ ساتویں محرم کو لاہور سمیت پنجاب بھر میں 3803 مجالس منعقد اور 1375 عزاداری جلوس برآمد ہوئے جن کے سکیورٹی پر 56 ہزار 800 سے زائد پولیس افسران و اہلکاروں نے سر انجام دیئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 66

جہلم پولیس کا منشیات فروش ملزمان کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری

02 منشیات فروش ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پولیس کا منشیات فروش ملزمان کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری، 02 منشیات فروش ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات برآمد، تھانہ سٹی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 02 منشیات فروش ملزمان جمشید اور صداقت علی کو گرفتار کر لیا، ملزم جمشید سے 620 گرام ہیروئن اور ملزم صداقت سے 520 گرام ہیروئن برآمد کرلی گئی، ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت الگ الگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67

سات محرم شہزادہ قاسم کی یاد میں مرکزی جلوس برف کارخانہ روڈ سے برآمد ہوگیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سات محرم شہزادہ قاسم کی یاد میں مرکزی جلوس برف کارخانہ روڈ سے برآمد ہوگیا سکیورٹی کے سخت ترین انتظامات 7 محرم الحرام کا سب سے بڑا قدیمی جلوس برف کارخانہ روڈ سے برآمد ہوا، اس موقع پر نوحہ خوانی زنجیر زنی اور ماتم داری بھی کی گئی جبکہ ذوالجناح اور تعزیہ بھی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد اور ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے رجوعہ، بھوانہ اور لالیاں کے اہم جلوسوں کے روٹس کا وزٹ کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد اور ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے رجوعہ، بھوانہ اور لالیاں کے اہم جلوسوں کے روٹس کا وزٹ کیا۔ اس موقع پر دیگر الائیڈ ڈیپارٹمنٹس کے افسران منتظمین لائسنداران بھی موجود تھے۔ افسران نے محرم الحرام کے دوران برآمد ہونے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70

چنیوٹ پولیس کی جانب سے 8 محرم الحرام کے جلوسوں، مجالس کے سکیورٹی انتظامات مکمل کرلئے گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) چنیوٹ پولیس کی جانب سے 8 محرم الحرام کے جلوسوں، مجالس کے سکیورٹی انتظامات مکمل کرلئے گئے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد نے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ آٹھ محرم الحرام کو ضلع بھر میں 23 جلوس نکالے جائیں گے اور 73 مجالس کا انعقاد ہوگا۔ پولیس کی جانب سے تمام پروگرامز پر فول

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71

سیالکوٹ، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ پنجاب بلال اکبر خان، کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی، اراکین صوبائی اسمبلی منشااللہ بٹ، چوہدری طارق سبحانی، اور چوہدری فیصل اکرام، ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین اور ڈی پی او حسن اقبال محرم الحرام کی سکیورٹی وانتظامی امور کا جائزہ لینے کے سلسلہ میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

مجالس وجلوسوں کی سکیورٹی کے لئے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں، بلال اکبر خان

کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کے ہمراہ سیالکوٹ کے دورہ کے موقع پر گفتگو

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف) صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ بلال اکبر خان نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع سیالکوٹ میں عاشورہ کے دوران مجالس وجلوسوں کی سکیورٹی کے لئے تمام تر انتظامات مکمل کرلئے گئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69

سی پی او گوجرانوالہ محمد ایاز سلیم کا فوری ایکشن

منشیات فروشی میں ملوث انچارج چوکی اور کانسٹیبلان گرفتار

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) جنڈیالہ باغ والا چوکی انچارج اپنے دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ چرس بیچتے ہوئے رنگے ہاتھوں پکڑا گیا، سٹی پولیس آفیسر گوجرانوالہ نے فوری کارروائی کا حکم دیتے ہوئے پولیس ملازمین کو گرفتار کروا کر تھانہ صدر گوجرانوالہ کی حوالات میں بند کروا دیا اور مقدمہ بھی درج کروا دیا، انچارج چوکی جنڈیالہ باغ والا سب انسپکٹر عرفان محمود، کانسٹیبلان دلشاد، قمر اور 01 کس پرائیویٹ شخص مدثر سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72

سب کی اولین ذمہ داری ہے کہ ہم پاکستان کی بقاء اور سالمیت کے لیے جدوجہد کریں، چوہدری یاسین ظفر

وامن وامان کو سبوتاژ کرتے ہیں اور خوف ودہشت پھیلاتے ہیں۔ پاکستان کی تمام سکیورٹی ایجنسیز کا احترام ہم پر لازم ہے۔

فیصل آباد۔ (مسعود احمد بھٹہ) پرنسپل چوہدری محمد یاسین ظفر نے جامعہ سلفیہ میں منعقدہ مقابلہ حفظ القرآن کی تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا سب کی اولین ذمہ داری ہے کہ ہم پاکستان کی بقاء اور سالمیت کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 73

الحفل الكريم

فیصل آباد، جامعہ سلفیہ میں مقابلہ حفظ قرآن کریم کی تقریب تقسیم انعامات کے موقع پر پوزیشن ہولڈرز طلبہ کا سعودی سفیر کے نمائندہ خصوصی الاستاذ یحییٰ بن علی السفیانی، پروفیسر چوہدری محمد یاسین ظفر، حاجی محمد ارشد پاشا ودیگر کے ساتھ گروپ فوٹو